بسم اللہ الرحمن الرحیم نحمدہ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم و علیٰ عبدہ المسیح الموعود

معزز قارئین کرام

السلام علیکم ورحمۃ اللہ و برکاتہ۔

برادرم جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب نے اِمسال ''احمدیہ گزٹ یو ایس اے'' کے فروری کے شمارہ میں ایک مضمون بعنوان ''The Prophecy of the Musleh Maud'' شائع کیا تھا۔ فاضل مصنف نے اپنے مضمون میں مرزا بشیر الدین محمود احمد کے دعویٰ مصلح موعود کو سچا ثابت کرنے کیساتھ ساتھ کچھ دیگر مدعیان مصلح موعود کے ذکر میں ایک زندہ مدعی مصلح موعود کے طور پر اِس عاجز کا بھی ذکر فرمایا ہے۔ جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب کا یہ انگریزی مضمون اِنکے بہنوئی محترم مشتاق احمد ملک صاحب نے مورخہ اکیس(۲۱) فروری ۲۰۰۹ء کو میری طرف بھیجا اور مجھ سے فرمایا کہ میرے برادر نسبتی نے خلیفہ ثانی کے دعویٰ مصلح موعود کی صداقت میں یہ مضمون لکھا ہے۔ اور اِس مضمون میں اُنہوں نے آپ کا بھی ذکر کیا ہے۔ اگر تم اپنے دعویٰ (زکی غلام مسیح الزماں یعنی مصلح موعود) میں واقعی سچے ہو تو میرے برادر نسبتی کے مضمون کا جواب لکھیں تا کہ سچ اور جھوٹ میں فرق واضح ہو جائے۔ خاکسار نے جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب کے مضمون کا جواب لکھا اور اِس میں ثابت کیا ہے کہ جس وجود کو تم یا جماعت احمدیہ مصلح موعود ثابت کر رہے ہو وہ تو اِلہامی پیشگوئی مصلح موعود کے دائرہ بشارت ہی میں نہیں آتا۔ مورخہ ۲۲۔ جون ۲۰۰۹ء کو میں نے اپنا جوابی مضمون بذریعہ برادرم مشتاق احمد ملک صاحب جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب تک پہنچا دیا اور پھر وسط ستمبر ۲۰۰۹ء تک فاضل مصنف کی طرف سے جواب الجواب کا انتظار کیا۔ لیکن جواب ندارد۔ ناچار تیرہ (۱۳) ستمبر ۲۰۰۹ء کو میں نے مضمون نگار کو دوبارہ بطور یاددہانی ایک خط لکھا جو کہ قارئین ویب سائٹ کے (Letters) سیکشن میں پڑھ سکتے ہیں۔ اِس ریمائنڈر (reminder) خط میں ایک بار پھر اُن سے جواب کی درخواست کی گئی لیکن آج تک جواب ندارد۔ اِس سے ثابت ہوا کہ اِلہامی پیشگوئی مصلح موعود کے سلسلہ میں میرے جوابی مضمون کا نہ جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب کے پاس کوئی جواب ہے اور نہ ہی جماعت احمدیہ کے کسی عالم اور خلیفہ کے پاس۔ اگر اِنکے پاس کوئی جواب ہوتا تو یہ لوگ مجھے جواب ضرور دیتے۔ لہٰذا آج میں جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب کا مضمون ''The prophecy of the Musleh Maud'' اور اپنا جوابی مضمون!

پیشگوئی مصلح موعود کا جائزہ

اِسکے ''determinants'' یعنی فیصلہ کن اور حد بندی کرنیوالے عناصر کی روشنی میں

معزز قارئین کے آگے اور اُنکی عدالت میں رکھ رہا ہوں تا کہ اُنہیں ایک طرف تو ''پیشگوئی مصلح موعود کی حقیقت'' کا علم ہو جائے اور ثانیاً وہ اِس پر اپنا فیصلہ بھی صادر فرمائیں۔

معزز قارئین کرام! ایک اور بات یاد رکھیں کہ اگر کسی نبی یا ولی نے کوئی اِلہامی پیشگوئی فرمائی ہو تو اِس پیشگوئی کے مصداق کی صداقت کو ہمیں قرآن مجید اور پیشگوئی سے متعلقہ اِلہامات کی روشنی میں پرکھنا ہوگا۔ اگر کوئی مدعی قرآن مجید اور پیشگوئی سے متعلقہ اِلہامات کی روشنی میں اِس اِلہامی پیشگوئی کے ''دائرہ بشارت'' میں آجاتا ہے تو پھر ایسے مدعی کے دعویٰ کی سچائی کو پرکھنے کیلئے اُسکے پیش کردہ جملہ ثبوتوں پر بھی غور کیا جا سکتا ہے۔ لیکن اگر قرآن مجید اور اِلہامی پیشگوئی سے متعلقہ مبشر اِلہامات کسی مدعی کو اِس اِلہامی پیشگوئی کے دائرہ بشارت سے ہی خارج کر دیتے ہوں تو پھر ایسے مدعی کے پیش کردہ کارنامے اور ثبوت قابل غور نہیں ہو سکتے۔ کسی نئی بات یا کسی نئے خیال یا کسی نئے نظریہ کو کس طرح پرکھا جائے؟ اِس سلسلہ میں حضرت مہدی و مسیح موعودؑ ''غور و فکر کی نصیحت'' کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

''اصل بات یہ ہے کہ جب تک انسان کسی بات کو خالی الذہن ہو کر نہیں سوچتا اور تمام پہلوؤں پر توجہ نہیں کرتا اور غور سے نہیں سنتا۔ اس وقت تک پرانے خیالات نہیں چھوڑ سکتا۔ اس لیے جب آدمی کسی نئی بات کو سُنے تو اُسے یہ نہیں چاہیے کہ سُنتے ہی اُسکی مخالفت کیلئے تیار ہو جاوے بلکہ اُس کا فرض ہے کہ اُس کے سارے پہلوؤں پر پورا فکر کرے اور اِنصاف اور دیانت اور سب سے بڑھ کر خدا تعالےٰ کے خوف کو مدنظر رکھ کر تنہائی میں اِس پر سوچے۔'' (ملفوظات جلد چہارم صفحہ ۱ تا ۲)

اب آپ ذیل میں جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب کا انگریزی مضمون اور خاکسار کا جوابی مضمون (Article No-48) ملاحظہ فرمائیں اور حضورؑ کی نصیحت کی روشنی میں اِنصاف اور تقویٰ اور دیانتداری کیساتھ خود ہی فیصلہ کر لیں کہ کیا سچ ہے اور کیا جھوٹ؟؟؟؟؟

والسلام

عبدالغفار جنبہ / کیل۔ جرمنی

۲۵۔ اکتوبر ۲۰۰۹ء

THE PROPHECY OF THE MUSLEH MAU'OOD[ra] IN THE LIGHT OF ITS DETERMINANTS

Lutfur Rahman Mahmood

Background of the Prophecy

The prophecy of the Musleh Mau'ood[ra] is one of the prominent prophecies announced by the Promised Messiah[as] After forty days of seclusion for prayers, in Hoshiarpur, the prophecy was published on 20[th] February, 1886. The Promised Messiah[as] has referred to this prophecy in some of his books, pamphlets, and other pronouncements. It may be noted that this prophecy was announced a few years prior to his claim to be the awaited *Mahdi*, and the Promised Messiah. Even at that time he was recognized by the Muslim elite and masses as a successful champion of Islam. With reference to Hazoor's[as] well published invitation to show signs in support of the truthfulness of Islam, the Holy Qur'an, and the mission of the Holy Prophet[saw] ten representatives of the *Arya Samaj* Movement in Qadian, presented a written petition to Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad[as] to show them a similar sign within a year starting from September 1885. That letter can be perused in the first volume of the *Majmooa-e-Ishtiharaat,* pages 92-94. The Promised Messiah[as] accepted that request and conveyed to them his approval (see page 95-96 of the same collection). It appears that the *Arya Samajists* originally were genuine seekers after truth but later on Pundit Lekh Ram, a pungent *Arya* preacher, poked his nose in the matter and polluted the existing peaceful atmosphere. Although the *Arya Samajists* failed to benefit from the faith inspiring prophecy, the group can be credited for being instrumental to its pronouncement.

The prophecy announced that a son would be born, within nine years starting from February 20[th], 1886. According to the prophecy the illustrious son would be equipped with about fifty extraordinary characteristics including long life, leadership qualities, worldly success, depth of secular and religious knowledge and spiritual nearness to God. At the very outset of the text of the prophecy the Promised Messiah[as] made it clear that the prophecy was a divine answer to his supplications spread over forty days and nights. A month later he reiterated the same theme in another pronouncement published on March 22[nd], 1886.

Contents of the Prophecy

The birth of a son to a married couple in itself is not an outstanding development however, some points are particularly noteworthy. At that time the Promised Messiah[as] was in his fifties. The average age at that time in rural India was roughly forty-five. The Promised Messiah[as] had two sons from the first marriage who were in their twenties. There was no issue from the second marriage, which was contracted in 1884. Long before that time he had been blessed with the gift of communication with God. Already he had written four volumes of his first book *Braheen-e-Ahmadiyya*. It is obvious that he wished to have pious children who should continue his services in defense of Islam. The critical analysis of the prophecy

reveals about fifty characteristics. Some of them are given below:

Physical Characteristics

(1) Remarkable and rapid growth
(2) Sheltered under shadow of Allah
(3) Would be the likeness of the Promised Messiah in charm and grace
(4) Long life

Intellectual Characteristics

(1) Highly talented and gifted
(2) Extremely intelligent
(3) Exceptionally brilliant
(4) Saturated with secular and spiritual knowledge
(5) Sharp in understanding

Spiritual Characteristics

(1) Invested with the Holy Spirit
(2) Free from all impurity
(3) Word of Allah
(4) Light of Allah
(5) Anointed with the perfume of Allah's pleasure
(6) Helper of Allah's religion
(7) Blessed with Messianic breath

Temporal Characteristics

(1) Sign of power
(2) Key to victory
(3) Man of nobility, grandeur and wealth
(4) Sign of grace and beneficence
(5) High ranking

International Characteristics

(1) Means for the freedom of those in bondage
(2) Nations will be blessed through him
(3) His fame will spread to the ends of the earth

The great variety of the above characteristics and their literal fulfillment, spread over eight decades and manifesting even afterwards, establishes that the prophecy was indeed the Word of God and not a mere biological calculation. It is difficult to pack all these attributes in a single individual. It can happen only with the will of God. If the prophecy is the result of biological calculation then other people should come forward and announce a similar prophecy prior to the birth of a son who is assured to be equipped with these attributes.

The Promised Messiah's[as] Decisive Writings

Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad[as] was the recipient of this prophecy. His understanding of the prophetic revelation and its interpretation are of pivotal importance. These pointers serve as decisive determinants.

a. Hazoor[as] wrote *Siraj-e-Munir* in 1897, two years after the end of the deadline for the birth of the Promised Son. He recorded the following remarks:

"I had announced a prophecy regarding the birth of my eldest son, Mahmood. That prophecy was published on green leaflets (some of them are still available) and were circulated among thousands of people. That son was born within the limits highlighted in the prophecy. He is now nine years old." *(Siraj-e-Munir, Roohani Khazain* Vol. 12 p. 36)

It may be noted that the Promised Son was born on January 12, 1889, six years prior to the deadline.

b. *Taryaqul Quloob* is another important book of the Promised Messiah[as] which was compiled in 1889, but was published a couple of years later. Hazoor[as] has cataloged important signs in support of his claim. He refers to the prophecy of the Illustrious Son under sign

number 22:

"My son, by Allah's Grace, is alive and his name is Mahmood. I received in a *Kashf* (vision) glad tidings about his birth and saw his name, Mahmood, written on the wall of a mosque. Thereafter I published that prophecy on December 1st, 1888." (*Taryaqul Quloob, Roohani Khazain*, Vol. 15, p. 214)

This is a very powerful *Kashf*. 'Mosque' in the spiritual science of interpretation of dreams, always signifies the '*Jama'at*' (Muslim Community). Writing of the name on its wall clearly foretells the leadership role for that person i.e. in this case, role as *Khalifah* of the Promised Messiah's[as] *Jama'at*. That *Kashf* was literally fulfilled in March 1914, twenty-eight years after the publication of the original prophecy, and continued to manifest its fulfillment for fifty-one years. Allah be praised for His all-encompassing Knowledge.

c. The Promised Messiah[as] wrote another book titled *Nazoolul Masih* in 1902, and enlisted 123 prophecies which have been fulfilled up to that time. The prophecy of the Musleh Mau'ood[ra] is mentioned under number 49.

"Allah the Almighty conveyed to me the good news concerning the birth of a son. This prophecy was given a wide publicity. Thereafter the Promised Son was born, who was named Mahmood Ahmad, in accordance with that vision. He is the eldest son."
(*Nazoolul Masih, Roohani Khazain* Vol. 18 p. 570)

d. *Haqiqatul Wahee* is the Promised Messiah's[as] famous book which was penned in 1907. Maulavi Abdur Rahman of Lakhookay, a bitter enemy of Ahmadiyya *Jama'at*, published his revelation: "*Inna shaneoka howal abtar*" and deduced from it that Mirza Ghulam Ahmad would die without progeny or descendants. (The original letter in the handwriting of the said Abdur Rahman can be seen on page 430 & 431 of *Haqiqatul Wahee*). The Promised Messiah[as], in his rejoinder, under sign number 160, commented on the so called *Lakhookay* revelation. Referring to the prophecy of the illustrious son the Promised Messiah[as] elaborated:

"He was born in January 1889 according to the prophecy mentioned in *Sabz Ishtihar* (Green Leaflets). He was named Mahmood Ahmad. He is alive and is 17 years old."

(*Haqiqatul Wahyee, Roohani Khazain*, Vol. 22, p. 374)

The writings of the Promised Messiah[as] confirm that Sahibzada Mirza Mahmood Ahmad[ra] is the promised son. It is noteworthy that he has been mentioned in the Promised Messiah's folders and tracts before and after his birth, in 1886, 1888, and 1889 and in his books (written in 1897, 1889, 1902, and 1907) as one of the supporting sign of the truth of his claim as the *Mahdi* and the Messiah. His name, age and original pronouncement on green colored pamphlets have been repeatedly mentioned, in addition to the declaration of being the eldest son among the living sons from the second marriage. What else is needed to identify him?

Claimant's Repeated Declaration

Another important determinant is the person about whom the prophecy is

made, the claimant himself i.e. the very son of the Promised Messiah^{as}, Hadhrat Mirza Mahmood Ahmad. He was nineteen years old at the time of the Promised Messiah's^{as} sad demise. He was twenty-five when he was elected as Khalifatul Masih II in March 1914. Many companions of the Promised Messiah^{as}, including Hadhrat Khalifatul Masih I^{ra}, considered Sahibzada Mahmood Ahmad as the fulfillment of that prophecy but Hadhrat Khalifatul Masih II^{ra} remained quiet about the prophecy until January 1944.

After a spiritual vision, coupled with a revelation vouchsafed to him on January 7/8, 1944, he made a declaration about this prophecy. On January 28th, 1944, in the Friday sermon in Qadian, he announced that the prophecy of Musleh Mau'ood^{ra} had been fulfilled in his person. He made similar declarations in Hoshiarpur (20th February, 1944), Lahore (12th March, 1944), Ludhiana (23rd March, 1944), and Delhi (16th April, 1944). It is noteworthy that Hazoor^{as} made these declarations in public on oath in Allah's mighty name. Hazoor^{as} even invited any opponent or doubter to come forward and contest with him on the subject, in the form of *Mobahala* (prayer duel). He is the only son of the Promised Messiah^{as} who claimed to be the Musleh Mau'ood.

Followers Dedication and Devotion

Theoretically the claimant of the Musleh Mau'ood prophecy can be either true and genuine or false and an imposter. The true and genuine Musleh Mau'ood^{ra} being God's chosen one would certainly be supported by Him as a proof of Divine protection and help. Hadhrat Khalifatul Masih II^{ra} launched many schemes, introduced new departments in the *Jama'at* administration and guided the *Jama'at* to higher heights in the field of moral and intellectual growth, preaching and expansion in foreign countries. The opponents threw great challenges in the form of formidable opposition but Hazoor^{as} succeeded in leading the *Jama'at* to safety and victory. Hundreds of thousands of followers loved him dearly and believed in him as the fulfillment of the prophecy of Musleh Mau'ood, before and after his claim. The *Jama'at's* love, devotion, and readiness to make great sacrifices on his call can be accepted as the secret of success of those schemes, projects and repeated defeat of the opponents. The *Jama'at* survival in extremely difficult situations was not possible without the sacrifices and unflinching cooperation of the followers. Even a highly talented general, without the zeal and sacrifice of the rank and file, cannot be successful. This determinant, which cannot be ignored, proves that the claimant was true in his declaration.

Other Claimants

Hadhrat Sahibzada Mahmood Ahmad was the only claimant from the progeny of the Promised Messiah^{as} However, some individuals came forward with the claim to be the Musleh Mau'ood, on account of mental predilection, constitutional makeup leading to perhaps an honest mistake, or lack of spiritual nearness to God resulting in building of the castles of wishful thinking which is a common disease of traditional imposters.

Yar Muhammad Hoshiarpuri, Muhammad Siddique Bihari, Sheikh Ghulam Muhammad constitute the list of pseudo-claimants. Non Ahmadi critics have referred to these claimants in order to discredit the belief of the Ahmadiyya Muslim *Jama'at* in revelations and other forms of divine communication. Nobody took these claimants seriously and they died without generating an impact. Their story is the

story of a one man army. They are alive only in the literature of the opponents of the Promised Messiah's *Jama'at*. We do not find in the prophecy words like this:

"That he would serve as the tool of the enemies of Ahmadiyyat."

The existence of imposters is a common phenomenon. Many people have claimed to be the awaited Messiah among the Jews. We have at least two or more fake *Mahdis* in every century of the Islamic calendar. Likewise we have many imposters among the Christians. False claimants only confirm the existence of the true and genuine claimant. I cannot say much about the above mentioned pseudo-claimants of this prophecy. I have been told about one living claimant, Mr. Abdul Ghaffar Jamba, a Pakistani living in Germany who claimed to be the '*Zaki Ghulam*' (purified son) another attribute of the Musleh Mau'ood[ra] mentioned in the pronouncement of February 1886.

May Allah grant Mr. Jamba correct understanding of the prophecy of Musleh Mau'ood[ra]. Addressing the Promised Messiah, God Almighty has added the following words to the term *Zaki Ghulam*:

"He would be from your seed and progeny"

The Promised Messiah[as] has given the Arabic version of the same prophecy in his book *Aaina Kamalat-e-Islam:*

"His fame and blessings would reach to the ends of the earth. Nations would be blessed by this courageous and glorious Imam." (*Aina Kamalat-e-Islam, Roohani Khazain*, Vol. 5, p. 578)

Mr. Jamba has written a book in Urdu titled Musleh Mau'ood. He laments that no nation has benefited from the blessings of Khalifatul Masih II[ra] because Ahmadis do not have a state of their own (Musleh Mau'ood, p.12). This critical stance does not auger well with Mr. Jamba who himself is living as a refugee or an asylum seeker or perhaps as a naturalized citizen in Germany. He has a golden opportunity to extend his 'blessings' at least to Germany and the German nation in support of his claim as *Zaki Ghulam*.

Fulfillment of the Prophecy

The prophecy mentions about fifty characteristics of the unborn Illustrious Son. The Promised Messiah[as] added a few more attributes in his writings and pronouncements. A voluminous book is needed to do justice to the fulfillment of these aspects. The following five characteristics are being selected to serve as an example:

a. His fame will spread to the ends of the earth
b. Saturation of secular and religious knowledge
c. Manifestation of the dignity of the Word of God
d. Emancipation of captives
e. Rapid growth and stature

His Fame will Spread to the Ends of the Earth

The prophecy foretells that the name and fame of the Musleh Mau'ood[ra] would reach to the farthest ends of the earth. A man becomes famous in the world for earning global fame in the field of politics, film, art, learning, invention, or recognition as a Nobel Laureate. The Promised Son did not belong to any of these sectors yet his fame spread to the farthest corners as a spiritual leader of a preaching community. Mission houses, mosques and other institutions were built by his missionaries, representatives and followers who conveyed the message Islam wherever they went. He led the *Jama'at* for fifty-one years and left an indelible mark on the minds and souls of people. After examining the world map in the

light of *Jama'at* installations in the shape of mosques, clinics and schools, one is convinced his name and fame indeed has reached to the ends of the earth. Any book, note, or an article on Ahmadiyyat in the Encyclopedic series essentially refers to Hadhrat Khalifatul Masih II[ra] with reference to the growth, work, and impact of the *Jama'at.*

Saturation of Secular and Spiritual Knowledge

God is an inexhaustible source of knowledge Who bestows it upon His chosen ones and the best example is recorded in the Holy Qur'an. God Almighty has referred to the Holy Prophet[saw] as an *Ummi* i.e., an unlettered prophet who was blessed with extraordinary knowledge and wisdom. In our time, we have an astonishing example in the person of the Promised Messiah[as] as an extension of the blessings of the Holy Prophet Muhammad[saw]. The Promised Messiah was given the knowledge of forty thousand roots of the Arabic language in a single night in 1893 (*Hayat-e-Tayyiba,* by Abdul Qadir Saudagar Mal, p.135). He authored twenty books in Arabic some containing long poems which can be considered as the fine specimens of Arabic poetry. The same God honored His promise of saturating the Musleh Mau'ood[ra] with secular and spiritual knowledge. His younger brother, Hadhrat Mirza Bashir Ahmad[ra] did his masters, but the elder brother passed the Entrance Examination (school leaving certificate) only partially. It was Divine wisdom so that the God-given knowledge could not be attributed to university degrees. God empowered him to write many books and deliver thousands of sermons and speeches. More than 250 books and pamphlets have been published and others will be made available. Hadhrat Khalifatul Masih II[ra] led a very busy schedule yet he was able to produce that much published, written and spoken material. A prolific author can write scores of novels and books in his particular field. The variety of subjects and topics which Hazoor[as] has dealt with is astounding. He writes with a masterly command on the Holy Qur'an, *Hadith*, history, politics, economics, metaphysics, Sufism, comparative study of religion, current affairs, and many other fields.

He had a great aptitude for journalism. He edited a magazine known as *Tasheezul Azhan* when he was in his teens. He launched the weekly Al-Fazl in 1913. Once, in his early youthful days, he delivered a speech in *Jalsa Salana*. Maulvi Muhammad Ali Sahib (who later on headed the Lahore *Jama'at)* paid glowing tributes to the young speaker and even referred to his eloquence and depth of knowledge as a sign of the truthfulness of the Promised Messiah's[as] mission.

Manifestation of the Dignity of the Word of God

The Word of God here refers to the Holy Qur'an. The prophecy foretells that the Promised Son, unborn at the time of prophecy, would render great services to the Holy Qur'an. By word, deed, and by personal spiritual example, he would propagate the message of the Holy Qur'an. This part of the prophecy has been fulfilled to the hilt. The following points are particularly noteworthy:

i. Contribution in the form of *Tafseer*

Hadhrat Khalifatul Masih II[ra] compiled *Tafseer-e-Saghir,* which is the translation of the Holy Qur'an with important explanatory notes. *Tafseer-e-Kabir* is spread over 7000 pages and is the detailed commentary of the Holy Qur'an. It has been translated into English and work is in progress to render it into Arabic. Hazoor[ra] has devoted his *Tafseer* to the

defense of Islamic philosophy, honor and innocence of the prophets, and refutation of the criticisms of the Orientalists.

ii. Translation of the Holy Qur'an in European Languages

Hazoor[ra] launched and supervised the project of translating the Holy Qur'an into widely spoken languages of Europe so that the message of Islam could be delivered the people in their own tongues. His zeal for this project continues to inspire the succeeding Caliphs. The *Jama'at* is very close to its target of presenting the Word of God in at least one hundred languages. It is a noble legacy of Hadhrat Musleh Mau'ood[ra].

iii. Introduction to the Holy Qur'an

Hadhrat Khalifatul Masih II[ra] wrote this book to serve as a preface or introduction to the Holy Qur'an. The book contains valuable information on the revelation, preservation, and compilation of the Holy Qur'an, life of the Holy Prophet Muhammad[saw] and the comparative study of religions. This useful book has been translated into English and other languages.

Emancipation of Captives

The prophetic words of the prophecy are multi-faceted in their application. Essentially this emancipation is of souls from the bondage of sin, doubt about the existence of God, disbelief regarding Islam and the Qur'anic teachings and their wisdom and blessings. Winning of a soul for Islam and enriching him with a living faith is tantamount to the freeing of a condemned prisoner from his death cell. This refers to preaching of Islam in near and distant lands. Large numbers of people have embraced Islam during his caliphate. The writer of this article personally knows two sons of European Christian missionaries who joined the fold of Ahmadiyyat and died as dedicated missionaries of Islam (Bashir Ahmad Archard and Abdus Salam Madison, may Allah elevate their ranks in paradise). This emancipation is a true example of the resurrection of the spiritually dead!

The prophecy was manifested in 1930's when Hadhrat Khalifatul Masih II[ra] headed and supervised the movement for the civil rights of the Kashmiri people, who were maltreated by the autocratic Maharaja of Kashmir. That was a very successful campaign resulting in promulgation of new rules and regulations which recognized the rights of the down trodden masses.

The other aspect is of international import. This aspect can be understood in the light of the following prophecy: 'Nations will be blessed through him". The many nations of Asia and Africa were under the yoke of colonial powers. The prophecy refers that such nations as a result of his Messianic Spirit and fervent prayers would attain status of independence from their colonial masters. Ninety percent of these nations won their independence during the period of 1944 to 1965. This manifestation is spread over twenty-two years, two continents and an area covering hundreds of thousands of miles. We can not brush it away as mere coincidence. If it is a coincidence then it has been orchestrated by God Almighty to substantiate his work.

Rapid Growth and Stature

The prophecy announces that the Musleh Mau'ood[ra] would grow rapidly under God's shadow, which means Divine protection. These words apply to his person as well as the *Jama'at* under his leadership. It has been mentioned that he

edited a magazine when he was in his teens, and launched a newspaper a couple of years later, and toured India in 1912 to observe the curricula and instruction methods in Islamic institutes. In 1913 he performed *Hajj*. At the age of twenty-five the *Jama'at* elected him as *Khalifatul Masih*, the highest office in the *Jama'at*. Thereafter he led the *Jama'at* for half a century. His period of *Khilafat* (March 1914 – November 1965) is the period of the *Jama'at* growth in every respect. Increase of numbers, development of organizational setup, financial and budgetary expansion, opening of missions, construction of mosques, publishing of newspapers, periodicals and literature, and translations of the Holy Qur'an. The schemes of *Tehrik-e-Jadid* and *Waqf-e-Jadid* are milestones of the rapid growth of the *Jama'at*. The other aspect is equally interesting and faith inspiring. It appears that at every dangerous juncture, when the very existence of the *Jama'at* was challenged by internal and external opponents the Mighty Hand of God miraculously protected the *Jama'at*. The *Jama'at* witnessed these miracles in 1914, 1927, 1934, 1947, and 1953. It is noteworthy that after every threat, the *Jama'at* emerged stronger and always leapt forward.

Significance of the Prophecy

We read and hear with consuming amazement the stories of earlier prophets who were given miracles and signs in the past. Father of the prophets, Abraham (Hadhrat Ibrahim)[as], was given the glad tidings of the birth of Ishmael and Isaac[as] which were literally fulfilled. About two thousand years later, God repeated the same miracle in the House of Zachariah when he was given the prophecy about the birth of John (Hadhrat Yahya)[as] Another close relative of Zachariah, Mary (Hadhrat Maryam)[ra] was conveyed the news about the birth of Jesus (Hadhrat Isa[as]). In all the above signs miraculous elements enhance our faith. An identical miracle portraying the power and knowledge of God Almighty has been shown to us in the prophecy of the Musleh Mau'ood. The sign given to the earlier prophets has been repeated which certainly strengthens our faith.

We are unfortunately living in an era of Atheism, Satanism, and disbelief. We need powerful signs which should serve as proofs for the existence of a living God. The prophecy of Musleh Mau'ood is such a faith inspiring sign. The appreciation of the prophecy requires that we should thank God Almighty for showing us a great sign in support of Islam and the Holy Qur'an. The prophecy should strengthen our faith in the acceptance of prayers. Supplications are granted by God Almighty, who may even convey their acceptance in advance. Thousands of Ahmadis have experienced it.

The prophecy also demands that as Ahmadis, we should play our humble role in the realization of the real purpose of the prophecy i.e. "superiority of Islam and the dignity of the Word of God may become manifest" in the world. Our love for the Hadhrat Musleh Mau'ood[ra] requires that we should benefit from the literature produced by him, not forgetting the pieces of advice he has given the *Jama'at* from time to time, in addition to participating in all the schemes and organizations launched by him for the progress of the *Jama'at*. That is the best homage we can pay to his blessed soul.

****

بسم الله الرحمان الرحيم　　　نحمده و نصلی علیٰ رسول الکريم　　　و علیٰ عبده المسيح الموعود

پیشگوئی مصلح موعود کا جائزہ

اِسکے ''determinants'' یعنی فیصلہ کن اور حد بندی کرنیوالے عناصر کی روشنی میں

''مَثَلُ الَّذِیۡنَ اتَّخَذُوۡامِنۡ دُوۡنِ اللّٰہِ اَوۡلِیَآءَ کَمَثَلِ الۡعَنۡکَبُوۡتِ اِتَّخَذَتۡ بَیۡتًا وَ اِنَّ اَوۡ ھَنَ الۡبُیُوۡتِ لَبَیۡتُ الۡعَنۡکَبُوۡتِ لَوۡ کَانُوۡا یَعۡلَمُوۡنَ۔'' (عنکبوت۔۴۲)

اُن لوگوں کا حال جنہوں نے اللہ کو چھوڑ کر اور دوست بنا لیے ہیں، مکڑی کا سا حال ہے، جس نے ایک گھر تو بنایا لیکن گھروں میں سب سے کمزور گھر مکڑی کا ہی ہوتا ہے کاش! کہ یہ لوگ جانتے۔

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ۔

اُمید ہے آپ بفضل اللہ تعالیٰ بخیر وعافیت ہونگے آمین۔ خاکسار اب تک اِلٰہی علم کی روشنی میں ۲۰۔فروری ۱۸۸۶ء کی الہامی پیشگوئی مصلح موعود پر اِس قدر مفصل لکھ چکا ہے کہ اگر کوئی اِنسان ضد وتعصب سے خالی ہو کر تقویٰ کیساتھ اِن مضامین کو پڑھے گا تو اُسے اِس اِلہامی پیشگوئی کی حقیقت کو سمجھنے میں دیر نہیں لگے گی۔ آپکے مضمون کا جواب دیتے وقت اللہ تعالیٰ نے میرے دِل میں ڈالا ہے کہ جماعت احمدیہ میں مرزا البشیر الدین محمود احمد کا جھوٹا دعویٰ مصلح موعود بھی بنی اسرائیل کی گائے کی طرح ایک بت کی شکل اختیار کر چکا ہے۔ یہ دعویٰ افرادِ جماعت کے دِلوں میں یا تو بُت بن کر داخل ہو چکا ہے یا پھر بڑی سازش اور منصوبے کے تحت بت بنا کر داخل کیا گیا ہے۔ خاکسار اپنے مضامین میں اِس اِلہامی پیشگوئی پر ہر جہت سے اِس قدر روشنی ڈال چکا ہے اور اِس کی تشریح اِس قدر کر چکا ہے کہ ایک سطحی عقل کا اِنسان بھی بشرطِ اُسکے دِل میں خوفِ خدا ہو اِس پیشگوئی کی حقیقت کو بخوبی سمجھ سکتا ہے۔ لیکن اِسکے باوجود جماعت احمدیہ کے پڑھے لکھے اَن پڑھ بڑی ڈھٹائی کیساتھ یہودیوں کی طرح آئے دن اِس میں بے مقصد موشگافیاں نکالتے رہتے ہیں۔ بنی اسرائیل کی گائے کا ذکر فرماتے ہوئے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

''وَ اِذۡ قَالَ مُوۡسٰی لِقَوۡمِہٖۤ اِنَّ اللّٰہَ یَاۡمُرُکُمۡ اَنۡ تَذۡبَحُوۡا بَقَرَۃً قَالُوۡۤا اَتَتَّخِذُنَا ھُزُوًا قَالَ اَعُوۡذُ بِاللّٰہِ اَنۡ اَکُوۡنَ مِنَ الۡجٰھِلِیۡنَo قَالُوا ادۡعُ لَنَا رَبَّکَ یُبَیِّنۡ لَّنَا مَا ھِیَ قَالَ اِنَّہٗ یَقُوۡلُ اِنَّھَا بَقَرَۃٌ لَّا فَارِضٌ وَّ لَا بِکۡرٌ عَوَانٌۢ بَیۡنَ ذٰلِکَ فَافۡعَلُوۡا مَا تُؤۡمَرُوۡنَo قَالُوا ادۡعُ لَنَا رَبَّکَ یُبَیِّنۡ لَّنَا مَا لَوۡنُھَا قَالَ اِنَّہٗ یَقُوۡلُ اِنَّھَا بَقَرَۃٌ صَفۡرَآءُ فَاقِعٌ لَّوۡنُھَا تَسُرُّ النّٰظِرِیۡنَo قَالُوا ادۡعُ لَنَا رَبَّکَ یُبَیِّنۡ لَّنَا مَا ھِیَ اِنَّ الۡبَقَرَ تَشٰبَہَ عَلَیۡنَا وَاِنَّاۤ اِنۡ شَآءَ اللّٰہُ لَمُھۡتَدُوۡنَo قَالَ اِنَّہٗ یَقُوۡلُ اِنَّھَا بَقَرَۃٌ لَّا ذَلُوۡلٌ تُثِیۡرُ الۡاَرۡضَ وَلَا تَسۡقِی الۡحَرۡثَ مُسَلَّمَۃٌ لَّا شِیَۃَ فِیۡھَا قَالُوا الۡئٰنَ جِئۡتَ بِالۡحَقِّ فَذَبَحُوۡھَا وَمَا کَادُوۡا یَفۡعَلُوۡنَo'' (البقرہ۔آیات۔۶۸ تا ۷۲)

اور جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا کہ اللہ تمہیں گائے کے ذبح کرنے کا حکم دیتا ہے تو اُنہوں نے کہا آپ ہم سے مذاق کیوں کرتے ہیں۔؟ جواب دیا کہ میں ایسا جاہل ہونے سے اللہ کی پناہ پکڑتا ہوں۔ اُنہوں نے کہا، ہماری خاطر اپنے ربّ سے دعا کیجیے کہ وہ ہمیں کھول کر بتائے کہ وہ (گائے) کیسی ہے۔؟ اُس (یعنی موسیٰ) نے کہا کہ وہ فرماتا ہے وہ ایسی گائے ہے کہ نہ تو بُڑھیا ہے اور نہ بچھیا، بلکہ اِسکے درمیان پوری جوان ہے اِس لیے جو حکم تمہیں دیا جاتا ہے اِسے بجالاؤ۔ اُنہوں نے کہا، ہماری خاطر اپنے ربّ سے (پھر) دُعا کیجیے کہ وہ ہمیں کھول کر بتائے کہ اُس کا رنگ کیا ہے۔؟ (موسیٰ نے) کہا، وہ فرماتا ہے کہ وہ ایک زرد رنگ کی گائے ہے، اِس کا رنگ بہت شوخ ہے (اور) وہ دیکھنے والوں کو بہت پسند آتی ہے۔ اُنہوں نے کہا، ہماری خاطر اپنے ربّ سے (پھر) دُعا کیجیے کہ وہ ہمیں کھول کر بتائے کہ وہ (گائے) کیسی ہے۔؟ ہمیں تو اِس قسم کی (سب) گائیں ایک جیسی نظر آتی ہیں اور (یقین رکھیے کہ) اگر اللہ نے چاہا تو ہم ضرور ہدایت کو قبول کر لیں گے۔ (موسیٰ نے) کہا، وہ فرماتا ہے کہ وہ ایسی گائے ہے جو نہ تو جُوئے کے نیچے لائی گئی ہے کہ ہل چلاتی ہو اور نہ کھیتی کو پانی دیتی ہے، بالکل تندرست ہے، اِس میں کوئی غیر رنگ نہیں۔ اُنہوں نے کہا اب تو نے (ہم پر) حقیقت کھول دی ہے، چنانچہ اُنہوں نے اِس (گائے) کو ذبح کر دیا گو وہ ایسا کرنے کیلئے تیار نہ تھے۔

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! اِمسال ''احمدیہ گزٹ یو ایس اے'' کے فروری کے شمارہ میں آپ کا ایک مضمون ''The Prophecy of the Musleh Mau'ood'' شائع ہوا ہے۔ پیشگوئی مصلح موعود کے ضمن میں میرے مضامین کے بعد آپ کے اِس مضمون یا اِس جیسے اور مضامین کی کوئی بھی حیثیت باقی نہیں رہتی کیونکہ مرزا بشیر الدین محمود احمد کو مصلح موعود ثابت کرنے کیلئے آپ یا جماعت احمدیہ کے پاس ضد اور تعصب کے علاوہ کوئی دلیل نہیں ہے۔ ہاں قرآن مجید اور حضرت مہدی ومسیح موعودؑ کے

اِلہامات کا صریح اِنکار کر کے شاید آپ کچھ وقت تک اِس خود ساختہ عقیدے کو زندہ رکھ سکیں۔اللہ تعالیٰ نے پیشگوئی مصلح موعود کے معاملہ میں جو میری راہنمائی فرمائی ہے وہ بالکل حق اور سچ ہے اور اِسکے مطابق موعود زکی غلام یعنی مصلح موعود حضورؓ کا کوئی جسمانی لڑکا نہیں ہوسکتا۔اِس حقیقت کو اگر میں ایک دوسرے رُخ سے اِس طرح بیان کروں کہ جس طرح قرآن مجید سے حیات مسیح کا ثابت ہونا ممکن نہیں اِسی طرح قرآن مجید اور حضرت مہدی و مسیح موعودؑ کے اِلہامات کی روشنی میں حضورؓ کے کسی بھی لڑکے بشمول میرزا بشیر الدین محمود احمد کا مصلح موعود ثابت ہونا بھی محالات میں سے ہے۔بات شروع کرنے سے پہلے خاکسار گذارش کرتا ہے کہ پیشگوئی مصلح موعود کے سلسلہ میں میرا کسی سے اُسی طرح کوئی جھگڑا نہیں ہے جس طرح پیشگوئی مسیح موعود کے سلسلہ میں حضرت بانئے جماعتؑ کا کسی سے کوئی جھگڑا نہیں تھا۔ہوسکتا ہے یہ کسی کیلئے خاندانی میراث یا گدی کا معاملہ ہو لیکن میرے لیے یہ کوئی ایسا معاملہ نہیں ہے۔میں اِس بات سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں کہ کسی ظاہری شان و شوکت یا نمود و نمائش کیلئے جھوٹے طور پر اِس ضمن میں لوگوں سے اُلجھتا پھروں۔یہ چند روزہ زندگی ہے۔اِنسان کو اپنی آخرت کی فکر کرنی چاہیے۔اگر کوئی بات تلخ ہو لیکن اِس کے قبول کرنے سے ہمارا ربّ ہم سے راضی ہو جائے تو یہ سودا ہمارے لیے گھاٹے کا نہیں۔میں نے آپکے مضمون کو یہ سمجھتے ہوئے کہ ہوسکتا ہے کوئی ایسی حقیقت ہو جو میری نظروں سے اوجھل ہو اور آپکے مضمون میں شاید وہ مجھے نظر آجائے تقویٰ اور دیانتداری کیساتھ پڑھا ہے۔لیکن افسوس ہے اِس معاملہ میں آپ کا مضمون میری کوئی راہنمائی نہیں کرسکا۔اب چونکہ آپ نے اپنے مضمون میں اِس عاجز کا بھی ذکر فرمایا ہے لہٰذا میں نے مناسب سمجھا ہے کہ اگر میں آپکی نظر میں پیشگوئی مصلح موعود کی وجہ سے کسی غلط فہمی کا شکار ہوں تو پھر اِس ضمن میں آپ ایسے صاحب علم و صاحب نظر سے استفادہ کیوں نہ کیا جائے۔؟ ہمارے لیے لازم ہے کہ جب ہم کسی مذہبی معاملہ کو علمی رنگ میں ڈسکس (discuss) کریں تو ہمیں ضد تعصب اور اَنا کو ایک طرف رکھ کر صرف یہ دیکھنا چاہیے کہ حق کیا ہے اور سچ کیا۔؟ میں اُمید کرتا ہوں آپکی طرف سے بھی اِسی جذبے کا مظاہرہ ہوگا۔اگر خلیفہ ثانی کا قرآن مجید اور حضرت مہدی و مسیح موعودؑ کے اِلہامات کی روشنی میں زکی غلام یعنی مصلح موعود ہونا ثابت ہو جائے تو اِس میں میرا کیا نقصان ہے۔؟ کوئی بھی نہیں۔اگر یہ حقیقت ثابت ہو جائے تو میں اِسے ہر لحظہ قبول کرنے کیلئے تیار ہوں۔اِسی طرح اگر خلیفہ ثانی صاحب زکی غلام (مصلح موعود) ثابت نہیں ہوتے تو پھر آپ کو بھی اِس میں کوئی ضد نہیں کرنی چاہیے اور آپ بھی اِسے ایک حقیقت سمجھ کر قبول کرلیں۔یہ یاد رہے کہ ۲۰۔فروری ۱۸۸۶ء کی اِلہامی پیشگوئی ایک سچی پیشگوئی ہے۔اِس پیشگوئی میں زکی غلام جسے حضرت مہدی و مسیح موعودؑ نے مصلح موعود کہہ کر پکارا ہے اللہ تعالیٰ کا ایک موعود نشانِ رحمت ہے۔اللہ تعالیٰ نے اپنا یہ وعدہ کس خوش قسمت احمدی کے وجود میں پورا کرنا ہے اِس کا فیصلہ تو صرف اللہ تعالیٰ نے کرنا ہے نہ کہ کسی دوسرے اِنسان نے حتیٰ کہ ملہم نے بھی نہیں۔ہم نے تحقیق صرف یہ کرنی ہے کہ کیا اللہ تعالیٰ اپنا یہ وعدہ اب تک کسی وجود میں پورا کر چکا ہے یا کہ نہیں۔؟ اور اگر یہ وعدہ کسی وجود میں پورا ہو چکا ہے تو اِس کا ثبوت کیا ہے۔؟ اِسی طرح یہ بھی نہیں بھولنا چاہیے کہ بعض اوقات اللہ تعالیٰ کسی پیشگوئی کو لوگوں کی نظروں سے ہزاروں سال پوشیدہ رکھتا ہے (مثلاً۔نزول مسیح موعود) اور لوگ اِس دوران اِس پیشگوئی پر اپنے اپنے عقائد بنا کر اُن پر پختہ ہو جاتے ہیں۔ہر سخن وقتیکہ و ہر نکتہ مقامے دارد کے مطابق پھر جب اللہ تعالیٰ اِس پیشگوئی کا عقدہ اپنے کسی معمولی اِنسان پر کھول دیتا ہے جس کی طرف لوگوں کو کوئی توجہ ہی نہیں ہوتی۔

میں تھا غریب و بے کس و گمنام و بے ہنر۔کوئی نہ جانتا تھا کہ ہے قادیاں کدھر
لوگوں کی اِس طرف کو ذرا بھی نظر نہ تھی۔میرے وجود کی بھی کسی کو خبر نہ تھی

ایسی حالت میں لوگوں کو پھر چاہیے کہ تکبر سے کام نہ لیں بلکہ اپنی لاعلمی کا اقرار کرتے ہوئے جہاں سے بھی حق ملے اُسے قبول کرلیں۔حضرت بانئے جماعتؑ فرماتے ہیں:۔

''اُسکے عجائبات قدرت اِسی طرح پر ہمیشہ ظہور فرماتے ہیں کہ وہ غریبوں اور حقیروں کو عزت بخشتا ہے اور بڑے بڑے معززوں اور بلند مرتبہ لوگوں کو خاک میں ملا دیتا ہے۔بڑے بڑے علماء و فضلاء اُسکے آستانہ فیض سے بکلی بے نصیب اور محروم رہ جاتے ہیں اور ایک ذلیل حقیر اُمی جاہل نالائق منتخب ہوکر مقبولین کی جماعت میں داخل کرلیا جاتا ہے۔ہمیشہ سے اُسکی کچھ ایسی ہی عادت ہے اور قدیم سے وہ ایسا ہی کرتا چلا آیا ہے۔ و ذالك فضل اللّٰه يؤتيه من يشآء'' (ازالہ اوہام (۱۸۹۱ء) بحوالہ روحانی خزائن جلد ۳ صفحہ ۱۴۱ حاشیہ)

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! آپکے مضمون کے مندرجات کے متعلق اپنے خیالات اور سوالات کا اِظہار تو میں بعد میں کروں گا لیکن پہلے پیشگوئی مصلح کا ایک مختصر سا تعارفی جائزہ لیا جائے۔ہم سب پیشگوئی مصلح موعود کے پس منظر سے بخوبی واقف ہیں لہٰذا یہاں اِسکے اعادہ کی ضرورت نہیں۔قادیان کے ہندو آریوں کی نشان نمائی کی درخواست کو قبول فرماتے ہوئے حضرت مرزا غلام احمدؑ نے ایک چلّہ کی خاطر جنوری ۱۸۸۶ء میں ہوشیار پور میں شیخ مہر علی صاحب رئیس کے طویلہ کے بالا خانہ میں قیام فرمایا۔چنانچہ چالیس روز کے بعد حضورؑ نے ۲۰ فروری ۱۸۸۶ء کے دن ایک نوٹ تحریر فرمایا جو بعد ازاں یکم مارچ ۱۸۸۶ء کو اخبار ریاض ہند کے ضمیمہ کے طور پر شائع ہوا۔اِس اشتہار میں دیگر پیشگوئیوں کیساتھ مصلح موعود کی ایک عظیم الشان پیشگوئی بھی شامل تھی جو کہ درج ذیل ہے۔آپؑ فرماتے ہیں:۔خدائے رحیم و کریم بزرگ و برتر نے جو ہر یک چیز پر قادر ہے (جلّ شانہٗ و عزّ اسمہٗ) مجھ کو اپنے اِلہام سے مخاطب کر کے فرمایا کہ!

☆میں تجھے ایک رحمت کا نشان دیتا ہوں اُسی کے موافق جو تو نے مجھ سے مانگا۔سو میں نے تیری تضرّعات کو سنا اور تیری دعاؤں کو اپنی رحمت سے بپایہ قبولیّت جگہ دی۔اور تیرے سفر کو (جو ہوشیار پور اور لودھیانہ کا سفر ہے) تیرے لیے مبارک کر دیا۔سو قدرت اور رحمت اور قربت کا نشان تجھے دیا جاتا ہے۔فضل اور اِحسان کا نشان تجھے عطا ہوتا ہے اور فتح اور ظفر کی کلید تجھے ملتی ہے۔اے مظفر! تجھ پر سلام۔خدا نے یہ کہا۔تا وہ جو زندگی کے خواہاں ہیں۔موت کے پنجہ سے نجات پاویں۔اور وہ جو قبروں میں دبے پڑے ہیں باہر آویں۔اور تا دین اسلام کا شرف اور کلام اللہ کا مرتبہ لوگوں پر ظاہر ہو۔اور تا حق اپنی تمام برکتوں کیساتھ آ جائے اور باطل اپنی تمام نحوستوں کیساتھ بھاگ جائے۔اور تا لوگ سمجھیں کہ میں قادر ہوں۔جو چاہتا ہوں کرتا ہوں۔اور تا وہ یقین لائیں۔کہ میں تیرے ساتھ ہوں۔اور تا اُنہیں جو خدا کے وجود پر ایمان نہیں لاتے۔اور خدا کے دین اور اُسکی کتاب اور اُس کے پاک رسول محمد مصطفٰے کو اِنکار اور تکذیب کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ایک کھلی نشانی ملے اور مجرموں کی راہ ظاہر ہو جائے۔

سو تجھے بشارت ہو۔کہ ایک وجیہہ اور پاک لڑکا تجھے دیا جائے گا۔ایک زکی غلام (لڑکا) تجھے ملے گا۔وہ لڑکا تیرے ہی تخم سے تیری ہی ذریت و نسل ہوگا۔خوبصورت پاک لڑکا تمہارا مہمان آتا ہے۔اُس کا نام عنموائیل اور بشیر بھی ہے۔اِس کو مقدّس روح دی گئی ہے۔اور وہ رِجس سے پاک ہے۔وہ نور اللہ ہے۔مبارک وہ جو آسمان سے آتا ہے۔

اُس کیساتھ فضل ہے۔جو اُسکے آنے کے ساتھ آئیگا۔وہ صاحب شکوہ اور عظمت اور دولت ہوگا۔وہ دُنیا میں آئے گا اور اپنے مسیحی نفس اور رُوح الحق کی برکت سے بہتوں کو بیماریوں سے صاف کرے گا۔وہ کلمۃ اللہ ہے۔کیونکہ خدا کی رحمت و غیوری نے اُسے کلمۂ تمجید سے بھیجا ہے۔وہ سخت ذہین و فہیم ہوگا۔اور دل کا حلیم۔اور علوم ظاہری و باطنی سے پُر کیا جائے گا۔اور وہ تین کو چار کرنے والا ہوگا۔(اِسکے معنی سمجھ میں نہیں آئے) دوشنبہ ہے مبارک دوشنبہ۔فرزند دلبند گرامی ارجمند۔مَظْهَرُ الْاَوَّلِ وَ الْاٰخِرِ۔مَظْهَرُ الْحَقِّ وَ الْعَلَآءِ كَاَنَّ اللّٰهَ نَزَلَ مِنَ السَّمَآءِ۔ جس کا نزول بہت مبارک اور جلال اِلٰہی کے ظہور کا موجب ہوگا۔نور آتا ہے نور۔جس کو خدا نے اپنی رضامندی کے عطر سے ممسُوح کیا۔ہم اِس میں اپنی رُوح ڈالیں گے۔اور خدا کا سایہ اُسکے سر پر ہوگا۔وہ جلد جلد بڑھے گا۔اور اسیروں کی رُستگاری کا موجب ہوگا۔اور زمین کے کناروں تک شہرت پائے گا۔اور قومیں اس سے برکت پائیں گی۔تب اپنے نفسی نقطہ آسمان کی طرف اُٹھایا جائے گا۔ وَ كَانَ اَمْرًا مَّقْضِيًّا۔ ☆(تذکرہ صفحہ ۱۰۹ تا ۱۱۱ بحوالہ مجموعہ اِشتہارات جلد اول صفحہ ۱۰۰ تا ۱۰۲)

اِلہامی پیشگوئی مصلح موعود کے متعلق چند حقائق

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! اب یہ ۲۰۔فروری ۱۸۸۶ کی اِلہامی پیشگوئی کے اصل الفاظ ہیں اور اِسی اِلہامی پیشگوئی کو جماعت احمدیہ میں پیشگوئی مصلح موعود کہا جاتا ہے۔اِس اِلہامی پیشگوئی کے متعلق حقائق کیا ہیں۔؟اِس الہامی پیشگوئی سے کیا ثابت ہوتا ہے۔؟یہ حقائق درج ذیل ہیں:۔

(۱)اِس اِلہامی پیشگوئی میں حضورؑ کو دو (۲) نشانوں یا دو (۲) وجودوں کی بشارت دی گئی تھی یعنی ایک نشان کو اللہ تعالیٰ نے لڑکا قرار دیا ہے اور دوسرے نشان کو اللہ تعالیٰ نے زکی غلام کا نام دیا ہے۔مثلاً۔(۱) ایک وجیہہ اور پاک لڑکا تجھے دیا جائے گا۔اور (۲) ایک زکی غلام (لڑکا) تجھے ملے گا۔

(۲)اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام میں ’’وجیہہ اور پاک لڑکے‘‘ کے متعلق بڑی وضاحت کیساتھ یہ فرمادیا ہے کہ ’’وہ لڑکا تیرے ہی تخم سے تیری ہی ذریت و نسل ہوگا‘‘۔لیکن زکی غلام کے متعلق اللہ تعالیٰ نے کچھ نہیں فرمایا کہ وہ کیا ہوگا اور کون ہوگا۔؟

(۳)زکی غلام کو مُلہم نے اپنا جسمانی لڑکا خیال کرتے ہوئے اِس کیساتھ بریکٹ میں لفظ (لڑکا) لکھا ہے اور یہ بریکٹ میں (لڑکا) اِلہامی لفظ نہیں ہے بلکہ مُلہم کا زکی غلام کے متعلق اپنا قیاس اور اجتہاد ہے۔

(۴) ۲۰۔فروری ۱۸۸۶ء کی اِلہامی پیشگوئی میں زکی غلام مصلح موعود ہے اور اِس سے متعلق پیشگوئی ’’اُس کیساتھ فضل ہے۔۔۔۔سے شروع ہوکر۔۔۔۔ وَ كَانَ اَمْرًا مَّقْضِيًّا۔‘‘ آخر تک جاتی ہے۔پیشگوئی مصلح موعود میں ’’وجیہہ اور پاک لڑکے‘‘ کی پیشگوئی بطور فرع شامل ہے۔

(۵)اِس اِلہامی پیشگوئی میں اللہ تعالیٰ نے مُلہم کو اِس بارے میں قطعاً کوئی خبر نہیں دی ہے کہ یہ ’’وجیہہ اور پاک لڑکا‘‘ اور یہ ’’زکی غلام‘‘ کب پیدا ہونگے۔؟ اِلہامی پیشگوئی کے الفاظ ہمیں بتا رہے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے مُلہم کو اِس معاملہ میں مکمل طور پر لاعلم رکھا ہے۔

(۶)اللہ تعالیٰ نے ۲۰۔فروری ۱۸۸۶ء کی اِلہامی پیشگوئی میں زکی غلام (مصلح موعود) کی پہچان کیلئے درج ذیل الفاظ میں قطعی اور علمی اور مرکزی علامات بیان فرمائیں ہیں:۔

☆وہ سخت ذہین و فہیم ہوگا۔اور دل کا حلیم۔اور علوم ظاہری و باطنی سے پُر کیا جائے گا۔اور وہ تین کو چار کرنیوالا ہوگا۔(اِسکے معنی سمجھ میں نہیں آئے) دوشنبہ ہے مبارک دوشنبہ۔فرزند دلبند گرامی ارجمند۔ مَظْهَرُ الْاَوَّلِ وَ الْاٰخِرِ۔مَظْهَرُ الْحَقِّ وَ الْعَلَآءِ كَاَنَّ اللّٰهَ نَزَلَ مِنَ السَّمَآءِ۔☆

مجھے اُمید ہے کہ اِلہامی پیشگوئی سے یہ جو چھ باتیں میں نے بطور حقائق لکھی ہیں جماعت احمدیہ میں کسی بھی صاحب علم و صاحب نظر کو نہ اِن میں کوئی شک ہوسکتا ہے اور نہ ہی کوئی

اعتراض ۔ یہ ۲۰۔فروری ۱۸۸۶ء کی اِلہامی پیشگوئی کے چھ حقائق ہیں جن سے اِنکار ممکن نہیں ہے۔اور اُمید ہے جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب بھی اِس سے اتفاق کریں گے۔ اِن چھ (۶) حقائق کے علاوہ ایک ساتویں (۷) حقیقت یہ بھی پیش نظر رکھنی چاہیے کہ زکی غلام جس کے متعلق حضورؑ کا یہ اجتہادی خیال تھا کہ وہ آپ کا جسمانی لڑکا ہوگا۔ اِس اجتہادی خیال کے مطابق پیدا ہونیوالے جسمانی لڑکے نے بھی حضرت نصرت جہاں بیگمؓ کی بجائے کسی پارساطبع اور نیک سیرت تیسری اہلیہ کے بطن سے پیدا ہونا تھا۔ یہ یادرہے کہ ۲۰۔فروری ۱۸۸۶ء کی اِلہامی پیشگوئی کے معاً بعد حضورؑ نے ایک کشف دیکھا تھا۔ ۸۔جون ۱۸۸۶ء کو ایک خط میں اِس کشف کا ذکر کرتے ہوئے آپؑ حضرت مولوی نورالدینؓ صاحب سے فرماتے ہیں:۔

☆ شاید چار ماہ کا عرصہ ہوا۔کہ اس عاجز پر ظاہر کیا گیا تھا کہ ایک فرزند قوی الطاقتین ،کامل الظاہر والباطن تم کو عطا کیا جائے گا۔سواس کا نام بشیر ہوگا۔اب تک میرا قیاسی طور پر خیال تھا کہ شاید وہ فرزند مبارک اسی اہلیہ سے ہوگا۔اب زیادہ تر الہام اس بات میں ہورہے ہیں کہ عنقریب ایک اور نکاح تمہیں کرنا پڑے گا اور جناب اِلٰہی میں یہ بات قرار پا چکی ہے کہ ایک پارساطبع اور نیک سیرت اہلیہ تمہیں عطا ہوگی۔وہ صاحبِ اولاد ہوگی۔اس میں تعجب کی بات یہ ہے کہ جب الہام ہوا تو ایک کشفی عالم میں چار پھل مجھ کو دیئے گئے۔ تین ان میں سے تو آم کے تھے مگر ایک پھل سبز رنگ بہت بڑا تھا۔وہ اس جہان کے پھلوں سے مشابہ نہیں تھا۔اگرچہ ابھی یہ الہامی بات نہیں مگر میرے دل میں یہ پڑا ہے کہ وہ پھل جو اس جہان کے پھلوں میں سے نہیں ہے۔وہی مبارک لڑکا ہے۔کیونکہ کچھ شک نہیں کہ پھلوں سے مراد اولاد ہے۔اور جبکہ ایک پارساطبع اہلیہ کی بشارت دی گئی اور ساتھ ہی کشفی طور پر چار پھل دیئے گئے۔جن میں سے ایک پھل الگ وضع کا ہے تو یہی سمجھا جاتا ہے۔وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَاب ۔مگر میری دانست میں اس لڑکے کے تولد سے پہلے ضروری معلوم ہوتا ہے کہ یہ تیسری شادی ہوجائے۔۔۔اِن دنوں میں اِتفاقاً ئی شادی کیلئے دو (۲) شخصوں نے تحریک کی تھی مگر جب اِنکی نسبت استخارہ کیا گیا تو ایک عورت کی نسبت جواب ملا کہ اس کی قِسمت میں ذلّت ومحتاجگی و بےعزتی ہے اوراس لائق نہیں کہ تمہاری اہلیہ ہواور دوسری کی نسبت اِشارہ ہوا کہ اس کی شکل اچھی نہیں۔گویا یہ اس بات کی طرف اشارہ تھا کہ صاحبِ صورت وصاحبِ سیرت لڑکا (موعود زکی غلام۔ناقل) جس کی بشارت دی گئی ہے وہ برعایت مناسبت ظاہری اہلیہ جمیلہ و پارساطبع سے پیدا ہوسکتا ہے۔واللہ اعلم بالصّواب۔'' ☆

(تذکرہ صفحہ ۱۱۲ تا ۱۱۳ بحوالہ از مکتوب مورخہ ۸ جون ۱۸۸۶ء بنام حضرت خلیفۃ المسیح اولؓ مکتوبات احمدیہ جلد پنجم نمبر ۲ صفحہ ۵،۶)

حضورؑ کے اِس خط سے درج ذیل تین باتیں ثابت ہیں۔

(**اولاً**) آپؑ کا یہ خیال تھا یا آپکو یہ امید لگی ہوئی تھی کہ یہ سبز رنگ کا بڑا پھل '' زکی غلام یعنی مصلح موعود'' آپکا جسمانی بیٹا ہوگا۔

(**ثانیاً**) وہ جسمانی بیٹا حضرت ام المومنین نصرت جہاں بیگمؓ کے بطن سے نہیں ہوگا۔

(**ثالثاً**) یہ کہ عنقریب مجھے ایک اور نکاح کرنا پڑے گا اور وہ زکی غلام کسی پارساطبع اور نیک سیرت تیسری اہلیہ سے ہوگا۔

بعدازاں حضورؑ نے اِس تیسری زوجہ کے واسطے اپنے ماموں زاد بھائی احمد بیگ ہوشیارپوری کی دُختر کلاں (محمدی بیگم) کے نکاح کیلئے سلسلہ جنبانی بھی فرمایا تھا۔خاکسار اِس کی تفصیل یہاں چھوڑتا ہے۔اگر کسی کو اس ضمن میں مزید معلومات درکار ہوں تو وہ میرا مضمون نمبر ۳۲ ''حضرت مہدی ومسیح موعودؑ اور پیشگوئی محمدی بیگم'' کا مطالعہ کرسکتا ہے۔ اِس ساتویں (۷) حقیقت کے مطابق اگر یہ زکی غلام حضورؑ کے گھر میں پیدا بھی ہوناتھا تب بھی یہ کسی تیسری زوجہ کے بطن سے پیدا ہونا تھا نہ کہ حضرت نصرت جہاں بیگمؓ کے بطن سے۔

اب میں پھر ۲۰۔فروری ۱۸۸۶ء کی اِلہامی پیشگوئی کی طرف آتا ہوں۔اِس اِلہامی پیشگوئی کی اشاعت کے بعد قادیان کے دومخالفوں (حافظ سلطانی کشمیری وصابر علی) نے کچھ دیگر ساکنان قادیان (مرزا نواب بیگ ومیاں شمس الدین ومرزا غلام علی) کے رُوبرو مشتہر پیشگوئی کے خلاف یہ جھوٹ بولا ''کہ ہماری دانست میں عرصہ ڈیڑھ ماہ سے صاحب مشتہر کے گھر میں لڑکا پیدا ہوگیا ہے''۔مخالفوں اور شریروں کے اِس بے بنیاد اور جھوٹے الزام کو رفع دفع کرنے کیلئے حضورؑ نے مورخہ ۲۲۔مارچ ۱۸۸۶ء کو ایک اشتہار بنام ''اِشتہار واجب الاظہار'' شائع فرمایا اور اِس میں آپؑ فرماتے ہیں:۔

''ابھی تک جو ۲۲۔مارچ ۱۸۸۶ء ہے۔ہمارے گھر میں کوئی لڑکا بجز پہلے دو لڑکوں کے جن کی عمر ۲۰۔۲۲ سال سے زیادہ ہے، پیدا نہیں ہوا۔لیکن ہم جانتے ہیں کہ ایسا لڑکا بموجب وعدہ اِلٰہی ۹ برس کے عرصہ تک ضرور پیدا ہوگا خواہ جلد ہوخواہ دیر سے۔ بہرحال اس عرصہ کے اندر پیدا ہوجائے گا۔اور یہ اتہام کہ گویا ڈیڑھ ماہ سے پیدا ہوگیا ہے،سراسر دروغ ہے۔ ہم اِس دروغ کے ظاہر کرنے کیلئے لکھتے ہیں کہ آجکل ہمارے گھر کے لوگ بمقام چھاؤنی انبالہ صدر بازار اپنے والدین کے پاس یعنے اپنے والد میر ناصر نواب صاحب نقشہ نویس دفتر نہر کے پاس بود و باش رکھتے ہیں اور اِنکے گھر متصل منشی مولا بخش صاحب ملازم ڈاک ریلوے اور بابو محمدؐ صاحب کلرک دفتر نہر رہتے ہیں۔معترضین یا جس شخص کو شبہ ہو اِس پر واجب ہے کہ اپنا شبہ رفع کرنے کیلئے وہاں چلا جاوے اور اِس جگہ اردگرد سے خوب دریافت کرلے۔اگر کرایہ آمدورفت موجود نہ ہو تو ہم اِس کو دے دیں گے۔لیکن اگر اب بھی جاکر دریافت نہ کرے اور دروغ گوئی سے باز نہ آوے تو بجز اس کے کہ ہمارے اور تمام حق پسندوں کی نظر میں لعنت اللہ علیٰ الکاذبین کا لقب پاوے اور نیز زیر عتاب حضرت احکم

الحاکمین کے آوے اور کیا ثمرہ اس یاوہ گوئی کا ہوگا۔'' (مجموعہ اشتہارات جلد اصفحہ ۱۱۳۔۱۱۴)

۲۲۔مارچ ۱۸۸۶ء کے ''اِشتہار واجب الاظہار'' کی اشاعت کے مقاصد

اب متذکرہ بالا ۲۲۔مارچ ۱۸۸۶ء کے اشتہار کے حوالہ سے یہ بات واضح اور طے بھی ہوگئی ہے کہ حضورؑ نے اِشتہار ۲۲۔مارچ ۱۸۸۶ء میں یہ جو فرمایا تھا کہ۔''لیکن ہم جانتے ہیں کہ ایسا لڑکا بموجب وعدہ اِلٰہی ۹ برس کے عرصہ تک ضرور پیدا ہوگا خواہ جلد ہو خواہ دیر سے۔بہر حال اس عرصہ کے اندر پیدا ہو جائے گا''اِس کے دو مقاصد تھے۔

(اولاً)۔مخالفوں کے اِس الزام کو دور کرنے کیلئے کہ''مشتہر پیشگوئی کے گھر میں پہلے ہی لڑکا پیدا ہو گیا ہے''۔آپ نے اپنے اِن الفاظ میں واضح کیا تھا کہ میرے گھر میں اس وقت تک میری دوسری زوجہ کے ہاں سے کوئی لڑکا پیدا نہیں ہوا ہے بلکہ وہ لڑکا (یعنی زکی غلام جسے آپؑ اپنا لڑکا سمجھ رہے تھے) آئندہ ۹ سال کے عرصہ میں کسی وقت پیدا ہوگا۔

(ثانیاً)۔۲۰۔فروری ۱۸۸۶ء کی اِلہامی پیشگوئی کے شائع ہونے کے بعد لوگوں کے اندر لڑکے کی پیدائش کے وقت کے بارے میں جو سوال پیدا ہو گیا تھا کہ یہ لڑکا کب پیدا ہوگا۔؟ اِس سوال کا حضورؑ نے اپنے اجتہادی اور قیاسی علم کی روشنی میں یہ جواب دیا تھا کہ میرے خیال میں وہ لڑکا آئندہ ۹ سال کے عرصہ میں پیدا ہو جائے گا۔

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! اُمید ہے اب اِس میں تو کسی شک وشبہ کی گنجائش نہیں ہے کہ حضورؑ کے یہ الفاظ کہ''لیکن ہم جانتے ہیں کہ ایسا لڑکا بموجب وعدہ اِلٰہی ۹ برس کے عرصہ تک ضرور پیدا ہوگا خواہ جلد ہو خواہ دیر سے۔بہر حال اس عرصہ کے اندر پیدا ہو جائے گا''اللہ تعالیٰ کا کوئی اِلہام نہیں تھا بلکہ یہ ملہم کا اپنے لڑکے (یعنی زکی غلام) کی پیدائش کے متعلق اپنا اندازہ اور وقت کی قیاسی حد بندی (conjectural time limit) تھی۔(سرِ دست یہاں اتنا ہی کافی ہے۔اِسکے باوجود اگر کسی کو حضورؑ کے اِن الفاظ کے اجتہادی یا قیاسی ہونے میں کوئی شک ہو تو میں آگے جا کر اُس کا یہ شک دور کر دوں گا اور وہ انشاء اللہ تعالیٰ اِس حقیقت کو تسلیم کرے گا کہ واقعی حضورؑ کے یہ الفاظ اجتہادی یا قیاسی تھے۔)

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! اُمید ہے یہاں تک جو لکھا جا چکا ہے آپ بھی اِس سے اتفاق کریں گے۔اِن دو ثبوتوں یعنی (اولاً)۔اِلہامی پیشگوئی میں زکی غلام کے متعلق اللہ تعالیٰ نے کوئی وضاحت نہیں فرمائی تھی کہ وہ کیا ہوگا اور کون ہوگا۔؟ یعنی حضورؑ کا کوئی جسمانی لڑکا ہوگا یا کہ آپکا کوئی روحانی فرزند ہوگا وغیرہ اور (ثانیاً)۔حضورؑ نے اپنے ۲۲۔مارچ ۱۸۸۶ء کے''اِشتہار واجب الاظہار''میں اپنے زعم میں آئندہ ولادت پانیوالے موعود لڑکے کی پیدائش کیلئے بطور تخمینہ ۹ سال کی مدت مقرر فرمائی تھی۔اِسکے بعد ہم آگے بڑھتے ہیں اور دیکھتے ہیں کہ بعد ازاں کیا ہوتا ہے۔؟ ۱۵۔اپریل ۱۸۸۶ء کو حضورؑ کے گھر میں ایک لڑکی پیدا ہوئی اور آپؑ نے اِس کا نام عصمت رکھا (یہ لڑکی بعد ازاں ۱۸۹۱ء میں وفات پا گئی)۔۷۔اگست ۱۸۸۷ء کے دن حضورؑ کے گھر میں ایک لڑکا پیدا ہوا۔آپؑ نے اِس لڑکے کا نام بشیر احمد رکھا اور اسی روز آپؑ نے ایک اشتہار بنام''خوشخبری''شائع فرمایا۔آپؑ اِس اشتہار کا آغاز اس طرح فرماتے ہیں:۔

☆اے ناظرین! میں آپ کو بشارت دیتا ہوں کہ وہ لڑکا جسکے تولد کیلئے میں نے اشتہار ۸۔اپریل ۱۸۸۶ء میں پیشگوئی کی تھی اور اللہ تعالیٰ سے اطلاع پا کر اپنے کھلے کھلے بیان میں لکھا تھا کہ اگر وہ حمل موجودہ میں پیدا نہ ہوا تو دوسرے حمل میں جو اس کے قریب ہے ضرور پیدا ہو جائیگا۔آج ۱۶۔ذیقعدہ ۱۳۰۴ھ مطابق ۷۔اگست ۱۸۸۷ء میں ۱۲ بجے رات کے بعد ڈیڑھ بجے کے قریب وہ مولود مسعود پیدا ہو گیا۔فالحمدللہ علیٰ ذٰلک۔☆ (مجموعہ اشتہارات جلد اول صفحہ ۱۴۱)

بشیر احمد (اول) کی وفات۔

آپؑ نے بشیر احمد کی پیدائش پر اِس لڑکے کو''مولود مسعود''کا نام دے کر اِس کے متعلق پیشگوئی مصلح موعود کے مصداق ہونے کا واضح اشارہ فرما دیا تھا لیکن رضائے اِلٰہی کے تحت یہ بچہ پندرہ (۱۵) ماہ زندہ رہ کر ۴۔نومبر ۱۸۸۸ء کے دن فوت ہو گیا۔چنانچہ ۴۔دسمبر ۱۸۸۸ء کو آپؑ حضرت مولوی نور الدین ؓ کو ایک خط میں فرماتے ہیں:۔

(ا) ☆ یہ عبارت کہ خوبصورت پاک لڑکا۔۔۔۔۔جو آسمان سے آتا ہے۔یہ تمام عبارت چندروزہ زندگی کی طرف اشارہ ہے کیونکہ مہمان وہی ہوتا ہے جو چند روز رہ کر چلا جاوے اور دیکھتے دیکھتے رخصت ہو جائے۔اور بعد کا فقرہ مصلح موعود کی طرف اشارہ ہے اور آخیر تک اُسکی تعریف ہے۔۔۔۔۔بیس ۲۰ فروری کی پیشگوئی۔۔۔دو پیشگوئیوں پر مشتمل تھی جو غلطی سے ایک سمجھی گئی۔اور پھر بعد میں الہام الٰہی نے اس غلطی کو رفع کر دیا۔☆ (تذکرہ صفحہ ۱۰۹ بحوالہ مکتوب ۴ دسمبر ۱۸۸۸ء بنام حضرت خلیفۃ المسیح اولؓ)

شروع میں خاکسار''پیشگوئی مصلح موعود کے حقائق''کے عنوان کے تحت یہ بیان کر آیا ہے کہ ۲۰۔فروری ۱۸۸۶ء کی اِلہامی پیشگوئی مصلح موعود میں اللہ تعالیٰ نے حضورؑ کو دو (۲) نشانوں یا دو (۲) وجودوں کی بشارت بخشی تھی یعنی اِس اِلہامی پیشگوئی میں دو پیشگوئیاں موجود ہیں۔اب حضورؑ کے متذکرہ بالا خط سے اِس اَمر کی تصدیق ہوگئی ہے کہ یہ ایک پیشگوئی کے بھیس میں دو پیشگوئیاں تھیں۔

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! اب آگے چلتے ہیں اور دیکھتے ہیں کہ پھر آگے کیا ہوتا ہے۔؟
بشیر احمد اول کی وفات کے بعد حضورؑ نے یکم دسمبر ۱۸۸۸ء کو ایک اِشتہار بعنوان ''حقانی تقریر بر واقعہ وفاتِ بشیر'' شائع کیا۔ چونکہ یہ اشتہار سبز رنگ کے اوراق پر شائع کیا گیا تھا لہٰذا یہ اشتہار ''سبز اِشتہار'' کے نام سے موسوم اور مشہور ہو گیا۔ سبز اِشتہار کے حاشیہ میں آپؑ فرماتے ہیں:۔

سبز اِشتہار کا پہلا حوالہ

(۱) ''اور خدا تعالیٰ نے مجھ پر یہ بھی ظاہر کیا کہ ۲۰۔فروری ۱۸۸۶ء کی پیشگوئی حقیقت میں دو سعید لڑکوں کے پیدا ہونے پر مشتمل تھی اور اس عبارت تک کہ مبارک وہ جو آسمان سے آتا ہے پہلے بشیر کی نسبت پیشگوئی ہے کہ جو روحانی طور پر نزولِ رحمت کا موجب ہوا اور اِسکے بعد کی عبارت دوسرے بشیر کی نسبت ہے۔'' (سبز اشتہار تصنیف یکم دسمبر ۱۸۸۸ء/ روحانی خزائن جلد ۲ صفحہ ۴۶۳ حاشیہ/ مجموعہ اشتہارات جلد اول صفحہ ۱۷۹ حاشیہ)

سبز اِشتہار کے اِس پہلے حوالہ کے متعلق دو (۲) گذارشات

(۱) سبز اشتہار کے متذکرہ بالا حوالے میں حضورؑ نے یہ جو فرمایا ہے کہ ''خدا تعالیٰ نے مجھ پر یہ بھی ظاہر کیا کہ ۲۰۔فروری ۱۸۸۶ء کی پیشگوئی حقیقت میں دو سعید لڑکوں کے پیدا ہونے پر مشتمل تھی''۔ اس ضمن میں عرض ہے کہ ۲۰ فروری ۱۸۸۶ء کی الہامی پیشگوئی میں بلا شک وشبہ دو نشانوں کی بشارت دی گئی ہے یعنی ایک وجیہہ اور پاک لڑکا اور دوسرا زکی غلام۔ لیکن عملی طور پر زکی غلام حضورؑ کا صلبی لڑکا ثابت نہیں ہوتا (اس کی تفصیل بعد میں آئے گی) بلکہ وہ آپؑ کا روحانی فرزند ثابت ہوتا ہے۔ ایسے ہی جیسے آپؑ بذات خود آنحضرت ﷺ کے روحانی پسر تھے۔ لہٰذا حضورؑ کے کلام اور الہام میں تطبیق پیدا کرنے کی خاطر ہمارے لیے اسکے سوا کوئی چارہ نہیں رہتا کہ ہم یہ یقین کریں کہ حضورؑ کی دو سعید لڑکوں سے مراد ایک جسمانی لڑکا اور دوسرا روحانی لڑکا تھی۔ اگر کوئی احمدی حضورؑ کے فرمودہ کے مطابق ان دو سعید لڑکوں کو حضورؑ کے دو جسمانی لڑکے ہی مراد لینے کی کوشش کرتا ہے تو اس کا ایسا کرنا دراصل حضورؑ کے دعویٰ مہدی و مسیح موعود کو جھٹلانے کے مترادف ہوگا۔ لیکن مجھے امید ہے کہ کوئی بھی سچا اور باغیرت احمدی ایسا کرنا تو درکنار ایسا کرنے کا سوچ بھی نہیں سکتا۔

(۱۱) اسی حوالے کے آخر میں حضورؑ نے آگے یہ جو فرمایا ہے کہ ''اور اِسکے بعد کی عبارت دوسرے بشیر کی نسبت ہے''۔ ۲۰۔فروری ۱۸۸۶ء کی اِلہامی پیشگوئی میں بعد کی یہ عبارت ان الفاظ سے شروع ہوتی ہے کہ ''اس کیساتھ فضل ہے جو اسکے آنے کیساتھ آئے گا۔۔۔۔۔ وَ کَانَ اَمۡرًا مَّقۡضِیًّا۔ تک''۔ الہامی پیشگوئی کے یہ الفاظ دراصل مصلح موعود کے متعلق ہیں۔ اور حضورؑ نے یہ جو فرمایا ہے کہ ''اور اسکے بعد کی عبارت دوسرے بشیر کی نسبت ہے'' لگتا ہے کہ حضورؑ کے یہ الفاظ الہامی نہیں بلکہ آپؑ کا ذاتی اجتہاد تھے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ بعد ازاں جب یہ دوسرا بشیر پیدا ہوتا ہے تو اس کی پیدائش کے موقعہ پر حضورؑ نے قطعی طور پر یہ نہیں فرمایا تھا کہ ''یہی لڑکا مصلح موعود ہے''۔ اگر تو حضورؑ اس دوسرے بشیر کی پیدائش کے موقعہ پر یہ فرما دیتے کہ ''قطعی طور پر یہی لڑکا مصلح موعود ہے'' تو پھر تو ہم گمان کر سکتے تھے کہ شاید حضورؑ کے یہ الفاظ اِلہامی ہوں لیکن اگر دوسرے بشیر کی پیدائش کے موقعہ پر بذات خود ملہم نے یہ فرنایا ہو کہ اس لڑکے ''کا نام بِالفِعل محض تفاؤل کے طور پر بشیر اور محمود بھی رکھا گیا ہے اور کامل اِنکشاف کے بعد پھر اِطلاع دی جائے گی مگر ابھی تک مجھ پر یہ نہیں کھلا کہ یہی لڑکا مصلح موعود اور عمر پانے والا ہے یا وہ کوئی اور ہے'' تو پھر ملہم کے اپنے الفاظ ہی سے یہ ثابت ہو گیا کہ ''اور اسکے بعد کی عبارت دوسرے بشیر کی نسبت ہے۔'' کے الفاظ الہامی نہیں تھے بلکہ آپؑ کا ذاتی اجتہاد اور قیاس تھے۔

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! خاکسار نے سبز اِشتہار کے اِس حوالہ کے متعلق جو دو گذارشات پیش کی ہیں اِن کے بارے میں آپ کو بھی اور کسی اور کو بھی کسی شک اور اعتراض کی گنجائش نہیں ہو سکتی اور اگر کوئی ہوئی تو میں اِس کا بھی شافی جواب دوں گا اِنشاءاللہ تعالیٰ۔ اسی سبز اشتہار میں آگے جا کر حاشیہ ہی میں آپؑ فرماتے ہیں:۔

سبز اِشتہار کا دوسرا حوالہ

(۲) ''اور یہ دھوکا کھانا نہیں چاہیے کہ جس پیشگوئی کا ذکر ہوا ہے وہ مصلح موعود کے حق میں ہے۔ کیونکہ بذریعہ الہام صاف طور پر کھل گیا ہے کہ یہ سب عبارتیں پسرِ متوفی کے حق میں ہیں اور مصلح موعود کے حق میں جو پیشگوئی ہے وہ اس عبارت سے شروع ہوتی ہے کہ اس کیساتھ فضل ہے جو اسکے آنے کیساتھ آئے گا۔ پس مصلح موعود کا نام اِلہامی عبارت میں فضل رکھا گیا اور نیز دوسرا نام اس کا محمود اور تیسرا نام اس کا بشیر ثانی بھی ہے اور ایک الہام میں اس کا نام فضل عمر ظاہر کیا گیا ہے۔ اور ضرور تھا کہ اس کا آنا معرضِ التوا میں رہتا جب تک یہ بشیر جو فوت ہو گیا ہے پیدا ہو کر پھر واپس اُٹھایا جاتا کیونکہ یہ سب امور حکمتِ الٰہیہ نے اُسکے قدموں کے نیچے رکھے تھے اور بشیر اوّل جو فوت ہو گیا ہے۔ بشیر ثانی کیلئے بطور اِرہاص تھا اسلئے دونوں کا ایک ہی پیشگوئی میں ذکر کیا گیا۔'' (ایضاً صفحہ ۴۶۷۔ ایضاً صفحہ ۱۸۳ تا ۱۸۴)

سبز اِشتہار کے اِس دوسرے حوالہ کے متعلق پھر دو (۲) گذارشات

(ا) سبز اشتہار کے اِس حوالہ میں حضورؑ نے یہ جوفرمایا ہے کہ ’’اور یہ دھوکا کھانا نہیں چاہیے کہ جس پیشگوئی کا ذکر ہوا ہے وہ مصلح موعود کے حق میں ہے۔ کیونکہ بذریعہ الہام صاف طور پر کھل گیا ہے کہ یہ سب عبارتیں پسر متوفی کے حق میں ہیں اور مصلح موعود کے حق میں جو پیشگوئی ہے وہ اس عبارت سے شروع ہوتی ہے کہ اس کیساتھ فضل ہے جو اسکے آنے کیساتھ آئے گا‘‘۔ حضورؑ کی یہ بات بالکل سچ ہے کیونکہ ۲۰۔ فروری ۱۸۸۶ء کی الہامی پیشگوئی دراصل مصلح موعود ہی کے متعلق ہے۔ اس عظیم الشان پیشگوئی مصلح موعود میں اللہ تعالیٰ نے بطور فرع ضمنی طور پر پسر متوفی (وجیہہ اور پاک لڑکے) کا بھی ذکر فرمایا ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ اس پیشگوئی مصلح موعود میں اللہ تعالیٰ نے بطور فرع حضورؑ کے صلبی لڑکے کا ذکر کیوں کیا ہے۔؟ تو اس ضمن میں عرض ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ایسا اس لیے کیا ہے کیونکہ وہ آئندہ زمانہ میں حضورؑ کی جماعت اور آپکی صلبی اولاد کی آزمائش کرنا چاہتا تھا۔ اِسکے علاوہ دو (۲) پیشگوئیوں کو ایک ہی پیشگوئی مصلح موعود میں بیان کرنے کا کوئی اور مقصد معلوم نہیں ہوتا۔

(اا) اسی حوالے میں حضورؑ نے مصلح موعود کے بعض الہامی ناموں کا بھی ذکر فرمایا ہے۔ مثلاً فضل، محمود، بشیر ثانی اور فضل عمر مصلح موعود کے الہامی نام ہیں۔ اگر حضورؑ نے ان الہامی ناموں میں سے کوئی الہامی نام بطور تفاؤل اپنے کسی لڑکے کا رکھ بھی لیا ہو اور ساتھ ہی یہ بھی فرمادیا ہو کہ ’’اس لڑکے کا نام بالفعل محض تفاؤل کے طور پر بشیر اور محمود بھی رکھا گیا ہے اور کامل انکشاف کے بعد پھر اطلاع دی جائے گی مگر ابھی تک مجھ پر یہ نہیں کھلا کہ یہی لڑکا مصلح موعود اور عمر پانیوالا ہے یا وہ کوئی اور ہے‘‘ تو پھر بھی جب تک اللہ تعالیٰ کسی لڑکے کو مصلح موعود نہیں بناتا تو وہ لڑکا (بشیر الدین محمود احمد) محض بطور تفاؤل نام رکھے جانے سے مصلح موعود تو نہیں بن سکتا۔ یاد رکھنا چاہیے کہ کسی کو مصلح موعود اللہ تعالیٰ نے بنانا ہے نہ کہ کسی نے بطور تفاؤل نام رکھے جانے سے مصلح موعود بن جانا ہے۔

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! خاکسار نے سبز اِشتہار کے اِس حوالہ کے متعلق بھی جو دو گذارشات پیش کی ہیں اِن کے بارے میں آپ کو بھی اور کسی اور کو بھی کسی شک اور اعتراض کی کوئی گنجائش نہیں ہو سکتی اور اگر کوئی ہوئی تو میں اِس کا بھی شافی جواب دوں گا انشاءاللہ تعالیٰ۔

سبز اِشتہار کے اِن دونوں حوالوں کی روشنی میں ایک خاص نصیحت

اگر کوئی سمجھتا ہے کہ سبز اشتہار کے متذکرہ بالا دونوں حوالوں سے یہ تأثر ملتا ہے کہ حضور سمجھتے تھے کہ آپکو اللہ تعالیٰ نے دو سعید لڑکے بخشے تھے۔ اِن میں سے ایک یعنی ’’وجیہہ اور پاک لڑکے‘‘ کا مصداق بشیر احمد (اول) تھا جو کہ فوت ہو گیا تھا اور حضورؑ سمجھتے تھے کہ دوسرا لڑکا یعنی دوسرا بشیر یعنی بشیر ثانی زکی غلام (لڑکا) مصلح موعود ہے۔ خاکسار یہاں عرض کرتا ہے کہ اگر کسی کو سبز اِشتہار کے اِن متذکرہ بالا حوالوں سے یہ تأثر ملتا ہے تو یہ غلط نہیں ہے۔ میں اِس سلسلہ میں یہی کہوں گا کہ اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ رسول اور نبی بھی صرف ایسی کوئی خواہش تو کر سکتے ہیں لیکن اِن خواہشوں کو کہاں تک عملی جامہ پہنانا ہے یہ اللہ تعالیٰ کا اپنا اختیار ہے اور اِس میں کسی کا کوئی دخل نہیں ہو سکتا۔ ابوالانبیاء حضرت ابراہیمؑ جب اپنی بعض آزمائشوں میں پورا اترتے ہیں تو اللہ تعالیٰ آپ سے فرماتا ہے۔ ’’وَ اِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ ؕ قَالَ اِنِّیْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ؕ قَالَ وَ مِنْ ذُرِّیَّتِیْ ؕ قَالَ لَا یَنَالُ عَهْدِی الظّٰلِمِیْنَ ○ ‘‘(البقرہ۔۱۲۵) اور جب ابراہیم کو اُسکے رب نے بعض باتوں کے ذریعہ سے آزمایا اور اس نے انکو کر دکھایا (اللہ نے) فرمایا کہ میں تجھے یقیناً لوگوں کا امام مقرر کرنے والا ہوں (ابراہیم نے) کہا اور میری اولاد میں سے بھی۔ (اللہ نے) فرمایا (ہاں مگر) میرا وعدہ ظالموں تک نہیں پہنچے گا۔

ہم دیکھتے ہیں کہ حضرت ابراہیمؑ کی اپنی اولاد میں سے امام بنانے کی درخواست کو اللہ تعالیٰ نے مشروط رنگ میں قبول فرمالیا تھا۔ اِسی طرح ہمارے پیارے آقا آنحضرت ﷺ کو بھی اللہ تعالیٰ نے ایک عظیم الشان غلام (مہدی مسعود) کی بشارت بخشی تھی اور آپ ﷺ کی بھی یہ خواہش تھی کہ یہ میرا عظیم الشان غلام یعنی مہدی مسعود میری بیٹی فاطمہ کی نسل میں سے ہو گا جیسا کہ درج ذیل الفاظ سے ظاہر ہے:۔

’’وَعَنْ اُمِّ سَلَمَۃَؓ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ یَقُوْلُ اَلْمَھْدِیُّ مِنْ عِتْرَتِیْ مِنْ اَوْلَادِ فَاطِمَۃَ رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ۔ اُمّ سلمہؓ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سُنا فرماتے تھے مہدی میری عِترت اولادِ فاطمہؓ میں سے ہو گا۔ روایت کیا اسکو ابوابوداؤد نے۔‘‘ (مشکوٰۃ شریف جلد ۳ صفحہ ۲۸)

اب آنحضرت ﷺ کی اِس کھلی کھلی خواہش اور تمنا کے باوجود کیا آنحضرت ﷺ کا یہ عظیم الشان غلام (مہدی مسعود) اولادِ فاطمہؓ یعنی سادات میں سے پیدا ہوا تھا۔؟ ہرگز نہیں۔ بلکہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کسی حکمت کے تحت اُسے مغلیہ خاندان میں پیدا کیا تھا۔ بالکل اِسی طرح زکی غلام کے متعلق حضرت بانئے جماعتؑ کی یہ خواہش ضرور تھی کہ وہ آپ کا جسمانی لڑکا ہو گا لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنی کسی حکمت کے تحت اپنے بندے کی اِس خواہش کو شرف قبولیت نہ بخشا بلکہ یہ زکی غلام آپؑ کو بطور روحانی فرزند کے دیا ہے۔ اِسکی تفصیل آئندہ آئے گی۔

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! اب دیکھتے ہیں کہ آگے کیا ہوتا ہے۔؟

دوسرے بشیر یعنی بشیر ثانی کی پیدائش اور اشتہار تکمیل تبلیغ کی اشاعت

اب جب سبز اِشتہار کے بعد یہ دوسرا بشیر یا بشیر ثانی ۱۲ جنوری ۱۸۸۹ء کو پیدا ہوا تو اِسی دن حضرت مہدی و مسیح موعودؑ نے ایک اشتہار بعنوان ''تکمیل تبلیغ'' شائع کیا۔ حضورؑ نے اِس اِشتہار میں دوسرے بشیر یا بشیر ثانی کے متعلق فرمایا تھا۔ ملاحظہ فرمایئے۔ آپؑ فرماتے ہیں:۔

☆ آج ۱۲ جنوری ۱۸۸۹ء میں بمطابق ۹ جمادی الاول ۱۳۰۶ھ روز شنبہ میں اس عاجز کے گھر میں بفضلہٖ تعالےٰ ایک لڑکا پیدا ہو گیا ہے جس کا نام بالفعل محض تفاؤل کے طور پر بشیر اور محمود بھی رکھا گیا ہے اور کامل انکشاف کے بعد پھر اطلاع دی جائیگی۔ مگر ابھی تک مجھ پر یہ نہیں کھلا کہ یہی لڑکا مصلح موعود اور عمر پانیوالا ہے یا وہ کوئی اور ہے۔ لیکن میں جانتا ہوں اور محکم یقین سے جانتا ہوں کہ خدا تعالیٰ اپنے وعدے کے موافق مجھ سے معاملہ کرے گا۔ اور اگر ابھی اس موعود لڑکے کے پیدا ہونے کا وقت نہیں آیا تو دوسرے وقت میں وہ ظہور پذیر ہوگا۔ ☆ (مجموعہ اشتہارات جلد اول صفحہ ۱۹۱ حاشیہ)

اب حضورؑ کے ان الفاظ سے قطعی طور پر ثابت ہو گیا کہ سبز اشتہار میں حضورؑ نے یہ جو فرمایا تھا کہ ''اور اسکے بعد کی عبارت دوسرے بشیر کی نسبت ہے۔'' الہامی نہیں تھی بلکہ آپؑ کا محض اجتہاد تھا۔ اگر یہ الفاظ الہامی ہوتے تو حضورؑ دوسرے بشیر یا بشیر ثانی کی پیدائش پر بڑے دھڑلے سے فرماتے کہ ''قطعی طور پر یہ لڑکا مولود مسعود یا مصلح موعود ہے''۔ لیکن حضورؑ نے ایسا نہیں فرمایا بلکہ یہ فرمایا کہ ''ابھی تک مجھ پر یہ نہیں کھلا کہ یہی لڑکا مصلح موعود اور عمر پانیوالا ہے یا وہ کوئی اور ہے''۔ مزید یہ بھی فرمایا کہ اس کا ''نام بالفعل محض تفاؤل کے طور پر بشیر اور محمود بھی رکھا گیا ہے اور کامل انکشاف کے بعد پھر اطلاع دی جائیگی''۔ جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! اگر آپ یا جماعت احمدیہ کا کوئی بھی فرد ۱۲۔ جنوری ۱۸۸۹ء کے بعد مرزا بشیر الدین محمود احمد کے متعلق حضورؑ کا کسی اشتہار یا کسی کتاب میں لکھا ہوا یہ فرمان دِکھا دیں (یاد رہے کہ میں خالی لڑکے کی پیدائش کی پیشگوئی کی بات نہیں کر رہا کیونکہ حضورؑ نے اپنے سب لڑکوں کی پیدائش کی پیشگوئیوں کو اپنی کتب میں بار بار دہرایا ہے) کہ میرا یہ لڑکا موعود یا مولود مسعود یا مصلح موعودؑ ہے تو میں اپنے دعویٰ زکی غلام مسیح الزماں یعنی مصلح موعود پر از سرِ نو غور کرنے کیلئے تیار ہوں۔ لیکن آپ کو حضورؑ کا کوئی ایسا فرمان نہیں ملے گا۔

ایک اور اہم سوال۔۔۔؟؟؟؟۔۔۔آپکی توجہ کا طالب

جیسا کہ پچھلے صفحات میں سبز اِشتہار کے دونوں حوالوں میں حضور نے دوسرے بشیر کے متعلق نہ صرف یہ فرمایا تھا کہ ''اور اسکے بعد کی عبارت دوسرے بشیر کی نسبت ہے'' بلکہ مصلح موعود کے دیگر صفاتی ناموں یعنی فضل محمود، بشیر ثانی اور فضل عمر کا ذکر فرما کر اور پھر اِنکے مطابق آئندہ ۱۲۔ جنوری ۱۸۸۹ء کو پیدا ہونیوالے لڑکے کا نام بطور تفاؤل بھی رکھا تھا۔ میرا یہاں سوال ہے کہ اگر حضورؑ بغیر کسی تفاؤل کے نام رکھنے کے صاف صاف ۱۲۔ جنوری ۱۸۸۹ء کو پیدا ہونیوالے لڑکے کے متعلق یہ فرما دیتے کہ ''میرا یہ لڑکا بشیر الدین محمود احمد مصلح موعود ہے'' تو کیا اِس سے مرزا بشیر الدین محمود احمد مصلح موعود بن جاتا۔؟ جواباً عرض ہے کہ ہرگز نہیں۔ خاکسار اِس سوال کے جواب میں!

(اولاً)۔ یہ عرض کرتا ہے کہ حضورؑ جب تک اللہ تعالیٰ آپؑ پر کسی لڑکے کے متعلق قطعی طور پر یہ ظاہر نہ فرما دیتا کہ یہ تیرا لڑکا مصلح موعود ہے اُس وقت تک کسی لڑکے کے متعلق ایسا نہ فرماتے کیونکہ آپ (افرادِ جماعت کے برخلاف) جانتے تھے کہ تفاؤل کے طور پر نام رکھے جانے سے کوئی لڑکا مصلح موعود نہیں بن سکتا جب تک اللہ تعالیٰ اُسے نہ بنائے۔

(ثانیاً)۔ اگر بالفرض محال حضورؑ بشیر احمد اول اور مبارک احمد کی طرح مرزا بشیر الدین محمود احمد کے متعلق ایسا فرما بھی دیتے تب بھی جب اللہ تعالیٰ نے ۱۲۔ جنوری ۱۸۸۹ء کے بعد زکی غلام (مصلح موعود) کے متعلق مبشر الہامات نازل فرما کر اِس لڑکے کو پیشگوئی مصلح موعود کے دائرہ بشارت سے ہی باہر نکال دیا ہے تو پھر اللہ تعالیٰ کے اِلہام کے مقابلہ میں حضورؑ کے کسی اِجتہادی قول کی کوئی حیثیت نہیں رہتی۔ جیسا کہ آپؑ فرماتے ہیں۔

(۱) ☆ اب فرض کے طور پر کہتا ہوں کہ اگر ہم اپنے اجتہاد سے کسی بچہ پر یہ خیال بھی کر لیں کہ شاید یہ وہی پسر موعود ہے اور ہمارا اجتہاد خطا جائے تو اس میں الہام الٰہی کا کیا قصور ہوگا۔ کیا نبیوں کے اجتہادات میں اس کا کوئی نمونہ نہیں۔ ☆ (روحانی خزائن جلد ۴ صفحہ ۳۴۱ بحوالہ آسمانی فیصلہ۔ تصنیف دسمبر ۱۸۹۱ء)

(۲) ☆ اور یہ کہنا کہ اس لڑکے (بشیر احمد اول۔ ناقل) کو بھی مسعود کہا ہے۔ تو اے نابکار مسعودوں کی اولاد مسعود ہی ہوتی ہے اِلّا شاذ نادر۔ کون باپ ہے جو اپنے لڑکے کو سعادت اطوار نہیں بلکہ شکاوت اطوار کہتا ہے۔ کیا تمہارا یہی طریق ہے؟ اور بالفرض اگر میری یہی مراد ہوتی تو میرا کہنا اور خدا کا کہنا ایک نہیں ہے۔ میں انسان ہوں ممکن ہے کہ اجتہاد سے ایک بات کہوں اور وہ صحیح نہ ہو۔ ☆ (روحانی خزائن جلد ۱۲ صفحہ ۱۵۸ بحوالہ حُجَّۃُ اللہ۔ مطبوعہ ۱۸۹۷ء)

(۳) حضورؑ اِس حقیقت کا اظہار اپنے منظوم کلام میں کچھ یوں فرماتے ہیں۔ خدا کے قول سے قولِ بشر کیونکر برابر ہو ۔ وہاں قدرت یہاں درماندگی فرقِ نمایاں ہے

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! مجھے اُمید ہے کہ اب آپ بھی اور کوئی دوسرا احمدی بھی خدا کے قول پر قول بشر (خواہ وہ نبی ہی کیوں نہ ہو) کو ترجیح یا برابری دینے کی جسارت نہیں کرے گا۔ اب آگے چلتے ہیں اور دیکھتے ہیں کہ آگے کیا ہوتا ہے۔؟

مثیل بشیر احمد (اول) کی پیدائش

۴۔نومبر ۱۸۸۸ء کے دن بشیر احمد اول کی وفات پر مخالفوں نے طرح طرح کی بیجا باتیں کیں اور بہت کچھ مخالفت میں شور مچایا۔مخالفوں کے اس رویے سے آپؑ غم زدہ ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے آپ کی غم گساری کیلئے آپؑ کو بشیر احمد اول کے مثیل کی بشارت بخش دی۔آپؑ اپنی کتاب سرّ الخلافۃ میں فرماتے ہیں:۔

☆اِنَّ لِیْ کَانَ اِبْناً صَغِیْراً وَّ کَانَ اسْمُہ بَشِیْرًا فَتَوَفَّاہُ اللّٰہُ فِیْ اَیَّامِ الرِّضَاعِ۔وَاللّٰہُ خَیْرٌ وَّ اَبْقٰی لِلَّذِیْنَ اٰثَرُوْا سُبُلَ التَّقْوٰی وَالِارْتِیَاعِ فَاُلْھِمْتُ مِنْ رَّبِّیْ۔ اِنَّا نَرُدُّہٗ اِلَیْکَ تَفَضُّلًا عَلَیْکَ۔☆(روحانی خزائن جلد۸صفحہ ۳۸۱ بحوالہ سرّ الخلافۃ صفحہ ۵۳ مطبوعہ ۱۸۹۴ء) ترجمہ۔میرا ایک لڑکا جس کا نام بشیر احمد تھا شیر خوارگی کے ایام میں فوت ہو گیا۔اور حق یہ ہے کہ جن لوگوں نے تقویٰ اور خشیت الٰہی کے طریق کو اختیار کر لیا ہوا ُن کی نظر اللہ تعالیٰ پر ہی ہوتی ہے۔اس وقت مجھے خدا تعالیٰ کی طرف سے الہام ہوا جس کا ترجمہ یہ ہے کہ ہم محض اپنے فضل اور احسان سے وہ تجھے واپس دیں گے (یعنی اس کا مثیل عطا ہوگا۔سو اللہ تعالیٰ نے ایک دوسرا بیٹا عطا فرمایا)۔

اِسکی مزید وضاحت اِس خط سے بھی ہو جاتی ہے جو کہ آپؑ نے حضرت مولانا نورالدینؓ کے نام ۴۔دسمبر ۱۸۸۸ء کو لکھا تھا۔اس خط میں آپؑ فرماتے ہیں:۔

☆ایک الہام میں اس دوسرے فرزند کا نام بھی بشیر رکھا۔چنانچہ فرمایا کہ ’’ایک دوسرا بشیر تمہیں دیا جائے گا‘‘ یہ وہی بشیر ہے جس کا دوسرا نام محمود ہے۔جسکی نسبت فرمایا۔کہ وہ اولوالعزم ہوگا اور حسن و احسان میں تیرا نظیر ہوگا۔یَخْلُقُ مَا یَشَآءُ۔☆(تذکرہ صفحہ ۱۳۱ (چوتھا ایڈیشن) بحوالہ مکتوب ۴۔دسمبر ۱۸۸۸ء بنام حضرت خلیفۃ المسیح اولؓ)

جیسا کہ شروع میں بیان کیا جا چکا ہے کہ ۲۰۔فروری ۱۸۸۶ء کی الہامی پیشگوئی مصلح موعود میں بطور فرع ’’وجیہہ اور پاک لڑکے‘‘ کی پیشگوئی بھی شامل تھی۔حضورؑ کے بقول اس کے اولین مصداق بشیر احمد (اول) تھے۔اللہ تعالیٰ نے اُسے خوردسالی میں وفات دے کر آگے اُسکے مثیل کی بشارت دیدی جیسا کہ مندرجہ بالا الہامات سے قطعی طور پر ثابت ہے۔اِس بشارت کے بعد اور اِسکے مطابق پھر ۱۲۔جنوری ۱۸۸۹ء کو مرزا بشیر الدین محمود احمد بطور مثیل بشیر احمد (اول) پیدا ہوئے۔آپکی پیدائش کے بعد بھی زکی غلام یعنی مصلح موعود کی بشارات کا سلسلہ ہنوز جاری رہتا ہے۔

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! اب تک جو لکھا جا چکا ہے اِس کا حاصل مطالعہ یہ ہے۔حضرت بانئے جماعت کو ۲۰۔فروری ۱۸۸۶ء کی اِلہامی پیشگوئی میں اللہ تعالیٰ نے دو (۲) نشان عطا کرنے کا وعدہ فرمایا تھا۔شروع شروع میں حضورؑ اِس الہامی پیشگوئی کو ایک ہی پیشگوئی سمجھتے رہے یا بالفاظ دیگر دونوں نشانوں کو ایک ہی نشان سمجھتے رہے۔جب ۷۔اگست ۱۸۸۷ء کو بشیر احمد (اول) پیدا ہوا تو آپؑ نے اُسے اِلہامی پیشگوئی مصلح موعود کا مصداق سمجھتے ہوئے مولود مسعود فرما دیا۔لیکن جب یہ لڑکا پندرہ (۱۵) مہینے کے بعد ۴۔نومبر ۱۸۸۸ء کو فوت ہوا تو پھر آپکو پتہ چل گیا کہ ۲۰۔فروری ۱۸۸۶ء کی اِلہامی پیشگوئی دو (۲) پیشگوئیوں پر مشتمل تھی جو کہ غلطی سے ایک سمجھی گئی۔سبز اِشتہار میں حضورؑ نے یہ وضاحت بھی فرما دی کہ دونوں (۲) میں سے ایک پیشگوئی جو ’’وجیہہ اور پاک لڑکے‘‘ کے متعلق تھی اِس کا مصداق بشیر احمد (اول) پسر متوفی تھا اور دوسری پیشگوئی (جو زکی غلام کے متعلق تھی) اِس کا مصداق آپؑ نے اجتہادی رنگ میں دوسرے بشیر کو ٹھہرا دیا۔لیکن جب ۱۲۔جنوری ۱۸۸۹ء کو دوسرا بشیر یا بشیر ثانی پیدا ہوا تو پھر اس وقت آپؑ نے سبز اشتہار کے مطابق اس دوسرے بشیر یا بشیر ثانی کو مصلح موعود قرار نہیں دیا بلکہ صرف اس کا نام بطور تفاؤل بشیر الدین محمود احمد رکھا۔اب تک حضورؑ کے گھر میں دو ہی لڑکے پیدا ہوئے تھے۔پہلا بشیر احمد (اول)۔اِس کو آپ نے مولود مسعود فرما کر مصلح موعود ہونے کا عندیا دیا تھا لیکن یہ لڑکا خوردسالی میں فوت ہو گیا۔پھر دوسرا لڑکا بشیر الدین محمود احمد پیدا ہوا۔اِسکے متعلق اگرچہ سبز اشتہار میں آپؑ نے فرمایا تھا کہ ’’اور اسکے بعد کی عبارت دوسرے بشیر کی نسبت ہے‘‘ لیکن اِسکی پیدائش کے بعد آپؑ نے صرف اِس لڑکے کا نام بطور تفاؤل رکھا اور اِسے مصلح موعود قرار نہ دیا بلکہ فرمایا جب اللہ تعالیٰ مجھے واضح طور پر خبر دے گا تب میں اِس کا اعلان کروں گا۔جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! یہ تھا اب تک کی ہماری بحث کا ماحصل یا نتیجہ۔اب دیکھتے ہیں کہ آگے کیا ہوتا ہے۔؟

۱۸۹۷ء تک بھی زکی غلام یعنی مصلح موعود کا کوئی تعین نہیں تھا

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب!۔۱۸۹۷ء تک حضورؑ کے ہاں تینوں لڑکے بشیر الدین محمود احمد، بشیر احمد اور شریف احمد پیدا ہو چکے تھے لیکن آپ نے اِن میں سے کسی کو بھی زکی غلام یعنی مصلح موعود قرار نہیں دیا تھا۔جیسا کہ درج ذیل دونوں اِقتباسات سے ظاہر ہے۔ستمبر ۱۸۹۴ء میں میاں عبدالحق غزنوی کے اعتراض کے جواب میں حضورؑ ارشاد فرماتے ہیں:۔

☆یہ سچ ہے کہ ۸۔اپریل ۱۸۹۴ء ہم نے اطلاع دی تھی کہ ایک لڑکا ہونے والا ہے سو پیدا ہو گیا ہم نے اس لڑکے کا نام مولود موعود نہیں رکھا تھا صرف لڑکے کے بارہ میں پیشگوئی تھی اور اگر ہم نے کسی الہام میں اس کا نام مولود موعود رکھا تھا تو تم پر کھانا حرام ہے جب تک وہ الہام پیش نہ کرو ورنہ لعنت اللہ علی الکاذبین۔☆(روحانی خزائن جلد ۹ صفحہ ۴۰ بحوالہ انوار الاسلام مطبوعہ ۱۸۹۵ء)

حضورؑ کے اس رسالے انوارالاسلام کی تاریخ تصنیف و اشاعت ۱۸۹۵ء ہے۔ اس وقت حضورؑ کے دولڑ کے زندہ موجود تھے یعنی بشیر الدین محمود احمد اور بشیر احمد۔ لہٰذا یہ ثابت ہوا کہ حضورؑ نے ۱۸۹۵ء تک اپنے کسی لڑکے کے متعلق اُسکے ''مولود موعود'' یعنی مصلح موعود ہونے کا تعین نہیں فرمایا تھا۔ اگر موجود لڑکوں میں سے کسی کو آپ نے ''مولود موعود'' قرار دیا ہوتا تو یہاں آپ اِس کا ذکر فرماتے کہ میں نے اپنے فلاں لڑکے کو ''مولود موعود'' فرمایا ہوا ہے لیکن آپ نے ''اگر ہم نے کسی الہام میں اس کا نام مولود موعود رکھا تھا تو تم پر کھانا حرام ہے جب تک وہ الہام پیش نہ کرو ورنہ لعنت اللہ علی الکاذبین'' فرما کر بتا دیا کہ اِس وقت یعنی ۱۸۹۵ء تک آپ نے اپنے کسی لڑکے کو بھی مولود موعود یعنی مصلح موعود قرار نہیں دیا تھا۔ اسی طرح مئی ۱۸۹۷ء میں حضورؑ اپنے کسی مخالف کے جواب میں رسالہ حُجّۃ اللہ میں ارشاد فرماتے ہیں:۔

☆ بے شک مجھے الہام ہوا تھا کہ موعود لڑکے کے سے قومیں برکت پائیں گی۔ مگر ان اشتہارات میں کوئی ایسا الٰہی الہام نہیں جس نے کسی لڑکے کی تخصیص کی ہو کہ یہی موعود ہے۔ اگر ہے تو لعنت ہے تجھ پر اگر تو وہ الہام پیش نہ کرے۔☆ (روحانی خزائن جلد ۱۲ صفحہ ۱۵۸ بحوالہ حُجّۃ اللہ مطبوعہ ۱۸۹۷ء)

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! حضورؑ کا یہ حوالہ بھی اس اَمر کی تصدیق فرما رہا ہے کہ آپؑ نے ۱۸۹۷ء تک اپنے کسی لڑکے کے متعلق اُسکے ''مولود موعود'' یعنی مصلح موعود ہونے کا تعین نہیں فرمایا تھا جبکہ اس وقت آپکے تینوں لڑکے بشیر الدین محمود احمد، بشیر احمد اور شریف احمد موجود تھے۔ اب تک جو بحث ہوئی ہے اس سے یہ قطعی طور پر ثابت ہو گیا ہے کہ نہ ''سبز اشتہار'' میں، نہ اشتہار ''تکمیل تبلیغ'' میں اور نہ ہی بعد ازاں اپنی وفات تک کسی کتاب یا کسی اشتہار میں نہ صرف کہ حضورؑ نے بشیر الدین محمود کو مولود موعود قرار نہیں دیا بلکہ اِسکے متعلق زکی غلام یعنی مصلح موعود ہونے کا کوئی اشارہ تک بھی نہیں کیا تھا۔ جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! اب آگے چلتے ہیں اور دیکھتے ہیں آگے کیا ہوتا ہے۔؟

زکی غلام یعنی مصلح موعود کا واضح انکشاف اور تعین

۲۰۔فروری ۱۸۸۶ء کی اِلہامی پیشگوئی میں اللہ تعالیٰ نے زکی غلام کی ایک نشانی یہ بیان فرمائی تھی کہ ''اور وہ تین کو چار کرنے والا ہوگا''۔ اِلہامی پیشگوئی کے نزول کے وقت حضورؑ نے اِن الفاظ کے متعلق فرمایا تھا (اِسکے معنی سمجھ میں نہیں آئے)۔ لیکن بعد ازاں آپ نے اِن الفاظ کا یہ مطلب سمجھا تھا کہ میرے ہاں پہلے تین لڑکے پیدا ہونگے اور پھر اِن تین کے بعد ایک اور چوتھا پیدا ہوگا جو کہ ''تین کو چار کرنے والا ہوگا''۔ جیسا کہ آپؑ کتاب آنجام آتھم میں فرماتے ہیں:۔

”وانّ اللّٰہ بشّر نی فی ابنائی بشارۃً بعد بشارۃٍ حتّٰی بلّغ عددھم الیٰ ثلٰثۃٍ۔ وانباء نی بھم قبل وجودھم بالالھام۔ فاشعتُ ھذہ الانباء قبل ظھورھا فی الخواص والعوام۔ وانتم تتلون تلک الاشتھارات۔ ثم تمرون بھا غافلین من التعصّبات۔ وبشّرنی ربّی برابعٍ رَحمۃ۔ وقال انّہ یجعل الثلاثۃ اربعۃ۔“ (روحانی خزائن جلد ۱۱ صفحات ۱۸۲ بحوالہ انجام آتھم مطبوعہ ۱۸۹۷ء)

ترجمہ۔ اور اللہ تعالیٰ نے میرے بیٹوں کے متعلق خوشخبری پر خوشخبری دی یہاں تک کہ ان کا عدد تین تک پہنچ گیا۔ اور اِنکے وجود سے پہلے الہام کیساتھ اِنکی خوشخبری دی۔ سو میں نے اُن خبروں کو اُنکے پیدا ہونے سے پہلے خاص و عام میں شائع کیا۔ اور تم اِن اشتہاروں کو پڑھتے ہو پھر تعصب کی وجہ سے اُنکی پرواہ نہیں کرتے اور میرے رب نے اپنی رحمت سے مجھے چوتھے کی خوشخبری دی ہے اور فرمایا کہ وہ تین کو چار کرنیوالا ہوگا''۔

کتاب آنجام آتھم کی یہ عبارت ہمیں بتا رہی ہے کہ پہلے تینوں لڑکے جو زندہ موجود تھے اِنکے ہوتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے آپؑ پر کامل انکشاف فرما دیا اور بذریعہ الہام آپؑ کو بتا دیا کہ ''تین کو چار کرنیوالا'' ابھی پیدا ہونا باقی ہے۔ یہ اِلہامی یقین تھا جس میں غلطی کا احتمال نہیں ہو سکتا۔ اور یہ آئندہ پیدا ہونیوالا اور تین کو چار کرنیوالا وہی لڑکا تھا جس کی بشارت ۲۰۔فروری ۱۸۸۶ء کی الہامی پیشگوئی میں دی گئی تھی۔ اور پھر حتیٰ کہ ۱۴۔جون ۱۸۹۹ء کا وہ دن آ گیا جب آپؑ کا یہ چوتھا لڑکا آپکے ہاں پیدا ہو گیا۔ آئیں دیکھتے ہیں کہ حضورؑ نے اپنے اس چوتھے لڑکے صاحبزادہ مبارک احمد کی پیدائش کے موقعہ پر کیا فرمایا تھا۔ آپؑ فرماتے ہیں:۔

(۱) ''اور میرا چوتھا لڑکا مبارک احمد ہے اِس کی نسبت پیشگوئی اشتہار ۲۰ فروری ۱۸۸۶ء میں کی گئی''۔ (روحانی خزائن جلد ۱۵ صفحہ ۲۲۱ بحوالہ تریاق القلوب۔ تصنیف۔ ۱۹۰۰ء۔)

پھر فرماتے ہیں:۔

(۱۱) ''سو خدا تعالیٰ نے میری تصدیق کیلئے اور تمام مخالفوں کی تکذیب کیلئے اور عبدالحق غزنوی کو متنبّہ کرنے کیلئے اس پسر چہارم کی پیشگوئی کو ۱۴۔جون ۱۸۹۹ء میں جو مطابق ۴۔صفر ۱۳۱۷ھ تھی بروز چار شنبہ پورا کر دیا یعنی وہ مولود مسعود چوتھا لڑکا تاریخ مذکورہ میں پیدا ہو گیا''۔ (ایضاً صفحہ ۲۲۱)

حضورؑ اپنے اس چوتھے صاحبزادہ کے متعلق مزید فرماتے ہیں:۔

(۱۱۱) ''سو صاحبو وہ دن آ گیا اور وہ چوتھا لڑکا جس کا ان کتابوں میں چار مرتبہ وعدہ دیا گیا تھا۔ صفر ۱۳۱۷ھ کی چوتھی تاریخ میں بروز چار شنبہ پیدا ہو گیا۔ عجیب بات ہے کہ اس لڑکے کے

کے ساتھ چار کے عدد کو ہر ایک پہلو سے تعلق ہے۔ اسکی نسبت چار پیشگوئیاں ہوئیں۔ یہ چار صفر ۱۳۱۷ھ کو پیدا ہوا۔ اسکی پیدائش کا دن ہفتہ کا چوتھا دن تھا یعنی بدھ۔ یہ دوپہر کے بعد چوتھے گھنٹہ میں پیدا ہوا۔ یہ خود چوتھا تھا۔ (ایضاً صفحہ ۲۲۳)

حضرت مسیح موعودؑ کے ان حوالہ جات سے ثابت ہے کہ حضورؑ نے صاحبزادہ مبارک احمد کو ''مولود مسعود'' اور ''اس لڑکے کی نسبت پیشگوئی اشتہار ۲۰ فروری ۱۸۸۶ء میں کی گئی تھی'' اور ''تین کو چار کرنے والا'' فرما کر واضح رنگ میں اِس کے متعلق اِسکے زکی غلام یعنی مصلح موعود ہونے کا تعین فرما دیا تھا۔

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! اب آپ دیکھ رہے ہیں کہ حضرت مہدی و مسیح موعودؑ تو بڑے واضح رنگ میں اپنے چوتھے لڑکے صاحبزادہ مبارک احمد کے متعلق اُسکے زکی غلام یعنی مصلح موعود ہونے کا اِنکشاف اور تعین فرما رہے ہیں۔ میرزا بشیرالدین محمود احمد کا تو یہاں کوئی ذکر ہی نہیں ہے۔ آپ یا جماعت احمدیہ کیا اِس حقیقت کو مانو گے نہیں۔؟

کیوں نہیں لوگو تمہیں حق کا خیال؟ ۔ دِل میں اُٹھتا ہے مِرے سو سو اُبال
ہے تعجب آپ کے اِس جوش پر ۔ فہم پر اور عقل پر اور ہوش پر
کیوں نظر آتا نہیں راہِ صواب؟ ۔ پڑ گئے کیسے یہ آنکھوں پر حجاب
کیا یہی تعلیمِ فرقاں ہے بھلا ۔ کچھ تو آخر چاہیے خوفِ خُدا

اب ہم اس تحقیق کے بعد کہ حضرت مہدی و مسیح موعودؑ نے بالآخر اپنے چوتھے لڑکے صاحبزادہ مبارک احمد کے متعلق اُسکے زکی غلام یعنی مصلح موعود ہونے کا کامل انکشاف فرما دیا تھا، یہ معلوم کرنے کیلئے آگے بڑھتے ہیں کہ بعد ازاں اس ''تین کو چار کرنیوالے'' لڑکے کے متعلق پھر اللہ تعالیٰ نے کیا تقدیر ظاہر فرمائی۔؟ اوائل ستمبر ۱۹۰۷ء میں حضرت مہدی و مسیح موعودؑ نے ایک منذر خواب دیکھا۔ آپؑ فرماتے ہیں:۔

(ستمبر ۱۹۰۷ء)۔ ''خواب میں دیکھا کہ ایک پانی کا گڑھا ہے۔ مبارک احمد اس میں داخل ہوا اور غرق ہو گیا۔ بہت تلاش کیا گیا مگر کچھ پتہ نہیں ملا۔ پھر آگے چلے گئے تو اِسکی بجائے ایک اور لڑکا بیٹھا ہے۔'' (تذکرہ صفحہ ۶۱۸ بحوالہ بدر جلد نمبر ۶ نمبر ۳۸ مورخہ ۱۹ ستمبر ۱۹۰۷ء صفحہ ۵)

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! حضورؑ کی یہ خواب کیا پیغام دے رہی تھی؟ پیغام یہ تھا کہ حضورؑ نے اپنے جس چوتھے لڑکے صاحبزادہ مبارک احمد کو زکی غلام یعنی مصلح موعود قرار دیا تھا اللہ تعالیٰ اِس لڑکے کو وفات دے کر اِسکے بدلے میں کوئی اور لڑکا دے گا۔ بعد ازاں ۱۶ ستمبر ۱۹۰۷ء کے دن مبارک احمد فوت ہو گئے۔ لیکن مبارک احمد کی وفات کے بعد اُسی دن یعنی ۱۶ ستمبر ۱۹۰۷ء کے دن اللہ تعالیٰ نے پھر حضورؑ کو ایک حلیم غلام کی بشارت دیدی۔ اب حلیم ہونا تو زکی غلام یعنی مصلح موعود کی ایک علامت ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ ''وہ سخت ذہین و فہیم ہوگا۔ اور دل کا حلیم'' لہٰذا یہ حلیم غلام مصلح موعود ہی تھا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

(۱۶ ستمبر ۱۹۰۷ء)۔ ''اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلَامٍ حَلِيمٍ۔ ہم تجھے ایک حلیم غلام کی بشارت دیتے ہیں۔'' (تذکرہ صفحہ ۶۱۹ بحوالہ الحکم جلد ۱۱ نمبر ۳۳ مورخہ ۱۷ ستمبر ۱۹۰۷ء صفحہ ۱)

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! اللہ تعالیٰ تو ۱۶۔ ستمبر ۱۹۰۷ء کو زکی غلام، حلیم غلام اور مصلح موعود کی پیدائش کی بشارت دے رہا ہے لیکن آپ ۱۲۔ جنوری ۱۸۸۹ء کے دِن پیدا ہونے والے لڑکے کو مصلح موعود بنانے پر بضد ہیں ۔ دوستو اِک نظر خدا کیلئے ۔ سیدّ الخلق مصطفٰے کیلئے

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! اب آگے چلتے ہیں اور دیکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے مزید زکی غلام، حلیم غلام اور مصلح موعود کے متعلق کیا فرمایا ہے۔؟ اگرچہ حضورؑ نے اپنے جس چوتھے لڑکے کو مولود مسعود اور پیشگوئی مصلح موعود کا مصداق قرار دیا تھا اللہ تعالیٰ نے اُسے ۱۶۔ ستمبر ۱۹۰۷ء کو وفات دے کر اور اُسکی وفات کے بعد اُسی دن حلیم غلام کی بشارت دے کر معاملے کو بہت واضح کر دیا تھا۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے اِس وضاحت کے باوجود مزید اِس معاملے کی وضاحت فرمانی چاہی۔ وہ اِس طرح کہ مبشر حلیم غلام کو مبارک احمد کا مثیل قرار دے کر وضاحت فرما دی کہ یہ حلیم غلام مبارک احمد کے بعد پیدا ہوگا۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

(اکتوبر ۱۹۰۷ء)۔ ''(۵) اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلَامٍ حَلِيمٍ (۶) يَنْزِلُ مَنْزِلَ الْمُبَارَكِ۔ (۷) ساقیا آمدن عید مبارک بادت۔'' (تذکرہ ۶۲۲ بحوالہ بدر جلد ۶ نمبر ۴۴ مورخہ ۳۱۔ اکتوبر ۱۹۰۷ء صفحہ ۴) ترجمہ۔ ہم تجھے ایک حلیم غلام کی بشارت دیتے ہیں جو مبارک احمد کی شبیہ ہوگا۔ اے ساقی عید کا آنا تجھے مبارک ہو۔

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! آپ نے دیکھ لیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام میں حلیم غلام یعنی مصلح موعود کو مبارک احمد کا مثیل قرار دیا ہے اور اِس طرح اِلہامی پیشگوئی مصلح موعود مبارک احمد سے منتقل ہو کر آگے اُسکے مثیل کی طرف چلی گئی ہے۔ جیسا کہ حضورؑ اپنے اشتہار ۵ نومبر ۱۹۰۷ء میں بھی فرماتے ہیں:۔

''لیکن خدا کی قدرتوں پر قربان جاؤں کہ جب مبارک احمد فوت ہوا۔ ساتھ ہی خدا تعالیٰ نے یہ الہام کیا۔ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلَامٍ حَلِيمٍ۔ يَنْزِلُ مَنْزِلَ الْمُبَارَكِ۔ ترجمہ۔ یعنی ایک حلیم

لڑکے کی ہم تجھے خوشخبری دیتے ہیں جو بمنزلہ مبارک احمد کے ہوگا اور اس کا قائم مقام اور اس کا شبیہ ہوگا پس خدا نے نہ چاہا کہ دشمن خوش ہو۔ اسلئے اس نے بمجرد وفات مبارک احمد کے ایک دوسرے لڑکے کی بشارت دے دی تا یہ سمجھا جائے کہ مبارک احمد فوت نہیں ہوا بلکہ زندہ ہے۔'' (تذکرہ صفحہ ۶۲۲ بحوالہ مجموعہ اشتہارات جلد سوم صفحہ ۵۸۷)

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! یہی مثیل مبارک احمد جماعت احمدیہ میں روح القدس پا کر کھڑا ہونیوالا مصلح موعود ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ اِس مثیل مبارک احمد کو حضورؑ کے صلبی لڑکے کے طور پر آپکے گھر میں پیدا کر دیتا تو اِس میں مجھے یا آپ کو یا کسی اور احمدی کو کونسا اعتراض ہوسکتا تھا۔؟ کوئی بھی نہیں بلکہ ہم سب کو خوشی ہوتی کیونکہ ہمارے آقا حضرت مہدی و مسیح موعودؑ کی بھی یہ آرزو تھی۔ جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! اگر آپ کو اِس مثیل مبارک احمد کا کوئی علم ہو کہ وہ حضورؑ کے گھر میں پیدا ہوا تھا اور اُس کا فلاں نام ہے تو مجھے فوراً اطلاع دیں تا کہ پیشگوئی مصلح موعود کا قضیہ اپنے انجام کو پہنچ جائے۔ لیکن میرے علم کے مطابق حضورؑ کے ہاں بطور مثیل مبارک احمد کوئی لڑکا پیدا نہیں ہوا تھا اور اِس طرح اللہ تعالیٰ نے اپنے اِس فعل سے اولاً بانئے جماعت کو اور پھر اُسکی معرفت اُسکی جماعت کو یہ پیغام دے دیا کہ بانئے جماعت کا کوئی بھی صلبی لڑکا زکی غلام، حلیم غلام یعنی مصلح موعود نہیں ہوگا بلکہ وہ مثیل مبارک احمد ہوتے ہوئے مبارک احمد کے بعد کسی وقت جب اللہ تعالیٰ چاہے گا پیدا ہوگا۔ جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! اب تک جو کچھ اور جس طرح discuss ہو چکا ہے ایک صاف دل اور متقی احمدی کیلئے اِس حقیقت کو تسلیم کرنے کیلئے کافی ہے کہ حضرت مہدی و مسیح موعودؑ کا کوئی بھی زندہ لڑکا زکی غلام یعنی مصلح موعود نہیں ہوسکتا۔ لیکن اگر آپ کو ابھی بھی اِس میں کوئی شک ہے تو آگے چلتے ہیں اور دیکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اِس سلسلہ میں آپ ایسے لوگوں کے شکوک وشبہات دور کرنے کیلئے کوئی مزید وضاحت بھی فرمائی ہے۔ جواباً عرض کرتا ہوں کہ یقیناً اللہ تعالیٰ نے اِس سلسلہ میں مزید وضاحت بھی فرمائی ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے زکی غلام یعنی مصلح موعود کے متعلق اپنی آخری بشارت نازل فرما کر اِس پیشگوئی مصلح موعود پر مہر تصدیق ثبت فرما دی کہ میں اپنے پیارے بندے (مہدی و مسیح موعود) کی خواہش کے باوجود اُس کے کسی بھی لڑکے کو مصلح موعود نہیں بناؤں گا۔ جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! کیا اللہ تعالیٰ کے اِس فیصلہ کو آپ پسند نہیں کرو گے۔؟ جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

زکی غلام یعنی مصلح موعود کے متعلق آخری فیصلہ کن اِلہامی بشارت

(۶۔ ۷ نومبر ۱۹۰۷ء)۔ ''سَاَهَبُ لَكَ غُلَاما زَكِيًّا۔ رَبِّ هَبْ لِیْ ذُرِّيَّة طَيِّبَة۔ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلَامٍ اسْمُه يَحْيی۔ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحَابِ الْفِيْلِ ۔۔۔ آمدنِ عید مبارک بادت۔ عید تو ہے چاہے کرو یا نہ کرو۔'' (تذکرہ ۶۲۶ بحوالہ الحکم جلد ۱۱ نمبر ۴۰، ۱۰ نومبر ۱۹۰۷ء صفحہ ۳)

ترجمہ۔ میں ایک زکی غلام کی بشارت دیتا ہوں۔ اے میرے خدا پاک اولاد مجھے بخش۔ میں تجھے ایک غلام کی بشارت دیتا ہوں جس کا نام یحیٰی ہے۔ کیا تو نے نہیں دیکھا کہ تیرے ربّ نے اصحاب فیل کیساتھ کیا کیا۔۔۔ عید کا آنا تیرے لیے مبارک ہو۔ عید تو ہے چاہے کرو یا نہ کرو۔

۲۰۔ فروری ۱۸۸۶ء کی اِلہامی پیشگوئی میں اللہ تعالیٰ نے مصلح موعود کی الہامی بشارت ''زکی غلام'' کے الفاظ کیساتھ نازل فرمائی تھی۔ اللہ تعالیٰ نے ۶۔ ۷ نومبر ۱۹۰۷ء کے دن آخری بار پھر انہیں الفاظ یعنی ''زکی غلام'' کیساتھ الہامی بشارت نازل فرما کر نہ صرف اس حقیقت پر مہر تصدیق ثبت کر دی کہ مصلح موعود ۶۔ ۷ نومبر ۱۹۰۷ء کے بعد پیدا ہوگا بلکہ اس بات کا بھی فیصلہ فرما دیا کہ اُس نے حضورؑ کے جسمانی لڑکوں کو اس الہامی بشارت سے باہر نکال دیا ہے۔ جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! زکی غلام یعنی مصلح موعود کے متعلق تو اللہ تعالیٰ کی یہ تقدیر ظاہر ہو چکی ہے۔ کیا آپ اور جماعت احمدیہ اللہ تعالیٰ کی اس تقدیر کو قبول نہیں کرو گے۔؟

جب کھل گئی سچائی پھر اُس کو مان لینا ۔ نیکوں کی ہے یہ خصلت راہِ حیا یہی ہے

نو (۹) سالہ معیاد کی حقیقت

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! مضمون کے شروع میں ''۲۲۔ مارچ ۱۸۸۶ء کے ''اِشتہار واجب الاظہار'' کی اشاعت کے مقاصد'' کے تحت خاکسار نے یہ لکھا تھا کہ حضورؑ نے یہ جو فرمایا تھا کہ ''لیکن ہم جانتے ہیں کہ ایسا لڑکا بموجب وعدہ الٰہی ۹ برس کے عرصہ تک ضرور پیدا ہوگا خواہ جلد ہو خواہ دیر سے۔ بہر حال اس عرصہ کے اندر پیدا ہو جائے گا۔'' یہ آپ کا اجتہادی اور قیاسی کلام تھا نہ کہ کوئی اِلہام۔ یہ حضورؑ کا اسی قسم کا اجتہاد تھا جیسا کہ آپ نے زکی غلام کی ماہیت کے بارے میں زکی غلام کیساتھ بریکٹ میں لفظ (لڑکا) لکھ کر فرمایا تھا۔ مزید میں نے یہ لکھا تھا کہ اگر میری اِس دلیل کے باوجود کسی کی تسلی نہیں ہوتی اور وہ حضورؑ کے اِن الفاظ ''لیکن ہم جانتے ہیں کہ ایسا لڑکا بموجب وعدہ الٰہی ۹ برس کے عرصہ تک ضرور پیدا ہوگا خواہ جلد ہو خواہ دیر سے۔ بہر حال اس عرصہ کے اندر پیدا ہو جائے گا۔'' کو حضورؑ کا اِلہام ماننے پر بضد ہے تو میں آگے جا کر اُس کا یہ شک دور کر دوں گا۔ اِس شک وشبہ کو دور کرنے کیلئے خاکسار پہلے زکی غلام (مصلح موعود) کے متعلق نازل ہونیوالا مبشر کلام جو کہ حضورؑ پر ۲۰۔ فروری ۱۸۸۶ء سے شروع ہو کر ۶۔ ۷۔ نومبر ۱۹۰۷ء تک نازل ہوتا رہا ترتیب وار درج کرتا ہے۔

زکی غلام یعنی مصلح موعود کے (determinants) یعنی فیصلہ کن اور حد بندی کرنیوالے مبشر الہامات

(۱) ۲۰۔فروری ۱۸۸۶ء’’۔۔۔۔سو تجھے بشارت ہو۔کہ ایک وجیہہ اور پاک لڑکا تجھے دیا جائے گا۔ایک زکی غلام (لڑکا) تجھے ملے گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وَ کَانَ اَمۡرًا مَّقۡضِیًّا۔☆ (تذکرہ صفحہ ۱۰۹ تا ۱۱۱ بحوالہ مجموعہ اِشتہارات جلد اول صفحہ ۱۰۰ تا ۱۰۲)

(۲) ۱۸۹۴ء۔’’اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلَامٍ‘‘۔یعنی ہم تجھے ایک غلام کی بشارت دیتے ہیں۔(تذکرہ صفحہ ۲۱۴ بحوالہ روحانی خزائن جلد ۹ صفحہ ۴۰ حاشیہ)

(۳) ۱۸۹۶ء۔’’ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلَام حَلِيم۔مَّظْهَرِ الْحَقِّ وَ الْعَلَاءِ كَاَنَّ اللهَ نَزَلَ مِنَ السَّمَاءِ ۔‘‘ترجمہ۔ہم تجھے ایک حلیم غلام کی بشارت دیتے ہیں جو حق اور بلندی کا مظہر ہوگا گویا خدا آسمان سے اُترا۔(تذکرہ صفحہ ۲۳۸ بحوالہ روحانی خزائن جلد ۱۱ صفحہ ۶۲)

(۴) ۱۳۔اپریل ۱۸۹۹ء۔’’ اِصْبِرْ مَلِيًّا سَاَهَبُ لَكَ غُلَامًا زَكِيًّا۔‘‘ ۔یعنی کچھ تھوڑا عرصہ صبر کر میں تجھے ایک زکی غلام عنقریب عطا کروں گا۔(تذکرہ صفحہ ۲۷۷ بحوالہ روحانی خزائن جلد ۱۵ صفحہ ۲۱۶)

(۵) ۲۶۔دسمبر ۱۹۰۵ء۔’’ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلَامٍ نَّافِلَةً لَّكَ۔نَافِلَةً مِّنْ عِنْدِیْ۔‘‘ ۔ہم تجھے ایک غلام کی بشارت دیتے ہیں۔وہ تیرے لیے نافلہ ہے۔ہماری طرف سے نافلہ ہے۔ (تذکرہ صفحہ ۵۰۰ بحوالہ روحانی خزائن جلد ۲۲ صفحہ ۲۲۹)

(۶) مارچ ۱۹۰۶ء۔’’اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلَامٍ نَّافِلَةً لَّكَ۔‘‘ ۔ہم ایک غلام کی تجھے بشارت دیتے ہیں۔جو تیرے لیے نافلہ ہوگا۔(تذکرہ صفحہ ۵۱۹ بحوالہ الحکم جلد ۱۰ نمبر ۱۰،۲۴ مارچ ۱۹۰۶ء صفحہ ۱)

(۷) ۱۹۰۶ء۔’’ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلَام مَّظْهَرِ الْحَقِّ وَ الْعَلَاءِ كَاَنَّ اللهَ نَزَلَ مِنَ السَّمَاءِ ۔‘‘ ۔ہم ایک غلام کی تجھے بشارت دیتے ہیں جو حق اور اعلیٰ کا مظہر ہوگا۔گویا آسمان سے خدا اترے گا۔(تذکرہ صفحہ ۵۵۴ بحوالہ روحانی خزائن جلد ۲۲ صفحہ ۹۸ تا ۹۹)

(۸) ۱۶۔ستمبر ۱۹۰۷ء۔’’اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلَام حَلِيم۔‘‘ ۔ہم تجھے ایک حلیم غلام کی بشارت دیتے ہیں۔(تذکرہ صفحہ ۶۱۹ بحوالہ الحکم جلد ۱۱ نمبر ۳۳ مورخہ ۱۷ ستمبر ۱۹۰۷ء صفحہ ۱)

(۹) اکتوبر ۱۹۰۷ء۔’’(۵) اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلَامٍ حَلِيم (۶) يَنْزِلُ مَنْزِلَ الْمُبَارَك۔ (۷) ساقیا آمدنِ عید مبارک بادت۔‘‘(تذکرہ ۶۲۲ بحوالہ بدر جلد ۶ نمبر ۴۴ مورخہ ۳۱ اکتوبر ۱۹۰۷ء صفحہ ۴) ترجمہ۔ہم تجھے ایک حلیم غلام کی بشارت دیتے ہیں جو مبارک احمد کی شبیہہ ہوگا۔اے ساقی عید کا آنا تجھے مبارک ہو۔

(۱۰) ۶،۷۔نومبر ۱۹۰۷ء۔’’سَاَهَبُ لَكَ غُلَامًا زَكِيًّا۔رَبِّ هَبْ لِیْ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً۔اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلَامِ اسْمُهُ يَحْيٰی ۔اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحَابِ الْفِيْلِ۔۔۔۔آمدنِ عید مبارک بادت۔عید تو ہے چاہے کرو یا نہ کرو۔‘‘(تذکرہ ۶۲۶ بحوالہ الحکم جلد ۱۱ نمبر ۴۰،۱۰ نومبر ۱۹۰۷ء صفحہ ۳) ترجمہ۔میں ایک زکی غلام کی بشارت دیتا ہوں۔
اے میرے خدا پاک اولاد مجھے بخش۔میں تجھے ایک غلام کی بشارت دیتا ہوں جس کا نام یحیٰی ہے۔کیا تو نے نہیں دیکھا کہ تیرے رب نے اصحاب فیل کیساتھ کیا کیا۔

متذکرہ بالا مبشر الہامات کی روشنی میں نو (۹) سالہ مدت سے متعلق خاکسار کی چند سوالات

﴿سوال نمبر ۱﴾

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! اگر آپ مرزا بشیر الدین محمود احمد کو مصلح موعود ماننے کیساتھ ساتھ حضورؑ کے اِس فرمان کہ ’’لیکن ہم جانتے ہیں کہ ایسا لڑکا بموجب وعدہ الٰہی ۹ برس کے عرصہ تک ضرور پیدا ہوگا خواہ جلد ہو خواہ دیر سے۔بہر حال اس عرصہ کے اندر پیدا ہو جائے گا۔‘‘ اِلہامی اور یقینی مانتے ہیں تو میرا آپ سے سوال ہے کہ پھر زکی غلام یعنی مصلح موعود (مرزا بشیر الدین محمود احمد) کی پیدائش یعنی ۱۲۔جنوری ۱۸۸۹ء کے بعد بھی اُسکی پیدائش کی بشارات کیوں نازل ہوتی رہیں۔؟؟؟ زکی غلام یعنی مصلح موعود کی پیدائش کے بعد اُسکی پیدائش کے متعلق مبشر اِلہامات نازل کرتے رہنا کیا ایک عبث فعل نہیں تھا۔؟ کیا (نعوذ باللہ) اللہ تعالیٰ آپکے خیال میں زکی غلام یعنی مصلح موعود کو پیدا کر کے بھی اِن عبث افعال کا مرتکب ہوتا رہا تھا۔؟ اور اگر اللہ تعالیٰ کی ذات اِیسے عبث افعالوں سے پاک ہے اور میں کہتا ہوں کہ یقیناً پاک ہے تو پھر ماننا پڑے گا کہ ۱۲۔جنوری ۱۸۸۹ء کو پیدا ہونیوالا زکی غلام یعنی مصلح موعود نہیں تھا بلکہ اُس نے تو آخری مبشر اِلہام کے بعد پیدا ہونا ہے۔

﴿سوال نمبر ۲﴾

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! ۲۲۔مارچ ۱۸۸۶ء سے لے کر ۲۱۔مارچ ۱۸۹۵ء تک کا عرصہ نو (۹) سال بنتا ہے۔اگر یہ نو (۹) سالہ مدت اِلہامی تھی اور اِس مدت میں اُس زکی غلام یعنی مصلح موعود نے پیدا ہو جانا تھا تو پھر ۲۲۔مارچ ۱۸۹۵ء کے بعد بھی زکی غلام کی پیدائش کے متعلق بشارات کیوں نازل ہوتی رہیں۔؟؟؟ ۲۲۔مارچ ۱۸۹۵ء کے بعد زکی

غلام کے متعلق مبشر الہامات تو بتا رہے ہیں کہ زکی غلام نے ابھی پیدا ہونا ہے۔؟

﴿سوال نمبر۳﴾

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! اگر یہ (۲۲۔مارچ ۱۸۸۶ء سے لے کر ۲۲۔مارچ ۱۸۹۵ء تک کی) مدت اِلہامی اور یقینی تھی اور اسی مدت کے اندر مصلح موعود نے پیدا ہونا تھا تو پھر اس مدت کے بعد یعنی ۱۴۔جون ۱۸۹۹ء کو پیدا ہونے والے چوتھے لڑکے مبارک احمد کو حضورؑ نے مصلح موعود کیوں قرار دیا تھا۔؟؟؟

﴿سوال نمبر۴﴾

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! اگر یہ مدت (۲۲۔مارچ ۱۸۸۶ء سے لے کر ۲۲۔مارچ ۱۸۹۵ء تک) اِلہامی اور یقینی تھی تو پھر حضورؑ کی نرینہ اولاد کے انقطاع یعنی ۱۴جون ۱۸۹۹ء کے بعد بھی اس زکی غلام (مصلح موعود) کی بشارات (اِنہی علامات اور صفات کیساتھ جو کہ ۲۰ فروری ۱۸۸۶ء کی الہامی پیشگوئی میں درج ہیں) حضورؑ پر آپکی وفات تک کیوں نازل ہوتی رہیں۔؟؟؟ جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! آپکے پاس ان سوالات کے کیا جوابات ہیں۔؟؟؟ اگر نہیں تو پھر درج ذیل تین باتیں قطعی طور پر ثابت ہوگئیں۔

(اولاً)۔حضورؑ کا یہ خیال کہ وہ موعود زکی غلام نو برس کے اندر پیدا ہو جائے گا آپکا اجتہادی خیال تھا اِلہامی نہیں تھا۔

(ثانیاً)۔حضورؑ کے جسمانی لڑکے اس الہامی پیشگوئی کے دائرہ بشارت سے ہی باہر ہوگئے اور یہ اِلہامی پیشگوئی آپکی روحانی اولاد کی طرف منتقل ہوگئی ہے۔

(ثالثاً)۔اللہ تعالیٰ نے اس روحانی فرزند یعنی موعود زکی غلام مسیح الزماں کی پیدائش ۶،۷ نومبر ۱۹۰۷ء کے بعد ہونا قرار دی ہے۔

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! اب نو (۹) سالہ معیاد کہاں گئی۔؟؟؟؟؟ جبکہ خلیفہ ثانی کے دعوے کی بنیاد ہی نو (۹) سالہ معیاد پر ہے۔

زکی غلام (مصلح موعود) کے متعلق حضورؑ کی صلب میں سے پیدا ہونے کا مغالطہ

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! اب آگے چلتے ہیں اور ایک اور سوال پر غور و فکر کرتے ہیں کہ کیا زکی غلام یعنی مصلح موعود کا حضورؑ کی صلب میں سے پیدا ہونا ضروری ہے۔؟ اور کیا اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام میں اپنے مہدی و مسیح موعودؑ سے کوئی ایسا وعدہ فرمایا تھا۔؟ میں جواباً عرض کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے زکی غلام کے حضورؑ کی صلب میں سے پیدا کرنے کا نہ کوئی وعدہ فرمایا تھا اور نہ ہی ایسا کرنے کیلئے اپنے آپ کو پابند کیا تھا۔جیسا کہ خاکسار شروع میں ''پیشگوئی مصلح موعود کے حقائق'' کے ضمن میں یہ بیان کر چکا ہے کہ ۲۰۔فروری ۱۸۸۶ء کی اِلہامی پیشگوئی دو (۲) پیشگوئیوں پر مشتمل تھی (۱) ایک وجیہہ اور پاک لڑکا اور دوسرا (۲) ایک زکی غلام۔اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام میں وجیہہ اور پاک لڑکے کے متعلق تو یہ وضاحت فرمادی تھی کہ ''وہ لڑکا تیرے ہی تخم سے تیری ہی ذریت و نسل ہوگا''۔لیکن زکی غلام کے متعلق کوئی وضاحت نہیں فرمائی کہ وہ کون ہوگا اور کیا ہوگا۔؟ جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! اگر آپ یا کوئی اور فردِ جماعت کہیں یہ ثابت کردے کہ اللہ تعالیٰ نے ۲۰۔فروری ۱۸۸۶ء سے لے کر حضورؑ کی وفات تک کسی بھی جگہ حضورؑ سے اِس قسم کا اِلہامی وعدہ فرمایا ہو کہ ''وہ زکی غلام تیرے ہی تخم سے تیری ہی ذریت و نسل ہوگا'' تو میں اُسی وقت اپنے مؤقف کو غلط سمجھتے ہوئے اپنے دعویٰ سے دستبردار ہو جاؤں گا۔لیکن آپ سب زکی غلام مسیح الزماں سے متعلق کلام اِلٰہی میں ایسا کوئی اِلٰہی وعدہ ثابت نہیں کر سکتے اور نہ ہی کوئی ایسا وعدہ ہے۔اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے مہدی و مسیح موعود سے کوئی ایسا وعدہ نہیں فرمایا تھا اور جب اللہ تعالیٰ نے ایسا کوئی وعدہ ہی نہیں فرمایا تو پھر آپ لوگ چند لوگوں کی خوشنودی کی خاطر اللہ تعالیٰ کو دھکے کیساتھ زکی غلام کو حضورؑ کی صلب میں سے پیدا کرنے کیلئے پابند کیوں کر رہے ہیں۔؟ مزید برآں یہ بھی یاد رہے کہ حضورؑ نے زکی غلام (لڑکا) کو مصلح موعود قرار دیا ہے نہ کہ وجیہہ اور پاک لڑکے کو۔

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! اب تک ۲۰۔فروری ۱۸۸۶ء کی اِلہامی پیشگوئی کے متعلق یہ ثابت ہو چکا ہے کہ (۱) اللہ تعالیٰ نے حضورؑ سے زکی غلام کو پیدا کرنے کیلئے اپنے کلام میں کوئی وقت کی حد بندی (Time limit) نہیں فرمائی تھی۔(۲) اللہ تعالیٰ نے اپنے برگزیدہ بندے سے کوئی ایسا وعدہ نہیں فرمایا تھا کہ وہ زکی غلام کو اُسکی صلب میں سے پیدا فرمائیگا۔اب اپنے جس چوتھے لڑکے صاحبزادہ مبارک احمد کو حضورؑ نے کھلے کھلے رنگ میں مصلح موعود قرار دیدیا تھا ۱۶۔ستمبر ۱۹۰۷ء کو اُس کا فوت ہو جانا اور اُسکی وفات کے بعد اُسی دن حلیم غلام (اِنَّا نُبَشِّرُکَ بِغُلَامٍ حَلِیْمٍ۔) کی بشارت کا دیا جانا۔پھر اگلے ماہ یعنی ماہ اکتوبر میں اللہ تعالیٰ کا اپنے برگزیدہ بندے کو یہ بتا دینا کہ یہ حلیم غلام'' (۵) اِنَّا نُبَشِّرُکَ بِغُلَامٍ حَلِیْمٍ (۶) یَنْزِلُ مَنْزِلَ الْمُبَارَکِ۔ (۷) ساقیا آمدنِ عید مبارک بادت۔''مثیل مبارک احمد ہوگا یعنی مبارک احمد کے بعد پیدا ہوگا۔اور پھر ۶،۷۔نومبر ۱۹۰۷ء کو مصلح موعود یعنی زکی غلام کے متعلق آخری مبشر الہام (سَاَھَبُ لَکَ غُلَامًا زَکِیًّا۔ رَبِّ ھَبْ لِیْ ذُرِّیَّۃً طَیِّبَۃً۔اِنَّا نُبَشِّرُکَ بِغُلَامٍ اسْمُہٗ یَحْیٰی۔اَلَمْ تَرَ کَیْفَ فَعَلَ رَبُّکَ بِاَصْحَابِ الْفِیْلِ۔۔ آمدنِ عید مبارک بادت۔عید تو ہے چاہے کرو یا نہ کرو۔) نازل فرما کر اللہ تعالیٰ نے اِن اِلہامی بشارات کا یہ سلسلہ بند کر دیا۔اب اِسی صورتحال میں حضورؑ ۲۶۔مئی ۱۹۰۸ء کو اِس دارِ فانی سے کوچ کر گئے۔ اِنا للہ و اِنا الیہ راجعون

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! اب یہ کیا صورتحال پیدا ہوگئی تھی۔؟ صورتحال اب یہ بن چکی تھی کہ جس زکی غلام یعنی مصلح موعود کو حضورؑ اپنے جسمانی اولاد میں ڈھونڈتے رہے اللہ تعالیٰ نے اُسکے دائرہ بشارت سے حضورؑ کی نرینہ اولاد کو باہر نکال دیا تھا۔ بشیر احمد اول اور صاحبزادہ مبارک احمد کو اِس طرح کہ اُنہیں وفات دیدی اور باقی بشیرالدین محمود احمد، بشیر احمد اور شریف احمد کو اِس طرح کہ اُن کی پیدائش کے بعد حتیٰ کہ حضورؑ کی نرینہ اولاد کے انقطاع کے بعد بھی آپؑ کی وفات تک زکی غلام سے متعلق مبشر الہامات نازل فرما کر۔ یہ فیصلہ (زید بکر کا نہیں تھا بلکہ) اللہ تعالیٰ کا تھا اور اُس نے اپنا یہ فیصلہ اپنے فعل سے صادر فرمادیا ہے۔ اُس نے اپنے پیارے بندے مہدی و مسیح موعود کو بتادیا تھا کہ تیرا زکی غلام تیرا حلیم غلام تیرا مثیل مبارک احمد تیرا مصلح موعود تیرا روحانی فرزند تیرا کوئی جسمانی لڑکا نہیں ہے بلکہ وہ تیرا روحانی فرزند ہوتے ہوئے آئندہ کسی زمانے میں پیدا ہوگا۔ اب یہ ایک ایسی بھیانک صورتحال پیدا ہوگئی تھی کہ مخالفین احمدیت تو پہلے ہی حضورؑ کو نعوذ باللہ جھوٹا سمجھتے تھے اب جب یہ زکی غلام حضورؑ کے گھر میں پیدا نہ ہوا تو احمدیوں کے بھی پاؤں لڑکھڑانے لگے۔ افرادِ جماعت کے اندر بھی حضورؑ کی صداقت کے متعلق کھُسر پھُسر اور چہ میگوئیاں شروع ہوگئیں۔ اِس مخالفت اور بحرانی کیفیت میں مرزا بشیرالدین محمود احمد (جو بعد ازاں خلیفہ ثانی بنے) اُنیس (۱۹) سال کے نوجوان تھے اور آپ رسالہ تشحیذ لاذہان کے ایڈیٹر بھی تھے۔ آپ نے مخالفین کے اِن اعتراضوں کا جواب اپنے رسالے میں دینا شروع کیا۔ زکی غلام مسیح الزماں یعنی مثیلِ مبارک احمد جس کو حضورؑ نے مصلح موعود قرار دیا تھا سے متعلق مبشر الہامات بطورِ خاص وہ مبشر الہامات جو مرزا مبارک احمد کی وفات کے بعد نازل ہوئے کے سلسلہ میں مخالفین کے اِعتراضات کا جوابات دیتے ہوئے آپ رسالہ تشحیذ لاذہان میں لکھتے ہیں:۔

(I) ''اور پھر یہ بھی غور کرنا چاہیے کہ زبان کے لحاظ سے بھی بیٹا آئندہ نسل کے کسی فرد پر بھی بولا جاتا ہے چنانچہ عربی میں اِس طرح کثرت سے اِستعمال ہوتا ہے چنانچہ اکثر قبیلوں کے نام اُنکے کسی بزرگ کے نام پر ہوتے ہیں اور وہ اُسکی اولاد کہلاتی ہیں۔۔۔ جب دنیا اپنے طور پر ایک شخص کو صدیوں گذرنے کے بعد بھی ایک دوسرے شخص کا بیٹا قرار دیتی ہے اور عمر بن عبدالعزیز اور ہارون الرشید اُمیہ اور عباس کے لڑکے کہلاتے ہیں تو کیا وجہ کہ خدا تعالیٰ حضرت مسیح موعودؑ کی نسل میں سے کسی آئندہ ہونیوالے لڑکے کو اُنکے لڑکے کے نام سے پکار نہ سکے۔ کیا وہ کام جس کا اِنسان کو اختیار ہے خدا اُسکے کرنے سے معذور ہے۔؟ یا جب دنیا کے طالب ایک شخص کو کسی پہلے گزرے ہوئے شخص سے نسبت دیتے ہیں حالانکہ وہ اُس کا مستحق نہیں ہوتا تو کیا خدا جو خوب جانتا ہے کہ کون کس سے نسبت دیئے جانے کے لائق ہے ایسا نہیں کرسکتا۔؟ آج وہ سیّد جو ہزاروں قسم کی بدیوں میں مبتلا ہیں اور لاکھوں گناہوں کے مرتکب ہوتے ہیں اور سینکڑوں قسم کی بدکاریاں صبح اور شام اُن سے سرزد ہوتی ہیں اور وہ جنکے اقوال ایک شریف آدمی کی زبان پر نہیں لائے جاسکتے۔ اور جنکے افعال ایسے نہیں ہیں کہ نیکوں کی مجلس میں اُنکا ذکر بھی کیا جائے تو آلِ محمدؐ کہلانے کے مستحق ہیں مگر حضرت مسیح موعودؑ کی نسل میں سے کسی لڑکے کو اگر خدا تعالیٰ نے کسی مصلحت کی وجہ سے اُنکا لڑکا قرار دیا اور اُسکے وجود کی اُنکو بشارت دی تو وہ ناجائز ٹھہرا۔ کیا یہ لوگ سمجھتے ہیں کہ خدا اِن سے بھی زیادہ محدود طاقتوں والا ہے۔؟ یا اُس کو نسبت دینے کا علم نہیں اور وہ اِس بارہ میں غلطی کر بیٹھا ہے۔؟ (نعوذ باللہ) آج سینکڑوں نہیں ہزاروں لیکچرار اپنی تقریریں میں زور زور سے چلا چلا کر کہتے ہیں کہ اے بنی آدم ایسا مت کر یا ایسا کرو مگر اُن سے کوئی نہیں پوچھتا کہ ہمارے باپ کا نام تو آدم نہ تھا پھر تم کیوں ہم کو اِس نام سے پکارتے ہو۔ مگر حضرت صاحب کی نسل میں سے ایک بچہ کو اگر اُنکا لڑکا قرار دیا گیا تو کونسا اندھیر آگیا۔ کفیٰ ھذا کا اِلہام صاف ثابت کرتا ہے کہ بیٹے کے اِلہام آئندہ نسل کے کسی لڑکے کی نسبت ہیں اور پھر وہ اِلہام جس میں ہے کہ تیری اولاد تیرے نام سے مشہور ہوگی۔ اِسکی اور بھی تائید کرتا ہے کہ آئندہ نسل کو بھی حضرت مسیح موعودؑ کا بیٹا کہا جاسکتا ہے اور خدا تعالیٰ تو خوب جانتا ہے کہ کون اُنکا بیٹا ہونے کے لائق ہے اس لیے اگر کسی عظیم الشان لڑکے کی نسبت جو دنیا میں ایک تبدیلی پیدا کردے خبر دی جائے اور اُسکو حضرت صاحب کا بیٹا قرار دیا جائے تو کیا حرج ہے۔ نبی کریمؐ نے بھی تو فرمایا ہے کہ اہلِ فارس میں سے جو ایمان لائے وہ بنی فاطمہ میں سے ہے پس کیا اہلِ فارس خود حضرت فاطمہ کے لڑکے بن جاتے ہیں۔ اور پھر اِس بات پر غور کرنا چاہیے کہ جیسے قرآن واحادیث میں کثرت سے یہ محاورہ استعمال ہوتا ہے تو حضرت مسیح موعودؑ سے اگر خدا تعالیٰ نے اِس رنگ میں کلام کیا تو کیا حرج واقع ہوا مثلاً۔ قرآن شریف میں یہودیوں کو بار بار بنی اسرائیل کے نام سے پکارا جاتا ہے حالانکہ اِسرائیل کو فوت ہوئے قریباً اڑھائی ہزار برس گذر گئے تھے اور یہودیوں کو پھر بھی خدا تعالیٰ نے بنی اسرائیل کے نام سے پکارا ہے اگر یہ محاورہ عرب کا نہ ہوتا اور کتب اِلٰہیہ میں ایسا طریق نہ ہوتا تو اُس وقت کے یہودی جو بات بات پر اعتراض کرتے تھے فوراً بول اُٹھتے اور شور مچادیتے کہ دیکھو ایسا مت کہو ہم بنی اسرائیل نہیں۔ اور اپنے والدین کا نام بتاتے کہ اُنکی اولاد سے ہیں اور پھر قرآن شریف میں حضرت اِبراہیمؑ کی نسبت آتا ہے کہ ووھبنالہ اسحق و یعقوب یعنی ہم نے حضرت اِبراہیمؑ کو اسحٰقؑ اور یعقوبؑ عطا کیے حالانکہ حضرت یعقوبؑ حضرت اِبراہیمؑ کے بیٹے نہ تھے بلکہ حضرت اِسحٰقؑ کے لڑکے تھے پس معلوم ہوا کہ خدا کے کلام میں ایسا آجاتا ہے اور اِس میں اِعتراض کی کوئی گنجائش نہیں ہوتی۔''

(رسالہ تشحیذ لاذہان ولیم۔ ۳ نمبر ۶۔۷ صفحات ۲۹۷ تا ۳۰۰۔ مورخہ جون جولائی ۱۹۰۸ء)

(II) ''غور کرو کہ قرآن شریف میں صاف آتا ہے وَجَاهِدُوْا فِى اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ط هُوَ اجْتَبٰكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِى الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ ط مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ ط هُوَ سَمّٰكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ۔ (پارہ ۱۷۔ سورۃ حج رکوع ۱۰) اور کوشش کرو اللہ کی راہ میں خوب کوشش جس نے پسند کیا تم کو اور نہیں کی تمہارے لیے دین میں کوئی تنگی وہ دین جو تمہارے باپ

اِبراہیمؑ کا ہے جس نے تمہارا نام مسلمان رکھا ہے۔اب کیا اِن آیات سے یہ نکلتا ہے کہ ہر ایک مسلمان کے باپ کا نام اِبراہیم ہوتا ہے۔نہیں ہرگز نہیں۔اِس کا مطلب یہ ہے کہ جو حضرت اِبراہیمؑ کی طرز پر کام کرتا اور اُنکے بتائے ہوئے رستہ پر چلتا ہے اور اِسلام قبول کرتا ہے وہ خدا کے نزدیک ایسا ہے جیسے اِبراہیمؑ کا بیٹا۔ورنہ یہ بات تو ہر ایک شخص سمجھ سکتا ہے کہ دنیا کی سینکڑوں قومیں ایسی ہیں جو اِسلام میں داخل ہیں مگر حضرت اِبراہیم کی نسل سے نہیں اور نہ اُنکی قوم کا حضرت اِبراہیم کے خاندان سے کوئی تعلق ہے پس جب خدا تعالیٰ نے ہر ایک اُس شخص کو جو مسلمان ہوتا ہے اور خدا کی راہ میں کوشش کرتا ہے حضرت اِبراہیمؑ کا بیٹا قرار دیا اور بیٹے کے لفظ کو اِس قدر وسیع کر دیا کہ بنی اسمٰعیل اور بنی اسرائیل کی بھی کوئی شرط نہ رکھی تو پھر اگر آج اُس خدا نے حضرت مسیح موعودؑ کی نسل میں سے کسی کو اُنہیں کا بیٹا قرار دیا تو کیا حرج ہے جبکہ آج بیس کروڑ اِنسان جو مسلمان کہلاتے ہیں خواہ عرب کے رہنے والے ہوں یا شام کے۔غرضیکہ ایران افغانستان ہندوستان چین جاپان کے علاوہ یورپ و امریکہ کے باشندے بھی حضرت اِبراہیمؑ کے بیٹے کہلا سکتے ہیں۔اور خدا تعالیٰ قرآن شریف میں اُنکو اِبراہیم کے بیٹے قرار دیتا ہے تو ایک شخص کو اگر حضرت مسیح موعودؑ کا بیٹا قرار دیا گیا تو کیا غضب ہوا۔ پھر حدیث دیکھتے ہیں تو اِس میں بھی بہت سے ایسے محاورات پاتے ہیں مثلاً معراج کی رات جب آنحضرتﷺ نے جبرائیل علیہ السلام سے حضرت اِبراہیمؑ کی نسبت پوچھا کہ یہ کون ہیں تو اُنکو اُنہوں نے جواب میں کہا هذا ابوك صالحاً یعنی یہ تیرا نیک باپ ہے،اور ایسا ہی حضرت آدمؑ کی نسبت فرمایا پس جب قرآن وحدیث سے یہ بات ثابت ہے تو پھر حضرت اقدسؑ پر کیوں اعتراض کیا جاتا ہے کہ اُنکو ایک لڑکے کا وعدہ تھا جو پورا نہ ہوا۔خدا کے وعدے ٹلا نہیں کرتے اور وہ پورے ہو کر رہتے ہیں اِسی طرح یہاں بھی ہوگا۔اِن اِلہامات سے یہ مراد نہ تھی کہ خود حضرت اقدسؑ سے لڑکا ہوگا بلکہ یہ مطلب تھا کہ آئندہ زمانہ میں ایک ایسا شخص تیری نسل سے پیدا ہوگا جو خدا کے نزدیک گویا تیرا ہی بیٹا ہوگا اور وہ علاوہ تیرے چار بیٹوں (سلطان احمد۔بشیر الدین محمود احمد۔بشیر احمد اور شریف احمد۔ناقل) کے تیرا پانچواں بیٹا قرار دیا جائے گا۔جیسے کہ حضرت عیسیٰؑ ابن داؤد کہلاتے ہیں ایسا ہی وہ آپ کا بیٹا کہلائے گا۔اور اِس میری بات کی تائید خود حضرت اقدسؑ کے اِس اِلہام سے بھی ہوتی ہے جو میں اوپر درج کر آیا ہوں یعنی کفیٰ ھذا۔جسکے معنے یہ تھے کہ حضرت اقدسؑ کے ہاں اب نرینہ اولاد نہ ہوگی چنانچہ اُسکے بعد دو لڑکیاں ہوئیں اور لڑکا کوئی نہیں ہوا۔اور خود حضرت اقدسؑ کا بھی یہی خیال تھا کیونکہ اُنہوں نے بھی ایک اِلہام جس میں بیٹے کی بشارت تھی اپنے پوتے پر لگایا تھا ورنہ اگر اُنکو یہ خیال ہوتا کہ میرے ہی بیٹا ہوگا تو پوتے پر کیوں لگاتے۔سمجھتے کہ آئندہ بیٹا ہوگا اور وہ اِلہام پورا ہو جائے گا۔پس صاف ظاہر ہے کہ وہ اِلہامات کسی آئندہ نسل کے لڑکے کی نسبت تھے خواہ پوتا ہو یا پڑپوتا ہو یا کچھ مدت بعد ہو۔"(رسالہ تشحیذ الاذہان والیم۔۳ نمبر ۶۔۷ صفحات ۳۰۱ تا ۳۰۳۔مورخہ جون جولائی ۱۹۰۸ء)

(۱۱۱) "نبی کریمﷺ نے ریل کی سواری کی خبر دی تھی جو آجکل آکر پوری ہوئی تو کیا بیچ کی بارہ صدیوں کے لوگ دین اِسلام کو ترک کر دیتے اور کفر اِختیار کر لیتے کہ وہ نئی سواری کا وعدہ پورا نہیں ہوا۔پس جب سب نبیوں سے ایسا ہوتا چلا آیا ہے اور اُنہوں نے آئندہ زمانہ کی خبریں بھی دی ہیں تو اگر حضرت مسیح موعودؑ نے کچھ آئندہ کی خبریں دی اور بتایا کہ میری نسل میں سے ایک ایسا لڑکا ہوگا ہیبت اِس قدر ہوگی کہ گویا خدا آسمان سے اُس کی مدد کیلئے اُتر آیا تو کیا ہوا اِس سے تو اُنکی اور بھی سچائی ثابت ہوگی اور اُس وقت کے لوگ اِس پیشگوئی کو پورا ہوتے دیکھیں گے اور مزہ اُٹھائیں گے۔آجکل کے لوگوں سے جو وعدے ہیں وہ اُن پر غور کریں اور اُن پر جو شکوک ہیں وہ بیان کریں اور توبہ استغفار ساتھ کرتے رہیں تا اُنہیں اصل حقیقت معلوم ہو اور خدا اپنے خاص فضل سے اُن پر سچائی کھول دے اور وہ صراطِ مستقیم دیکھ لیں تا کہ ہلاکت سے بچ جائیں۔ورنہ جیسا کہ میں لکھ آیا ہوں یہ بیٹے کی پیشگوئی تو کسی ایسے لڑکے کی نسبت ہے، جو آپکی نسل سے ہوگا اور بڑی شان کا آدمی ہوگا اور خدا کی نصرت اُسکے ساتھ ہوگی۔اور یہ بھی میں ثابت کر آیا ہوں کہ حضرت اقدسؑ کے اِلہامات میں ہی اِس قسم کے اِستعارہ نہیں ہیں بلکہ پہلے نبیوں کے کلام میں قرآن وحدیث میں بھی ہیں کہ بیٹا کہا جاتا ہے اور مراد نسل میں سے کوئی آدمی ہوتا ہے۔"(رسالہ تشحیذ الاذہان والیم۔۳ نمبر ۶۔۷ صفحہ ۳۰۵۔مورخہ جون جولائی ۱۹۰۸ء)

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! حضرت صاحبزادہ مبارک احمد کی وفات کے بعد زکی غلام مسیح الزماں (یعنی حلیم غلام۔مثیل مبارک احمد۔یحییٰ اور مصلح موعود) کے متعلق نازل ہونے والے اِلہامات کے متعلق مرزا بشیر الدین محمود احمد کے یہ اُس وقت کے خیالات اور عقائد ہیں جب آپکی عمر صرف اُنیس (۱۹) سال کی تھی اور آپ اِس وقت خلیفہ نہیں تھے۔قارئین کرام! آپ بھی مشاہدہ کر رہے ہوں گے کہ مرزا بشیر الدین محمود احمد نے اپنے اِس مضمون میں حضورؑ کے اُن اِلہامات کی تشریح جو صاحبزادہ مبارک احمد کی وفات کے بعد آپؑ پر نازل ہوئے تھے کی تشریح بڑے تقویٰ اور دیانتداری کیساتھ کی ہے سوائے ایک مغالطہ کے کہ وہ زکی غلام یعنی مثیل مبارک احمد حضورؑ کی جسمانی نسل میں سے ہوگا۔

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب اور قارئین کرام! مورخہ جون۔جولائی ۱۹۰۸ء رسالہ تشحیذ الاذہان کے والیم۔۳ نمبر ۶۔۷ صفحات ۲۹۷ تا ۳۰۵ پر مرزا بشیر الدین محمود احمد کی شائع شدہ اِس تحریر سے کیا ثابت ہوتا ہے؟ خاکسار ذیل میں اِسکے متعلق چند گذارشات آپکے آگے پیش کرتا ہے:۔

(۱) جون۔جولائی ۱۹۰۸ء میں مرزا بشیر الدین محمود احمد نے رسالہ تشحیذ الاذہان میں اپنے اِس مضمون میں بڑی صاف گوئی اور تقویٰ کیساتھ یہ فرما کر کہ "اِن اِلہامات سے یہ مراد نہ تھی کہ خود حضرت اقدسؑ سے لڑکا ہوگا بلکہ یہ مطلب تھا کہ آئندہ زمانہ میں ایک ایسا شخص تیری نسل سے پیدا ہوگا جو خدا کے نزدیک گویا تیرا ہی بیٹا ہوگا اور وہ علاوہ تیرے چار بیٹوں کے

تیرا پانچواں بیٹا قرار دیا جائے گا۔ جیسے کہ حضرت عیسیٰؑ ابن داوٗد کہلاتے ہیں ایسا ہی وہ آپ کا بیٹا کہلائے گا۔'' واضح کیا تھا کہ زکی غلام اور حلیم غلام یعنی مثیلِ مبارک احمد سے متعلق مبشر کلام الٰہی جو حضورؑ پر آپکی وفات تک نازل ہوتا رہا، اِس کا مصداق کسی آئندہ زمانے میں پیدا ہوگا۔ بالفاظ دیگر اِس کا مطلب یہ تھا کہ حضورؑ کے ۱۹۰۸ء میں موجود لڑکے (مرزا بشیرالدین محمود احمد، بشیر احمد اور شریف احمد) زکی غلام اور حلیم غلام یعنی مثیل مبارک احمد سے متعلق مبشر الہامات کے مصداق نہیں تھے۔

(۲) حضرت مہدی و مسیح موعودؑ نے اِسی زکی غلام کو جس کی بشارت ۲۰۔ فروری ۱۸۸۶ء سے لے کر ۶، ۷۔ نومبر ۱۹۰۷ء تک جاری رہی مصلح موعود قرار دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اِس زکی غلام مسیح الزماں کا مفصل ذکر ۲۰۔ فروری ۱۸۸۶ء کی اِلہامی پیشگوئی میں فرمایا ہے۔

(۳) مرزا بشیرالدین محمود احمد نے اپنے اِس مضمون میں آئندہ پیدا ہونے والے اِس عظیم الشان وجود کے متعلق یہ فرما کر کہ (i) ''اس لیے اگر کسی عظیم الشان لڑکے کی نسبت جو دنیا میں ایک تبدیلی پیدا کردے خبر دی جائے'' (ii) ''ہیبت اِس قدر ہوگی کہ گویا خدا آسمان سے اُس کی مدد کیلئے اُتر آیا'' (iii) ''اور بڑی شان کا آدمی ہوگا اور خدا کی نصرت اُسکے ساتھ ہوگی'' دراصل اُسی زکی غلام کا ہی ذکر فرمایا ہے جس کی یہ صفات ۲۰۔ فروری ۱۸۸۶ء کی اِلہامی پیشگوئی مصلح موعود میں موجود ہیں۔

(۴) مرزا بشیرالدین محمود احمد نے اپنے اِس مضمون میں سورۃ الحج کی آیت نمبر ۷۹ (وَجَاهِدُوا فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ط هُوَ اجْتَبٰكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ ط مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ ط هُوَ سَمّٰكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ۔ (پارہ ۱۷۔ سورۃ حج رکوع ۱۰) اور کوشش کرو اللہ کی راہ میں خوب کوشش جس نے پسند کیا تم کو اور نہیں کی تمہارے لیے دین میں کوئی تنگی وہ دین جو تمہارے باپ ابراہیم کا ہے جس نے تمہارا نام مسلمان رکھا ہے۔) کا حوالہ دے کر یہ بتایا ہے کہ روحانی یا مذہبی دنیا میں کسی عظیم الشان برگزیدہ بندے کا بیٹا ہونے کیلئے یہ ضروری نہیں ہے کہ کوئی پیرو کار اُس عظیم الشان برگزیدہ بندے کی صُلب میں سے ہی ہو۔ جس طرح اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام میں سیّدنا حضرت ابراہیمؑ کو ہم سب مسلمانوں کا باپ قرار دیا ہے۔ اِسی طرح آنحضرت ﷺ ہم سب مسلمانوں کے باپ ہیں اور حضرت مہدی و مسیح موعودؑ بھی اِسی طرح ہم سب احمدیوں کے باپ قرار پاتے ہیں اور مرزا بشیرالدین محمود احمد نے اپنے متذکرہ بالا مضمون میں جس عظیم الشان وجود اور جس زکی غلام اور مصلح موعود کا آئندہ زمانے میں پیدا ہونے کا ذکر فرمایا ہے اُسکے توّلد کو ہم متذکرہ بالا سورۃ الحج کی آیت نمبر ۷۹ کی روشنی میں حضرت مہدی و مسیح موعودؑ کی جسمانی نسل تک محدود نہیں کر سکتے۔ اللہ تعالیٰ اُسے حضورؑ کی ذریت یعنی جماعت میں سے ۶۔ ۷۔ نومبر ۱۹۰۷ء کے بعد جب چاہے اور جہاں سے چاہے پیدا فرمادے گا اور وہ بقول مرزا بشیرالدین محمود احمد حضورؑ کا پانچواں بیٹا کہلائیگا۔ وہ اِسی طرح حضرت مہدی و مسیح موعودؑ کا بیٹا کہلائے گا جس طرح آپؑ آنحضرت ﷺ کے عظیم الشان بیٹے کہلاتے ہیں۔

(۵) مرزا بشیرالدین محمود احمد نے اپنے اِس مضمون میں بار بار یہ بات کہی ہے کہ وہ آئندہ پیدا ہونیوالا عظیم الشان وجود یعنی زکی غلام حضرت بانیٔ سلسلہ کی نسل میں سے ہوگا۔ مرزا بشیرالدین محمود احمد کے یہ کہنے کی غالباً وجہ یہ تھی کہ حضورؑ نے ۲۰۔ فروری ۱۸۸۶ء کی اِلہامی پیشگوئی میں زکی غلام کیساتھ بریکٹ میں لفظ (لڑکا) لکھ کر اپنا یہ خیال ظاہر فرمایا تھا کہ یہ میرا جسمانی لڑکا ہوگا۔ اَمرِ واقع یہ ہے کہ حضورؑ کا ''زکی غلام'' کے متعلق اپنا جسمانی لڑکا خیال کرنا آپؑ کا محض اپنا اِجتہادی قیاس تھا۔ اور پھر اِسی اِجتہادی قیاس کی بنا پر آپؑ نے درمیان میں پیدا ہونیوالے تین لڑکوں (بشیرالدین محمود احمد، بشیر احمد اور شریف احمد۔ اِنکے نام صرف بطور تفاؤل رکھے گئے تھے) کو چھوڑ کر اپنے دو لڑکوں یعنی پہلے لڑکے (بشیر احمد اول) اور بعد ازاں چوتھے لڑکے (مبارک احمد) پر ۲۰۔ فروری ۱۸۸۶ء کی اِلہامی پیشگوئی میں موعود زکی غلام مسیح الزماں کی بشارت کو واضح طور پر چسپاں کیا تو نتیجتاً یہ دونوں لڑکے کم عمری میں ہی فوت ہوگئے۔ اللہ تعالیٰ نے زکی غلام سے متعلق بعض مبشر الہامات میں اُسے ''نافلہ'' بمعنی زائد انعام بھی قرار دیا ہے۔ لیکن جب حضورؑ نے اِس زکی غلام کو ''پوتا'' سمجھ کر اپنے پہلے پوتے (مرزا بشیرالدین محمود احمد کے فرزندِ اکبر مرزا نصیر احمد۔ بحوالہ حقیقۃ الوحی۔ تصنیف ۱۹۰۶ء روحانی خزائن جلد ۲۲ صفحہ ۲۲۸) پر چسپاں کیا تو وہ پوتا بھی فوت ہوگیا۔ یہ یاد رہے کہ اللہ تعالیٰ نے ۲۰۔ فروری ۱۸۸۶ء کی اِلہامی پیشگوئی میں حضورؑ کو دو مبشر وجودوں کا وعدہ عنایت فرمایا تھا۔ (۱) ایک وجیہہ اور پاک لڑکا (۲) ایک زکی غلام۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام میں ''وجیہہ اور پاک لڑکے'' کے متعلق تو یہ وعدہ فرمادیا کہ ''وہ لڑکا تیرے ہی تخم سے تیری ہی ذریت و نسل ہوگا۔'' لیکن زکی غلام یعنی مصلح موعود کے متعلق اللہ تعالیٰ نے حضورؑ سے کوئی ایسا وعدہ نہیں فرمایا کہ وہ آپکے تخم میں سے ہوگا۔ بعد ازاں اللہ تعالیٰ نے حضورؑ کے دونوں لڑکوں (بشیر احمد اول اور مبارک احمد) اور پوتے (نصیر احمد) کو وفات دے کر حضورؑ پر اور آپکی معرفت آپکی جماعت پر یہ ظاہر فرمادیا کہ زکی غلام یعنی مصلح موعود نہ حضورؑ کا کوئی جسمانی لڑکا ہے اور نہ ہی وہ آپؑ کا کوئی پوتا ہے اور نہ ہی اُس کیلئے کوئی ایسی شرط ہے کہ وہ آپؑ کی صلب میں سے پیدا ہو۔ لیکن مرزا بشیرالدین محمود احمد نے اپنے متذکرہ بالا مضمون میں بار بار حضورؑ کے اِس اِجتہادی قیاس کی بنا پر کہا ہے کہ وہ آپؑ کی نسل میں سے ہوگا۔ مرزا بشیرالدین محمود احمد ایک طرف تو اپنے مضمون میں یہ کہے جا رہے ہیں کہ '' نبی کریمؐ نے بھی تو فرمایا ہے کہ اہلِ فارس میں سے جو ایمان لائے وہ بنی فاطمہ میں سے ہے پس کیا اہلِ فارس خود حضرت فاطمہ کے لڑکے بن جاتے ہیں'' لیکن ساتھ ہی بار بار حضورؑ کی نسل کی بھی رَٹ لگائے جا رہے ہیں۔ جب وہ جانتے تھے کہ آنحضور ﷺ کے کہنے کے باوجود اہل فارس حضرت فاطمہؓ کی نسل میں سے نہیں بن جاتے۔ یہ صرف بطور محاورہ ہے۔ تو پھر حضرت مہدی و مسیح موعودؑ کا اپنے زکی غلام کے متعلق لڑکا کہہ

دینا کیا بطور محاورہ نہیں ہوسکتا۔؟؟؟ میں یہاں نہایت ادب سے عرض کرتا ہوں کہ نہ صرف یہ ''ہوسکتا ہے'' بلکہ ''ہو چکا'' ہے۔

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب اور دیگر قارئین کرام! آپ سب نے دیکھا اور پڑھ لیا ہے کہ مرزا بشیر الدین محمود احمد جون۔ جولائی ۱۹۰۸ء تک یہ یقین رکھتے تھے کہ زکی غلام یعنی مثیل مبارک احمد (مصلح موعود) نے آئندہ کسی زمانے میں پیدا ہونا ہے اور وہ اور اُسکے دیگر زندہ بھائی اس پیشگوئی کے دائرہ بشارت میں نہیں آتے۔ حضرت مہدی و مسیح موعودؑ کی ناگہانی موت کی وجہ سے مرزا بشیر الدین محمود احمد نے اس وقت جو کچھ کہا تھا بالکل سچ کہا تھا اور اللہ تعالیٰ نے یہ سچ آپکے منہ سے نکلوایا تھا۔ اس وقت آپ خلیفہ بھی نہیں تھے اور ویسے بھی ابھی تک اُنہوں نے اپنا کوئی ذاتی ایجنڈا (agenda) نہیں بنایا ہوا تھا۔ خلیفہ اول کے چھ سالہ دور میں پھر آپ نے اپنا پروگرام ترتیب دیا جس میں سب سے اہم معاملہ آپکے نزدیک خلیفہ بننا یا منصب خلافت پر قبضہ کرنا تھا۔ آپ جانتے تھے کہ حضورؑ کے مرید اور خلیفہ اول تو آپکو دعویٰ سے پہلے ہی پسر موعود بنا کر بیٹھے ہوئے ہیں۔ آپ یہ جان چکے تھے کہ جب میں خلیفہ بن گیا اور جماعت احمدیہ میرے قابو میں آ گئی تو پھر مصلح موعود بننا میرے لیے چنداں مشکل نہیں ہوگا۔ ۱۹۱۴ء میں حضورؑ کی قائم کردہ صدر انجمن کو بائی پاس (by-pass) کرتے ہوئے اِسکے ارکان کی اکثریتی رائے کے برخلاف آپ کس طرح خلیفہ بنے اور کس طرح آپ نے حضورؑ کی جماعت کو دولخت کیا۔ یہ جماعتی تاریخ کا ایک المناک واقعہ ہے۔ اس وقت اس موضوع پر گفتگو کرنا میرا مقصد نہیں۔ لہٰذا اسے یہاں چھوڑتا ہوں۔ خلیفہ ثانی بننے کے بعد مرزا بشیر الدین محمود احمد بے ایمان ہو چکے تھے اور اپنے دِل میں یہ فیصلہ کر چکے تھے کہ اُس نے اب مثیل مبارک احمد یعنی مصلح موعود بھی بننا ہے۔ خلیفہ بننے کے بعد پھر آپ نے اپنے ہی (جون۔ جولائی ۱۹۰۸ء رسالہ تشحیذ لاذہان والے) عقائد کے برخلاف مصلح موعود بننے کی تیاریاں شروع کر دیں اور اِسکی تفصیل میرے بعض مضامین اور میری کتاب ''آمدِن عید مبارک بادت۔ عید تو ہے چاہے کرو یا نہ کرو'' میں موجود ہے۔ صرف ایک بات کی یہاں وضاحت کرنا چاہتا ہوں کہ چونکہ مرزا بشیر الدین محمود احمد جانتے تھے کہ وہ جون۔ جولائی ۱۹۰۸ء میں رسالہ تشحیذ لاذہان میں اِس حقیقت کا برملا اظہار کر چکے ہیں کہ زکی غلام یعنی مثیل مبارک احمد (مصلح موعود) نے آئندہ کسی زمانے میں پیدا ہونا ہے۔ اب اِن کیلئے اہم ترین سوال یہ تھا کہ وہ زکی غلام مسیح الزماں یعنی پیشگوئی مصلح موعود کے دائرہ بشارت میں کیسے آئیں۔؟ اِس مقصد کیلئے تھوڑی بھاگ دوڑ کے بعد اِسکے ہاتھ میں ۲۲۔ مارچ ۱۸۸۶ء کے ''اِشتہار واجب الاظہار'' میں حضورؑ کا لکھا ہوا یہ اِجتہادی اور قیاسی فقرہ آ گیا ''لیکن ہم جانتے ہیں کہ ایسا لڑکا بموجب وعدہ اِلٰہی ۹ برس کے عرصہ تک ضرور پیدا ہوگا خواہ جلد ہو خواہ دیر سے۔ بہرحال اس عرصہ کے اندر پیدا ہو جائے گا۔'' حالانکہ جیسا کہ میں اب تک اِس مضمون میں بھی کلیتاً یہ ثابت کر چکا ہوں کہ حضورؑ نے جس زکی غلام کو اپنا لڑکا سمجھتے ہوئے مصلح موعود فرمایا تھا حضورؑ کا اِس زکی غلام کی پیدائش کے متعلق آپ کا یہ اجتہاد اور اندازہ تھا۔ بعد میں حضورؑ پر بڑے زور سے وحی متلو جاری ہوتی رہی اور اِس میں اللہ تعالیٰ نے اپنے برگزیدہ بندے کو بتا دیا کہ یہ زکی غلام تیرا کوئی جسمانی لڑکا نہیں ہے۔ یہ سب کچھ خلیفہ ثانی صاحب بھی جانتے تھے لیکن چونکہ اُنکی نفسانی خواہش کی تکمیل حضورؑ کے اِسی اجتہادی فقرہ میں تھی لہٰذا اُس نے زکی غلام کے متعلق ساری وحی متلو جو کہ ٦۔ ۷۔ نومبر ۱۹۰۷ء تک نازل ہوتی رہی کو پس پشت ڈال دیا بلکہ اِس اجتہادی خیال (لیکن ہم جانتے ہیں کہ ایسا لڑکا بموجب وعدہ اِلٰہی ۹ برس کے عرصہ تک ضرور پیدا ہوگا خواہ جلد ہو خواہ دیر سے۔ بہرحال اس عرصہ کے اندر پیدا ہو جائے گا) پر قربان کر دیا۔

سورۃ الحج میں بیان فرمودہ اِنتباہ اور جماعت احمدیہ کیلئے لمحہ فکریہ

اللہ تعالیٰ سورۃ الحج میں فرماتا ہے:۔

''وَمَآ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ قَبۡلِكَ مِنۡ رَّسُوۡلٍ وَّلَا نَبِیٍّ اِلَّاۤ اِذَا تَمَنّٰۤی اَلۡقَی الشَّیۡطٰنُ فِیۡۤ اُمۡنِیَّتِہٖ فَیَنۡسَخُ اللّٰہُ مَا یُلۡقِی الشَّیۡطٰنُ ثُمَّ یُحۡکِمُ اللّٰہُ اٰیٰتِہٖ وَاللّٰہُ عَلِیۡمٌ حَکِیۡمٌ o لِّیَجۡعَلَ مَا یُلۡقِی الشَّیۡطٰنُ فِتۡنَۃً لِّلَّذِیۡنَ فِیۡ قُلُوۡبِہِمۡ مَّرَضٌ وَّالۡقَاسِیَۃِ قُلُوۡبُہُمۡ وَ اِنَّ الظّٰلِمِیۡنَ لَفِیۡ شِقَاقٍۭ بَعِیۡدٍ o ۔'' (سورۃ الحج۔ ۵۳، ۵۴) ترجمہ۔ اور ہم نے تجھ سے پہلے نہ کوئی رسول بھیجا نہ نبی مگر جب بھی اس نے کوئی خواہش کی، شیطان نے اُسکی خواہش کے رستہ میں مشکلات ڈال دیں۔ پھر اللہ اُس کو جو شیطان ڈالتا ہے مٹا دیتا ہے اور جو اُس کے اپنے نشان ہوتے ہیں ان کو مضبوط کر دیتا ہے اور اللہ بہت جاننے والا، حکمت والا ہے۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ جو شیطان ڈالتا ہے وہ ان لوگوں کیلئے ٹھوکر کا موجب ہو جاتی ہیں جنکے دلوں میں بیماری ہوتی ہے اور جن کے دل سخت ہوتے ہیں اور ظالم لوگ شدید مخالفت کرنے پر تلے رہتے ہیں۔

سورۃ الحج کی اِن آیات کا مفہوم بڑا واضح ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کو مخاطب کر کے فرمایا ہے کہ اے محمدؐ! جب بھی میں کوئی نبی اور رسول مبعوث کرتا ہوں تو جب میرا نبی یا رسول کوئی خواہش یا تمنا کرتا ہے تو شیطان (نفس) اُسکی خواہش میں کچھ ملا دیتا ہے۔ پھر شیطان جو ملاتا ہے اللہ تعالیٰ اُسے مٹا کر اپنے نشانوں کو مضبوط کر دیتا ہے۔ پھر کیا ہوتا ہے جو شیطان ڈالتا ہے وہ اُن لوگوں کیلئے ٹھوکر کا موجب بن جاتی ہیں جن کے دِلوں میں بیماری ہوتی ہے یا جن کے دل سخت ہوتے ہیں۔ بے شک ظالم اور گنہگار لوگ شدید مخالفت پر تیار رہتے ہیں۔ یہ بات یاد رکھیں کہ اِن آیات کے مضمون سے کسی بھی زمانے کا کوئی بھی نبی یا رسول اور اُسکی امت یا جماعت بالا نہیں رہی۔ جو اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے ویسا ہی ہوتا

آیا ہے اور آئندہ بھی ایسا ہی ہوگا۔ میں اِسکی وضاحت کیلئے پہلے امت محمد یہ کی مثال دیتا ہوں۔ ہم جانتے ہیں کہ قرآن مجید میں دونوں قسم کی آیات ہیں۔ بین بھی اور متشابہ بھی۔ بین آیات سے تو قرآن مجید بھرا پڑا ہے لیکن اِس میں چند ایک متشابہ آیات بھی ہیں۔ مثلاً۔ اللہ تعالیٰ سورۃ ال عمران میں حضرت مسیح ابن مریمؑ کے متعلق فرماتا ہے۔

"وَرَسُوۡلًا اِلٰی بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ اَنِّیۡ قَدۡ جِئۡتُکُمۡ بِاٰیَۃٍ مِّنۡ رَّبِّکُمۡ اَنِّیۡۤ اَخۡلُقُ لَکُمۡ مِّنَ الطِّیۡنِ کَہَیۡـَٔۃِ الطَّیۡرِ فَاَنۡفُخُ فِیۡہِ فَیَکُوۡنُ طَیۡرًا بِاِذۡنِ اللّٰہِ وَاُبۡرِیُٔ الۡاَکۡمَہَ وَالۡاَبۡرَصَ وَاُحۡیِ الۡمَوۡتٰی بِاِذۡنِ اللّٰہِ وَاُنَبِّئُکُمۡ بِمَا تَاۡکُلُوۡنَ وَمَا تَدَّخِرُوۡنَ فِیۡ بُیُوۡتِکُمۡ اِنَّ فِیۡ ذٰلِکَ لَاٰیَۃً لَّکُمۡ اِنۡ کُنۡتُمۡ مُّؤۡمِنِیۡنَ ۔" (ال عمران: ۵۰) ترجمہ:۔ اور بنی اسرائیل کی طرف رسول (بنا کر بھیجے گا) کہ میں تمہارے پاس تمہارے ربّ کی طرف سے ایک نشان لے کر آیا ہوں کہ میں تمہارے لیے بعض طینی خصلت رکھنے والوں سے پرندہ کی طرح پیدا کرونگا۔ پھر میں اِن میں ایک نئی روح پھونکوں گا۔ جس پر وہ اللہ کے حکم کے ماتحت اُڑنے والے ہو جائیں گے اور میں اللہ کے حکم کے ماتحت اندھے کو اور مبروص کو اچھا کرونگا اور مردوں کو زندہ کرونگا اور جو کچھ تم کھاؤ گے اور جو کچھ تم اپنے گھروں میں جمع کرو گے اِسکی تمہیں خبر دوں گا (اور) اگر تم مومن ہو تو اس میں تمہارے لیے ایک نشان ہوگا۔

"وَّقَوۡلِہِمۡ اِنَّا قَتَلۡنَا الۡمَسِیۡحَ عِیۡسَی ابۡنَ مَرۡیَمَ رَسُوۡلَ اللّٰہِ ۚ وَمَا قَتَلُوۡہُ وَمَا صَلَبُوۡہُ وَلٰکِنۡ شُبِّہَ لَہُمۡ ؕ وَاِنَّ الَّذِیۡنَ اخۡتَلَفُوۡا فِیۡہِ لَفِیۡ شَکٍّ مِّنۡہُ ؕ مَا لَہُمۡ بِہٖ مِنۡ عِلۡمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ وَمَا قَتَلُوۡہُ یَقِیۡنًا ۙo بَلۡ رَّفَعَہُ اللّٰہُ اِلَیۡہِ ؕ وَکَانَ اللّٰہُ عَزِیۡزًا حَکِیۡمًا o وَاِنۡ مِّنۡ اَہۡلِ الۡکِتٰبِ اِلَّا لَیُؤۡمِنَنَّ بِہٖ قَبۡلَ مَوۡتِہٖ ۚ وَیَوۡمَ الۡقِیٰمَۃِ یَکُوۡنُ عَلَیۡہِمۡ شَہِیۡدًا o" (النساء: ۱۵۸۔۱۵۹۔۱۶۰) ترجمہ:۔ اور اُن کے کہنے کے سبب سے کہ اللہ کے رسول مسیح عیسیٰ ابن مریم کو ہم نے یقیناً قتل کر دیا ہے (یہ سزا ان کو ملی ہے) حالانکہ نہ انہوں نے اُسے قتل کیا اور نہ انہوں نے اسے صلیب پر لٹکا کر مارا بلکہ وہ اُن کیلئے (مصلوب کے) مشابہ بنا دیا گیا اور جن لوگوں نے اس میں اختلاف کیا ہے وہ یقیناً اس سے شک میں ہیں۔ انہیں اس کے متعلق کوئی بھی علم نہیں ہے۔ ہاں (صرف) وہم کی پیروی (کر رہے ہیں) اور انہوں نے اِس (واقعہ کی اصلیت) کو پوری طرح نہیں سمجھا۔ واقعہ یہ ہے کہ اللہ نے اُس کا اپنی طرف رفع کیا تھا (یعنی اپنے حضور میں عزت و رفعت بخشی تھی) کیونکہ اللہ غالب اور حکمت والا ہے۔ اہلِ کتاب میں سے ایک بھی نہیں جو اس (واقعہ) پر اپنی موت سے پہلے ایمان نہ لاتا رہے۔ اور وہ قیامت کے دن اُن پر گواہ ہوگا۔

قرآن کریم کی یہ چاروں آیات متشابہ یعنی ذو معنی ہیں۔ مفسرین نے ال عمران کی آیت کے معانی اور تشریح کرتے وقت حضرت مسیح ابن مریم کی ذات کو بڑھا چڑھا کر بیان کیا اور اُسے خالقِ طیور اور محی اموات وغیرہ بنا دیا۔ اور پھر سورۃ النساء کی آیات بھی ذو معنی اور متشابہ قسم کی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ یہودی نہ تو حضرت مسیح ابن مریم کو قتل کر سکے اور نہ وہ اُسے صلیب پر چڑھا سکے بلکہ وَلٰکِنۡ شُبِّہَ لَہُمۡ یعنی معاملہ اُن پر مشتبہ کر دیا گیا۔ پھر اگلی آیت میں یہ فرما کر کہ بَلۡ رَّفَعَہُ اللّٰہُ اِلَیۡہِ یعنی اللہ تعالیٰ نے اُس کا اپنی طرف رفع کر لیا۔ یہ بھی ذو معنی اور متشابہ قسم کے الفاظ ہیں اور ان سے بعض ناسمجھ قسم کے علماء اور مفسروں نے یہ مراد لے لیا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح ابن مریم کو زندہ بجسم عنصری آسمان پر اُٹھا لیا ہے۔ اگلی آیت بھی متشابہ قسم کی ہے اور علماء اور مفسرین نے اِسکے معنی بھی کچھ اس طرح کیے ہیں کہ جس سے حیات مسیح کے خیال کو مزید تقویت ملتی ہے۔ یہ تو متشابہ آیات کی بات تھی۔ لیکن اِسکے علاوہ بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کسی اُمت یا کسی جماعت کی آزمائش کی خاطر اُسکے نبی یا رسول کے مبارک منہ سے بعض ایسے کلمات نکلوا دیتا ہے جس سے اللہ تعالیٰ کو اُس اُمت یا جماعت کی آزمائش منظور ہوتی ہے۔ اِس ضمن میں حضرت مہدی و مسیح موعودؑ فرماتے ہیں:۔

''مگر بعض اوقات خدا تعالیٰ بعض مصالح کیلئے انبیا کے فہم اور ادراک کو اپنے قبضہ میں لے لیتا ہے۔ تب کوئی قول یا فعل سہو یا غلطی کی شکل پر ان سے صادر ہوتا ہے اور وہ حکمت اِلٰہی جو ارادہ کی گئی ہے ظاہر ہو جاتی ہے۔ تب پھر وحی کا دریا زور سے چلنے لگتا ہے اور غلطی کو درمیان سے اُٹھا دیا جاتا ہے گویا اس کا کبھی وجود نہیں تھا۔ (روحانی خزائن جلد ۵ صفحہ ۱۱۵۔۱۱۶ بحوالہ آئینہ کمالات اسلام)

حضرت بانئے جماعتؑ نے جو فرمایا ہے اِسکی بڑی واضح مثال نزول مسیح ابن مریم کے متعلق آنحضورﷺ کی روایات ہیں۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے آنحضرتﷺ کے مبارک منہ سے ایسے الفاظ کہلوا دیئے ہیں جن سے علمائے اُمت کے اِس شبہ کو اور تقویت مل گئی کہ حضرت مسیح ابن مریم زندہ آسمان پر اُٹھا لیے گئے تھے اور وہی آخری زمانے میں آسمان سے نازل ہو کر غلبہ اسلام کا مشن مکمل کریں گے۔ جیسا کہ آنحضرتﷺ نے فرمایا۔ "عَنۡ اَبِیۡ ھُرَیۡرَۃَؓ قَالَ قَالَ رَسُوۡلُ اللّٰہِ ﷺ کَیۡفَ اَنۡتُمۡ اِذَا نَزَلَ ابۡنُ مَرۡیَمَ فِیۡکُمۡ وَاِمَامُکُمۡ مِنۡکُمۡ۔" (مشکوٰۃ شریف جلد ۳ صفحہ ۴۹۔ متفق علیہ) ترجمہ:۔ ابو ہریرہؓ سے روایت ہے رسول اللہﷺ نے فرمایا کیسے ہو گے تم جب ابن مریم نازل ہوگا تم میں اور تمہارا امام تم میں سے ہوگا۔ اِس قسم کی بہت ساری احادیث صحیحین میں موجود ہیں لیکن خاکسار نے بطور مثال ایک حدیث نقل کی ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے نبیﷺ سے اُس عظیم موعود وجود کیلئے جو اُمت میں غلبہ اسلام کیلئے آپکی غلامی میں ظاہر ہونیوالا تھا ''ابن مریم'' اور ''نزول'' کے الفاظ استعمال کروائے ہیں۔ اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو آنحضرتﷺ سے صاف طور پر یہ کہلوا دیتا کہ میری اُمت میں مسیح ابن مریم سے مشابہت رکھنے والا ایک شخص مبعوث ہوگا جو غلبہ اسلام کی راہ ہموار کرے گا۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے ایسا نہیں کیا بلکہ اُمت محمدیہ کی آزمائش کی خاطر اپنے پیارے نبیﷺ کے مبارک منہ سے ایسے الفاظ نکلوا دیئے جو ذو معنی ہیں اور جن سے اُمت کی آزمائش کی غرض پوری ہوگئی۔ اب آنحضورﷺ نے تو یہ الفاظ

بطور استعارہ استعمال فرمائے تھے لیکن متذکرہ بالا ذومعنی آیات قرآنی کی وجہ سے علمائے اُمت ''اِبن مریم'' اور ''نزول'' کے الفاظ سے حضرت مسیح ابن مریم کا آسمان سے اصالتاً نزول سمجھ بیٹھے۔ اگرچہ قرآن مجید میں درجنوں ایسی بین آیات موجود ہیں جن سے قطعی طور پر یہ ثابت ہوتا ہے کہ کوئی اِنسان اپنے مادی جسم کیساتھ نہ تو دائمی طور پر زندہ رہ سکتا ہے اور نہ ہی زندہ بجسم عنصری آسمان پر جاسکتا ہے۔ لیکن اِن درجنوں بین آیات کے باوجود متذکرہ بالا ال عمران اور النساء کی آیات کیساتھ آنحضرت ﷺ کے مبارک الفاظ کو ظاہری پر محمول کرتے ہوئے علماء اور مفسرین اُمت نے حضرت مسیح کی حیات اور آپکے زندہ آسمان پر چلے جانے اور آخری زمانے میں آسمان سے نزول فرمانے کا مشرکانہ عقیدہ آسانی کیساتھ بنا لیا۔ اور پھر صدی پر صدی گزرتی گئی اور یہ غیر قرآنی اور غیر عقلی مشرکانہ عقیدہ مسلمانوں کے دل و دماغ میں پختہ ہوتا چلا گیا۔ اِس دوران اُمت میں ہر صدی پر مجددین بھی آتے رہے لیکن چودھویں صدی سے پہلے کسی مجدد کی اِس غلطی کی طرف توجہ نہ گئی اور نہ جاسکتی تھی کیونکہ اِس فاسد عقیدے کی اصلاح مسیح موعود کے ایجنڈے میں شامل تھی۔ اُمت مسلمہ کی آزمائش کی دوسری مثال آیت خاتم النبیین کی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اِس آیت میں فرمادیا کہ!

''مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ط وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا۔'' محمد (ﷺ) تمہارے جوان مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں لیکن اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں اور خاتم النبیین ہیں اور اللہ ہر ایک چیز سے خوب آگاہ ہے۔

اب یہ آیت خاتم النبیین بھی متشابہ اور ذومعنی ہے۔ اِس آیت کیساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ نے سورۃ فاتحہ میں ہمیں یہ دعا بھی سکھائی ہے کہ!''اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ o صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ o '' (فاتحہ:۶۔۷) ہمیں سیدھے راستہ کی طرف چلا۔ اُن لوگوں کے راستے پر جن پر تونے انعام کیا۔ جن پر نہ تو (تیرا) غضب نازل ہوا اور نہ وہ گمراہ ہوئے۔

مزید اللہ تعالیٰ نے سورۃ النساء میں ہمیں یہ بھی بتادیا کہ میرے روحانی انعامات کیا ہیں۔؟''وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا o'' (النساء:۷۰) ترجمہ۔ اور جو اللہ اور اِس رسول کی اطاعت کریں گے وہ ان لوگوں میں شامل ہوں گے جن پر اللہ نے انعام کیا ہے یعنی انبیاء اور صدیقین اور شہداء اور صالحین اور یہ لوگ اچھے رفیق ہیں۔

مزید برآں اللہ تعالیٰ نے اُمت مسلمہ کو یہ بھی فرمادیا کہ!''يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ فَمَنِ اتَّقٰى وَاَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ۔'' (اعراف:۳۶) اے آدم کے بیٹو! اگر تمہارے پاس تم میں سے رسول بنا کر بھیجے جائیں اس طرح کہ وہ تمہارے سامنے میری آیات پڑھ کر سناتے ہوں تو جو لوگ تقویٰ اختیار کریں اور اصلاح کریں اُن کو نہ کسی قسم کا خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہونگے۔

لیکن اِس سب کے باوجود اللہ تعالیٰ نے اُمت مسلمہ کی آزمائش کی خاطر اور یہ دیکھنے کیلئے کہ کون اِن میں سے اللہ اور اُسکے رسول ﷺ پر اپنے ایمان میں سچا ہے اور کون نام کا مسلمان ہے آنحضرت ﷺ کے مبارک منہ سے یہ الفاظ بھی نکلوادیئے کہ!''وَاَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ وَلَا نَبِيَّ بَعْدِيْ۔'' اور میں خاتم النبیین ہوں اور میرے بعد کوئی نبی نہیں۔ لیکن ساتھ ہی آنحضور ﷺ نے ایک روایت میں موعود مسیح ابن مریم کے متعلق یہ بھی فرمادیا کہ وہ نبی اللہ ہوگا۔ اب سوال یہ ہے کہ!

(۱) اگر آنحضرت خاتم النبیین ہونے کی وجہ سے زمانے کے لحاظ سے آخری نبی تھے اور آپ ﷺ کے بعد اللہ تعالیٰ نے کسی اور کو نبی نہیں بنانا تھا تو پھر آنحضرت ﷺ نے مسیح موعود کے متعلق یہ کیوں فرمادیا کہ وہ نبی اللہ ہوگا۔؟

(۲) اگر آنحضرت ﷺ زمانے کے لحاظ سے آخری نبی تھے اور آپ ﷺ کے بعد کسی نبی کی ضرورت نہیں تھی اور نبوی نعمت کامکمل طور پر خاتمہ ہو چکا تھا تو پھر اللہ تعالیٰ نے ہمیں اپنے عظیم کلام میں اِس نعمت کیلئے دعا کیوں سکھائی ہے۔؟ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو وہ دعائیں نہیں سکھایا کرتا جو اُس نے قبول نہ کرنی ہوں۔ اور پھر وضاحت سے فرمادیا کہ جو بھی میری اور میرے رسول ﷺ کی اطاعت کریں گے تو اگر میں نے اُن میں سے کسی کو نبوی نعمت بخشنی چاہی تو ضرور بخشوں گا۔ یہ اللہ تعالیٰ کی باتیں ہیں۔ کسی اِنسان کی نہیں۔ اگر کوئی برگزیدہ اِنسان بیشک خاتم النبیین کے مقام پر بھی فائز کیوں نہ ہو تو بھی وہ بہرحال اِنسان ہے بشر ہے۔ اُس کا علم بھی اتنا ہی ہوسکتا ہے جتنا اللہ تعالیٰ اُسے بخشے گا۔ کیونکہ کامل اور لامحدود علم اللہ تعالیٰ کی ذات سے ہی خاص ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے یہ بھی فرمادیا کہ اے آدم کے بیٹو! اگر تم میں کوئی رسول مبعوث ہوجائے تو جو اُس پر ایمان لے آئے گا اور اپنی اصلاح کرلے گا تو ایسے متقیوں کو کوئی غم نہیں ہوگا۔ وغیرہ۔ اب پھر سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر آنحضرت ﷺ آخری نبی تھے اور آپ ﷺ کے بعد کوئی رسول نہیں آنا تھا تو اللہ تعالیٰ نے اُمت مسلمہ کو مخاطب کرکے یہ کیوں فرمایا ہے کہ اگر تمہارے پاس تم میں سے رسول بنا کر بھیجے جائیں اس طرح کہ وہ تمہارے سامنے میری آیات پڑھ کر سناتے ہوں تو جو لوگ تقویٰ اختیار کریں اور اصلاح کریں اُن کو نہ کسی قسم کا خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہونگے۔؟

جیسا کہ میں پہلے بھی عرض کرچکا ہوں کہ چودھویں صدی سے پہلے بھی اُمت میں مجددین آتے رہے لیکن اِن مسائل کی طرف اُن کی توجہ نہ گئی۔ حتیٰ کہ چودھویں صدی کا سر آگیا اور

اِس صدی کے مجدد حضرت مرزا غلام احمدؑ ظاہر ہو گئے۔ آپؑ نہ صرف چودھویں صدی کے مجدد تھے بلکہ مسیح موعود، مہدی مسعود اور اُمتی نبی بھی تھے۔ آپؑ نے نزول مسیح ابن مریم اور آیت خاتم النبیین کی حقیقت پر روشنی ڈال کر اُمت کو عقلی اور نقلی دلائل کیساتھ خوب سمجھایا کہ نزول مسیح ابن مریم سے مراد آسمان سے موسوی مسیح ابن مریم کا نزول نہیں ہے بلکہ اس سے مراد موسوی مسیح ابن مریم کی خو بو اور اُسکے حالات اور واقعات سے مشابہت رکھنے والا کوئی اُمتی شخص ہے۔ اِسی طرح آیت خاتم النبیین سے متعلقہ ختم نبوت کے باطل عقیدے کی بھی آپؑ نے اصلاح فرمائی۔ میں اِسکی تفصیل کو چھوڑتا ہوں کیونکہ بعض اور مضامین میں اِن موضوعات پر خاکسار کافی روشنی ڈال چکا ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام میں فرمایا ہے کہ افسوس میرے بندوں پر کہ جب بھی اُن میں کوئی نبی آیا تو اُنہوں نے اُسے جھٹلا دیا اور اُس سے تمسخر کیا۔ یہی معاملہ چودھویں صدی کے اِس مجدد، مسیح موعود، مہدی مسعود اور اُمتی نبی کیساتھ بھی ہوا۔ اُمت کی اکثریت نے اُنہیں بھی جھٹلا دیا اور اِس طرح سورۃ الحج کی متذکرہ بالا آیات (۵۳۔۵۴) کے باوجود اُمت کی اکثریت اپنی آزمائش میں ناکام ہوگئی۔ جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے کہ سورۃ الحج کی مذکورہ بالا آیات کا مضمون ہر زمانے کے نبی اور رسول اور اُنکے پیروکاروں میں ظاہر ہوا ہے۔ سب نبیوں اور اُنکی امتوں کو اِن آیات کی روشنی میں آزمائش ہوئی ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ ''أَحَسِبَ النَّاسُ أَن يُتْرَكُوا أَن يَقُولُوا آمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُونَ'' (سورۃ العنکبوت۔۳) کیا لوگ یہ خیال کئے ہوئے ہیں کہ (صرف) یہ کہنے سے کہ ہم ایمان لے آئے چھوڑ دیئے جائیں گے اور ان کی آزمائش نہیں کی جائے گی؟

اور جب اللہ تعالیٰ نے آزمائش کی تو سب انبیاء کی اُمتوں میں سے اکثریت نے ٹھوکر کھائی اور وہ ناکام ہوگئیں۔ اب سوال ہے کہ جب سب نبیوں کی اُمتوں کی آزمائش ہوئی تو پھر حضرت مہدی و مسیح موعودؑ اور آپکی جماعت سورۃ الحج کی متذکرہ بالا آیات کے مضمون سے بالاتر کیسے ہوسکتی ہے۔؟ حضرت مہدی و مسیح موعودؑ کو بھی یہ قرآنی وحی اِلہام ہوئی تھی۔

۱۸۔اکتوبر ۱۹۰۲ء ''فرمایا کہ رات کو ایک اور فقرہ الہام ہوا تھا بھول گیا تھا اب یاد آیا ہے وہ یہ ہے:۔ ''أَحَسِبَ النَّاسُ أَن يُتْرَكُوا أَن يَقُولُوا آمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُون ''۔ کیا لوگوں نے سمجھ لیا ہے کہ اُنہیں صرف اتنا کہہ دینے سے کہ ہم ایمان لائے ہیں چھوڑ دیا جائے گا اور اُن کا امتحان نہیں لیا جائے گا۔ (تذکرہ۔صفحہ ۳۵۷ بحوالہ البدر جلد ا نمبر ا مورخہ ۳۱۔اکتوبر ۱۹۰۲ء صفحہ ۷)

اب جب وعدہ کے مطابق اُمت محمدیہ کی سخت آزمائش ہو چکی ہے تو کیا یہ ضروری نہیں تھا کہ اللہ تعالیٰ اپنے وعدہ اور سورۃ الحج کی آیات کی روشنی میں حضرت مہدی و مسیح موعودؑ اور آپکی جماعت کی آزمائش بھی کرتا۔؟ جب ہم اِن آیات کی روشنی میں جماعت احمدیہ کی حالت پر غور کرتے ہیں تو یہاں بھی اِن آیات کا جلوہ نظر آرہا ہے۔ ہوشیار پور میں چلہ کشی کے دوران حضرت مرزا غلام احمدؑ پر ایک عظیم الشان پیشگوئی اِلہام ہوئی۔ اِس پیشگوئی میں اللہ تعالیٰ نے آپ کو دو نشانوں کی بشارت دی۔ اِن میں سے ایک لڑکا تھا اور دوسرا زکی غلام۔ اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو اِن دونوں نشانوں کا الگ الگ پیشگوئیوں میں ذکر کر دیتا لیکن اُس نے جماعت احمدیہ کی آزمائش بطور خاص حضورؑ کی جسمانی اولاد کی آزمائش (کیونکہ اللہ تعالیٰ کو علم تھا کہ حضرت مرزا صاحبؑ کی وفات کے بعد اُسکی اولاد نے کیا کرنا ہے؟) کی خاطر اِن دونوں نشانوں کا ایک ہی پیشگوئی میں ذکر فرما دیا۔ اللہ تعالیٰ نے حضورؑ کو فرمایا:۔

(ا) ''اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَ يُطَهِّرَ كُمْ تَطْهِيْرًا'' تفہیم یہ ہوئی کہ اے اہل خانہ خدا تمہارا امتحان کرنا چاہتا ہے تا معلوم ہو کہ تم اُسکے ارادوں پر ایمان رکھتے ہو یا نہیں اور تا وہ اے اہل بیت تمہیں پاک کرے جیسا کہ حق ہے پاک کرنے کا۔ اور پھر اُنہیں کی طرف اِشارہ کر کے اِلہام ہوا:۔

(۲) ''ہے تو بھاری مگر خدائی امتحان کو قبول کر۔'' (تذکرہ۔صفحہ ۵۹۱)

چونکہ حضرت مرزا صاحبؑ نے شروع میں اِس اِلہامی پیشگوئی کو ایک پیشگوئی سمجھا تھا اور پھر اللہ تعالیٰ نے بھی بطور خاص لڑکے کے متعلق فرما دیا کہ ''وہ لڑکا تیرے ہی تخم سے تیری ہی ذریت و نسل ہوگا''۔ لہٰذا حضرت مرزا صاحبؑ نے زکی غلام کیساتھ بریکٹ میں (لڑکا) لکھ دیا اور پھر حضورؑ ساری عمر اس زکی غلام کو اپنی جسمانی اولاد میں ڈھونڈتے رہے۔ زکی غلام کے متعلق اپنا جسمانی لڑکا ہونا حضورؑ کی اپنی خواہش یا تمنا تھی اور بریکٹ میں (لڑکا) اِس تمنا کا اظہار تھا۔ لیکن چونکہ اللہ تعالیٰ کے علم میں زکی غلام حضورؑ کا جسمانی لڑکا نہیں بلکہ کوئی روحانی فرزند تھا لہٰذا اللہ تعالیٰ نے بریکٹ میں (لڑکا) لکھے جانے کی اپنے بندے کی تمنا اور اجتہادی غلطی کو اس طرح دور فرمایا کہ زکی غلام کے متعلق مبشر الہامات کا سلسلہ نزول حضورؑ کے ہر لڑکے کی پیدائش کے بعد بھی حتیٰ کی حضورؑ کی نرینہ اولاد کے منقطع ہونے کے بعد آپکی وفات تک جاری رکھا۔ حضورؑ نے بھی شان انبیا کے مطابق ہر مبشر اِلہام کو نہ صرف لوگوں کو بتایا بلکہ اپنی زندگی میں شائع بھی فرما دیا۔ اب وہ احمدی جو متقی ہیں اور جن کا مقصد حیات اللہ تعالیٰ کی خوشنودی ہے اُن کیلئے تو یہ سمجھنا کوئی مشکل نہیں ہے کہ زکی غلام نے چونکہ اپنے آخری مبشر اِلہام یعنی ۶۔۷ نومبر ۱۹۰۷ء کے بعد پیدا ہونا ہے لہٰذا وہ حضورؑ کا کوئی جسمانی لڑکا نہیں ہوسکتا کیونکہ حضورؑ کی نرینہ اولاد کا سلسلہ صاحبزادہ مبارک احمد کی پیدائش کے بعد منقطع ہو گیا تھا۔ اب حضرت مرزا صاحبؑ کی جسمانی اولاد اور وہ احمدی جو صرف نام کے احمدی ہیں اور جن کا مقصد حیات بھی خدا کی بجائے بندوں کی خوشنودی حاصل کرنا ہے۔ جن کے دلوں میں تکبر کی بیماری اور جن کے دل سخت ہیں اُن کیلئے حضرت مرزا صاحبؑ کا بریکٹ میں (لڑکا) لکھ کر اپنی تمنا کا اظہار کرنا فتنہ کا موجب بن گیا

ہے۔میری اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اِنکے دلوں میں راستی اور تقویٰ پیدا کرے اور اُنہیں ٹھوکر سے بچائے آمین۔

خلیفہ ثانی کے کارناموں کی حقیقت

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! یہاں پر ایک سوال شاید آپکے ذہن میں پیدا ہوا ہو وہ یہ کہ اگر مرزا بشیر الدین محمود احمد اتنا جھوٹا تھا تو پھر اُن سے جماعتی خدمات اور دیگر کارنامے کیسے سرزد ہو گئے۔؟ اِن سوالوں کے جوابات خاکسار اپنی کتاب ''آمدِ عید مبارک بادت۔عید تو ہے چاہے کر و یا نہ کرو'' اور بعض دیگر مضامین میں دے چکا ہے۔لیکن ایک بار پھر اجمالاً یہاں دوبارہ ذکر کر دیتا ہوں۔حضرت مہدی و مسیح موعودؑ کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے دو وجود بطور نشان دیئے گئے تھے۔ایک ''وجیہہ اور پاک لڑکا'' اور ''ایک زکی غلام''۔وجیہہ اور پاک لڑکا سے متعلقہ پیشگوئی کے مصداق بشیر احمد (اول) تھے۔لیکن اللہ تعالیٰ نے اُسے وفات دے کر اُسکے مثیل کی بشارت دیدی جیسا کہ خاکسار شروع میں ذکر بھی کر چکا ہے۔حضرت بانئے جماعت کے گھر میں بطور مثیل بشیر احمد اول کون پیدا ہوا تھا۔؟ ظاہر ہے وہ مرزا بشیر الدین محمود احمد تھے۔اگر مرزا بشیر الدین محمود احمد اپنا دعویٰ مثیل بشیر احمد اول یعنی ''وجیہہ اور پاک لڑکے'' تک محدود رکھتے تو درست تھا لیکن اُنہوں نے زیادتی کرتے ہوئے ایک ایسا دعویٰ کیا یعنی زکی غلام (مصلح موعود) ہونے کا جس کے مصداق وہ ہو ہی نہیں سکتے ہیں۔اپنی بعض نفسانی خواہشات کی تکمیل کیلئے اُس نے پیشگوئی زکی غلام مسیح الزماں (مصلح موعود) اپنے اوپر جھوٹے طور پر چسپاں کر کے جماعت احمدیہ میں ایک بہت بڑا فساد برپا کر دیا۔باقی جہاں تک اُسکی جماعتی خدمت یا کارناموں کا تعلق ہے تو اِس ضمن میں عرض ہے کہ وہ بہر حال مثیل بشیر احمد اول ہوتے ہوئے ''وجیہہ اور پاک لڑکا'' سے متعلقہ پیشگوئی کے مصداق تھے۔اِس لحاظ سے وہ یقیناً فضل یافتہ تھے اور اِس پر اُسکی قیادت گواہ ہے۔لیکن اِس جماعتی خدمت اور کارناموں کی بدولت وہ ہرگز زکی غلام (مصلح موعود) سے متعلقہ اِلہامی پیشگوئی کے مصداق نہیں بن سکتے تھے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام میں اُسے زکی غلام کی پیشگوئی کے دائرہ بشارت سے ہی باہر نکال دیا ہے۔باقی یہ بھی کوئی بڑی بات نہیں کہ اللہ تعالیٰ تو ایک اِنسان کو اپنے فضل اور اپنے نشانوں سے نوازے لیکن وہ بندہ دنیا کی طرف جھکتا چلا جائے۔یہ ممکن ہے اور سورۃ اعراف کی آیات (۱۷۶۔۱۷۷) اِس پر دال ہیں۔جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! خلیفہ ثانی کی جو جماعتی خدمت اور کارنامے اس وقت افرادِ جماعت کے پیش نظر ہیں اِسکے علاوہ بھی اگر فرض کر لیں ساری دنیا اُسکے ہاتھ پر بیعت کر کے احمدی ہو جاتی اور سارے ممالک احمدیت میں داخل ہو جاتے تو کیا وہ زکی غلام مسیح الزماں (مصلح موعود) کی اِلہامی پیشگوئی کے مصداق بن جاتے۔ہرگز نہیں۔تب بھی وہ ''وجیہہ اور پاک لڑکا'' کی پیشگوئی کے ہی مصداق ہوتے نہ کہ زکی غلام یعنی مصلح موعود کی پیشگوئی کے۔

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! کیا آپ اِس شخص کو مصلح موعود ثابت کر رہے ہو۔؟ آپ ایسے پڑھے لکھے اِنسان پر نہ صرف حیرت بلکہ کمال حیرت ہے۔۲۰۔فروری ۱۸۸۶ء کی اِلہامی پیشگوئی مصلح موعود کے سلسلہ میں اب تک اِس مضمون میں جو کچھ لکھا جا چکا ہے اِسکی رُو سے آپکا مضمون بالکل ایک رام کہانی ثابت ہو گیا ہے جس کا حقیقت سے کوئی دور کا بھی واسطہ نہیں۔اِس لحاظ سے آپکے مضمون کے مندرجات پر اب الگ سے بات کرنے کی کوئی ضرورت تو نہیں رہی لیکن پھر بھی خاکسار آپکے مضمون کی چند غلط بیانیوں کا اجمالاً ذکر کر کے اِن کا یہاں جواب لکھتا ہے۔

آپکے مضمون کے مندرجات کا اجمالی ذکر اور اُن کا جواب

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! آپ لکھتے ہیں:۔

"The prophecy announced that a son would be born,within nine years starting from Feb 20th 1886."

''پیشگوئی میں اعلان کیا گیا کہ ۲۰۔فروری ۱۸۸۶ء سے لے کر نو (۹) سال کے اندر ایک لڑکا پیدا ہوگا۔''

الجواب:۔آپ نے اِن الفاظ میں کھلا کھلا جھوٹ بولا ہے۔میں نے ۲۰۔فروری ۱۸۸۶ء کی اِلہامی پیشگوئی اپنے مضمون کے شروع میں درج کی ہے۔کیا آپ یا کوئی اور اِلہامی پیشگوئی کے الفاظ سے یہ ثابت کر سکتا ہے کہ پیشگوئی میں صرف ایک لڑکے کے پیدا ہونے کی خبر دی گئی تھی۔ہرگز نہیں۔''پیشگوئی مصلح موعود کے متعلق حقائق'' کے ذیل میں خاکسار نے پہلی حقیقت ہی یہ بیان کی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اِس اِلہامی پیشگوئی میں بڑے واضح الفاظ میں دو (۲) وجودوں یا دو (۲) نشانوں (۱) ایک وجیہہ اور پاک لڑکا اور (۲) ایک زکی غلام کی بشارات بخشی تھیں اور آپ یہ فرما کر کہ پیشگوئی میں ''ایک لڑکے'' کے پیدا ہونے کی خبر دی گئی ہے اللہ تعالیٰ کے کلام کیساتھ دَجَل کر رہے ہیں۔یہودی صرف عبارتوں میں کمی بیشی کرتے تھے لیکن آپ نے تو ایک نشان یعنی ''زکی غلام'' کو ہی پیشگوئی سے غائب کر دیا ہے۔یہی زکی غلام اب آپ سب کے گلے میں پھنس کر بیٹھا ہے ۔ایسے مکروہ اور دجالی کاموں کے متعلق حضرت بانئے جماعتؑ نے کیا فتویٰ دیا ہے۔؟ ملاحظہ فرمایئے:۔

''وانت تعلم ان حقیقة الظلم وضع الشئ فی غیر موضعه عمداو بالارادة لینتقب وجه المهجة ویسدّ طریق الاستفادة و یلتبس الامر علی السا لکین ۔ فا

لظالم ھوالذی یحلّ محلّ المحرفین و یبدل العبارات کالخائنین و یجترء علے الزیادة فی موضع التقلیل و التقلیل فی موضع الزیادة کیفاو کمااو ینقل الکلمات من معنے الی معنے ظلمًا وزورًا من غیر وجود قرینة صارفةٍ الیه ثم یاخذید عوالناس الی مفتریانه کالخادعین۔ومامعنے الدجل والدجالة الاھذا فلیفکرمن کان من المفکرین۔ اور تجھے معلوم ہو کہ ظلم کی حقیقت یہ ہے کہ ایک شئے اپنے موقعہ سے اُٹھا کر عمداً غیر محل پر رکھی جائے۔تاراہ چھپ جاوے۔اور اِستفادہ کا طریق بند ہوجاوے۔اور چلنے والوں پر بات ملتبس ہوجاوے۔پس ظالم اُسکو کہیں گے جو محرفوں کا کام کرے اور خیانت پیشہ لوگوں کی طرح عبارتوں کو بدلا دے اور جرأت کر کے کم کی جگہ زیادہ کرے اور زیادہ کی جگہ کم کر دیوے۔کیا کیفیت کی رو سے اور کیا کمیت کی رو سے اور محض ظلم اور جھوٹ کی راہ سے کلموں کو ایک معنی سے دوسرے معنوں کی طرف لے جاوے۔حالانکہ اُسکے فعل کے لیے کوئی قرینہ مدد گار نہ ہو۔اور پھر اِس بناء پر دھوکہ دینے والوں کی طرح لوگوں کو اپنی مفتریات کی طرف بلانا شروع کرے اور دجالیت کے معنی بجز اِسکے کچھ نہیں۔پس جو شخص فکر کر سکتا ہے اِس میں فکر کرے۔'' (نور الحق حصہ اول (عربی) اشاعت فروری ۱۸۹۴ء بحوالہ روحانی خزائن جلد ۸ صفحہ ۷۹)

آغاز میں خاکسار نے ''اِلہامی پیشگوئی مصلح موعود کے متعلق حقائق'' کے ذیل میں پانچویں حقیقت یہ بیان کی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ملہم کو اِس بارے میں قطعاً کوئی خبر نہیں دی تھی کہ یہ ''وجیہہ اور پاک لڑکا'' اور ''زکی غلام'' کب پیدا ہونگے۔؟ اِلہامی پیشگوئی کے الفاظ بتارہے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ملہم کو اِس معاملہ میں مکمل طور پر لاعلم رکھا تھا۔کیا آپ یا کوئی اور اِلہامی پیشگوئی کے الفاظ سے یہ ثابت کر سکتا ہے کہ اِلہامی پیشگوئی میں لڑکے یا زکی غلام کے نو (۹) سال میں پیدا ہونے کی خبر دی گئی تھی۔؟ ہرگز نہیں۔تو پھر جب اللہ تعالیٰ نے ۲۰ فروری ۱۸۸۶ء کی اِلہامی پیشگوئی میں ملہم کو اِن وجودوں کے پیدا ہونے کی کوئی قطعی خبر ہی نہیں دی تو پھر آپ دھکے سے زکی غلام (مصلح موعود) کو نو (۹) سال کے اندر پیدا کرنے کی کوشش کیوں کر رہے ہیں۔؟

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! آگے آپ لکھتے ہیں:۔

"According to the prophecy the illustrious son would be equipped with about fifty extraordinary characteristics."

''پیشگوئی کے مطابق نامی لڑکا قریباً پچاس (۵۰) غیر معمولی اوصاف کا حامل ہوگا۔''

الجواب:۔ یہ بات یاد رکھیں کہ ۲۰۔فروری ۱۸۸۶ء کی اِلہامی پیشگوئی حضرت مہدی و مسیح موعودؑ پر نازل ہوئی تھی۔اگر اللہ تعالیٰ نے اس پیشگوئی میں زکی غلام یا مصلح موعود کے متعلق پچاس (۵۰) یا باون (۵۲) یا اٹھاون (۵۸) خصوصیات یا نشانیوں کا ذکر فرمایا ہوتا تو اِن اوصاف کا سب سے پہلے علم تو ملہم کو ہونا چاہیے تھا نہ کہ کسی اور کو۔جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! کیا آپ مجھے یہ ثابت کر کے دے سکتے ہیں کہ حضورؑ جن پر یہ پیشگوئی اِلہام ہوئی تھی نے اپنی کسی تحریر میں خلیفہ ثانی کی طرح ان لایعنی باتوں کا ذکر کیا ہو۔؟ ہرگز نہیں۔ آپ عقل سے کام لیں اور یہ یاد رکھیں کہ اگر کوئی بات کسی انسان میں قطعی طور پر ثابت ہی نہ ہوسکتی ہو یا الفاظ دیگر مشاہدہ نہ ہوسکے تو ہم اُسے علامت (character) کیسے ٹھہرا سکتے ہیں؟ یہ خلیفہ ثانی کا ایک دجل اور ڈرامہ تھا جو اُنہوں نے زکی غلام کی کبھی اٹھاون ۵۸ اور کبھی باون (۵۲) علامات کا ذکر فرما کر افرادِ جماعت کو اپنی طرف مائل کرنے یا بیوقوف بنانے یا مرعوب کرنے کی کوشش کی تھی اور افرادِ جماعت اپنی لاعلمی اور بے جا عقیدت کی وجہ سے مرعوب ہو بھی گئے تھے۔آج پوری جماعت اِس بیوقوفی اور بے جا عقیدت کا خمیازہ بھگت رہی ہے۔۔حضرت مہدی و مسیح موعودؑ جن پر یہ پیشگوئی اِلہام ہوئی تھی اُنہوں نے تو سچائی کی پہچان کیلئے صرف ایک نشان کو ہی کافی قرار دیا ہے۔آپؑ فرماتے ہیں ؎

صاف دِل کو کثرتِ اعجاز کی حاجت نہیں ۔ اِک نشاں کافی ہے گر دِل میں ہو خوفِ کردگار

اور جب کسی انسان کا دل تقویٰ سے ہی خالی ہو تو پھر ایسے شخص پر پچاس کیا پچاس ہزار خصوصیات کا بھی اثر نہیں ہوسکتا۔کسی صادق کی شان سے یہ بعید ہے کہ وہ لوگوں کو کبھی ۵۲ اور کبھی ۵۸ علامتوں کا ذکر کر کر کے شعبدہ بازیاں کرتا پھرے بلکہ ایسے کام بہروپیے کیا کرتے ہیں۔بہروپیوں کو ایسے کام اِس لیے کرنے پڑتے ہیں کہ کہیں عوام کو حقیقت کا پتہ نہ چل جائے اور اُنکے دجل کا پردہ چاک نہ ہوجائے۔

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! اللہ تعالیٰ نے مجھے خبر دی ہے کہ ۲۰۔فروری ۱۸۸۶ء کی اِلہامی پیشگوئی میں زکی غلام کی مرکزی علامات جن کا تعلق علم سے ہے درج ذیل الفاظ میں موجود ہیں:۔☆ وہ سخت ذہین و فہیم ہوگا۔اور دل کا حلیم۔اور علوم ظاہری و باطنی سے پر کیا جائے گا۔اور وہ تین کو چار کرنیوالا ہوگا۔(اسکے معنی سمجھ میں نہیں آئے) دوشنبہ ہے مبارک دوشنبہ۔فرزند دلبند گرامی ارجمند۔مَظْھَرُ الْاَوَّلِ وَ الْاٰخِرِ۔مَظْھَرُ الْحَقِّ وَالْعَلَآءِ كَاَنَّ اللّٰهَ نَزَلَ مِنَ السَّمَآءِ۔☆

نہ صرف اللہ تعالیٰ نے اِلہامی پیشگوئی کی مرکزی علامات سے مجھے آگاہ فرمایا بلکہ یہ بھی خبر دی گئی کہ یہ جو اِلٰہی نظریہ "Virtue is God" تجھے بخشا گیا ہے اِس میں پیشگوئی مصلح موعود کی مرکزی علامات ظاہر ہوچکی ہیں۔یہ اِلٰہی نظریہ انگلش میں لکھا ہوا موجود ہے۔آپ ایک پڑھے لکھے انسان ہیں۔آپ میرے اِلٰہی نظریہ کو پڑھ کر میری بات کو جھوٹ ثابت

کر کے دکھائیں۔اگر آپ میری بات کو جھٹلانے میں کامیاب ہو گئے تو اِنشاءاللہ تعالیٰ اپنی استطاعت کے مطابق آپکو نہ صرف اِنعام پیش کروں گا بلکہ اپنے دعویٰ غلام مسیح الزماں کو بھی چھوڑ دوں گا۔کیا آپ اِس نیک کام کو سرانجام دینے کیلئے میدان میں آئیں گے۔؟ خاکسار آپ کا منتظر رہے گا۔

اِن مندرجہ بالا مرکزی علامات میں بھی آپکے خلیفہ ثانی کی گنتی کے مطابق چودہ (۱۴) نشانیاں پائی جاتی ہیں۔بیشک پڑتال کرلیں۔(انوارالعلوم جلد ۷ صفحہ ۵۶۳) اِن مرکزی علامتوں میں زکی غلام کا حلیم ہونا ایک ایسی علامت ہے جسے ہم کسی پیمانے کیساتھ ماپ نہیں سکتے۔لیکن اس سلسلہ میں عرض ہے کہ جب علم سے متعلقہ دوسری قطعی علامات کسی وجود میں حرف بحرف پوری ہو جائیں۔جب کسی اِنسان کا علمی رنگ میں مظہر الاول و مظہر الآخر اور مظہر الحق و مظہر العلاء كَاَنَّ اللّٰهَ نَزَلَ مِنَ السَّمَآءِ۔ ہونا قطعی طور پر ثابت ہو جائے تو پھر اُس کے حلیم ہونے میں بھی کیا شک ہوسکتا ہے۔؟

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! آگے آپ لکھتے ہیں:۔

"Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad(as) was the recipient of this prophecy.His understanding of the prophetic revelation and its interpretation are of pivotal importance."

''چونکہ یہ پیشگوئی حضرت مرزا غلام احمدؑ پر اِلہام ہوئی تھی لہٰذا پیشگوئی کے سلسلہ میں آپکا فہم اور آپکی تشریح ہی مرکزی اہمیت رکھتے ہیں۔''

الجواب:۔ یہ بات درست ہے کہ کسی اِلہامی پیشگوئی کی حقیقت کو ملہم ہی بہتر جانتا ہے لیکن یہ بات قطعی طور پر درست بھی نہیں ہے۔اِسکی تین (۳) وجوہات ہیں۔

(اولاً) اگرچہ انسانوں میں سے سب سے بڑھ کر ملہم ہی اپنے الہام کے معانی جانتا ہے لیکن اِلہام نازل کرنیوالا یعنی اللہ تعالیٰ ملہم سے بھی بڑھ کر اپنی کلام کی حقیقت کو جانتا ہے اور لطف الرحمٰن صاحب آپ کو بھی اور جماعت احمدیہ کو بھی اِس حقیقت کو تسلیم کیے بغیر کوئی چارہ نہیں ہے۔مثلاً اس ضمن میں حضرت مہدی و مسیح موعودؑ فرماتے ہیں:۔

(۱)''اب فرض کے طور پر کہتا ہوں کہ اگر ہم اپنے اجتہاد سے کسی بچہ پر یہ خیال بھی کرلیں کہ شاید یہ وہی پسر موعود ہے اور ہمارا اجتہاد خطا جائے تو اس میں الہام اِلٰہی کا کیا قصور ہوگا۔کیا نبیوں کے اجتہادات میں اس کا کوئی نمونہ نہیں۔''(روحانی خزائن جلد ۴ صفحہ ۳۴۱ بحوالہ آسمانی فیصلہ۔تصنیف دسمبر ۱۸۹۱ء)

(۲)''اور یہ کہنا کہ اس لڑکے (بشیر احمد اول۔ناقل) کو بھی مسعود کہا ہے۔تو اے نابکار مسعودوں کی اولاد مسعود ہی ہوتی ہے اِلّا شاذ نادر۔کون باپ ہے جو اپنے لڑکے کو سعادت اطوار نہیں بلکہ شقاوت اطوار کہتا ہے۔کیا تمہارا یہی طریق ہے؟ اور بالفرض اگر میری یہی مراد ہوتی تو میرا کہنا اور خدا کا کہنا ایک نہیں ہے۔میں انسان ہوں ممکن ہے کہ اجتہاد سے ایک بات کہوں اور وہ صحیح نہ ہو۔''(روحانی خزائن جلد ۱۲ صفحہ ۱۵۸ بحوالہ حُجۃ اللہ۔مطبوعہ ۱۸۹۷ء)

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! اب فرمایئے۔حضرت مرزا غلام احمدؑ تو فرمارہے ہیں کہ اگر میں اپنے کسی لڑکے کے متعلق پسر موعود ہونے کا خیال بھی کرلوں تب بھی ضروری نہیں کہ میرا یہ اِجتہادی خیال ہی درست ہو کیونکہ اللہ تعالیٰ کا علم کامل ہے اور کوئی ملہم اتنا ہی جانتا ہے جتنا اللہ تعالیٰ اُسے بتائے۔

(۳) اِسی طرح حضورؑ فرماتے ہیں ؎ خدا کے قول سے قولِ بشر کیونکر برابر ہو ۔ وہاں قدرت یہاں درماندگی فرق نمایاں ہے

(ثانیاً) دوسری وجہ یہ ہے کہ ضروری نہیں کہ اِلہامی اور کشفی پیشگوئیوں کے تمام اِستعارات کا علم ملہم کو دیا جائے کیونکہ بعض اِبتلا جو پیشگوئیوں کے ذریعہ سے کسی زمانہ کیلئے مقدر ہوتے ہیں۔وہ علم کی اشاعت کی وجہ سے قائم نہیں رہ سکتے۔حضورؑ اِس ضمن میں فرماتے ہیں:۔

''دراصل بات یہ ہے کہ بسا اوقات انبیاء علیہ السلام اور دوسرے ملہمین پر ایسے امور ظاہر کیے جاتے ہیں کہ وہ اَسرار اِستعارات کے رنگ میں ہوتے ہیں اور انبیاء علیہ السلام ان کو اسی طرح لوگوں پر ظاہر کردیتے ہیں جس طرح وہ سنتے یا دیکھتے ہیں اور ایسا بیان کرنا غلطی میں داخل نہیں ہوتا کیونکہ اسی رنگ اور طرز سے وحی نازل ہوتی ہے اور یہ بھی ضروری نہیں ہوتا کہ اِلہامی اور کشفی پیشگوئیوں کے تمام اِستعارات کا نبی کو علم دیا جائے کیونکہ بعض اِبتلا جو پیشگوئیوں کے ذریعہ سے کسی زمانہ کیلئے مقدر ہوتے ہیں۔وہ علم کی اشاعت کی وجہ سے قائم نہیں رہ سکتے اور یہ بھی ممکن ہے کہ پیشگوئیوں کے بعض اَسرار سے نبیوں کو اطلاع دی جائے مگر ان کو ان اَسرار کے افشاء سے منع کیا جائے۔بہر حال یہ امور نبوت کی شان سے ہرگز منافی نہیں ہیں کیونکہ کامل اور غیر محدود علم خدا تعالیٰ کی ذات سے خاص ہے۔''(روحانی خزائن جلد ۱۴ صفحہ ۲۷۶ بحوالہ اَیامُ الصُّلح (۱۸۹۹ء)

ایک اور جگہ پر حضرت بانئ سلسلہ احمدیہؑ فرماتے ہیں:۔

''افسوس آپکو سنت اللہ کی کچھ بھی خبر نہیں۔نبی کیلئے کسی پیشگوئی کے کسی خاص پہلو کا قطعی علم ہونا کہ ضرور اِس پہلو پر ظاہر ہوگی ضروری نہیں۔پیشگوئی میں اس بات کا ہونا تو ضروری ہے کہ اس کا مفہوم خارق عادت ہو اور اِنسانی طاقت یا مکر و فریب اس کا مقابلہ نہ کرسکے مگر یہ ضروری نہیں ہے کہ ہر ایک پہلو سے اس پیشگوئی کی حقیقت ظاہر کی جائے۔توریت میں ہمارے نبی ﷺ کی نسبت ایک ضروری پیشگوئی محض گول مول ہے کہ ایک نبی موسیٰ کی مانند بنی اسرائیل میں سے آئیگا۔اور کہیں کھول کر نہ بتلایا کہ بنی

اسماعیل میں سے آئیگا۔اوراس کا یہ نام اوراس کے باپ کا یہ نام ہوگا۔اور مکہ میں پیدا ہوگا اور اتنی مدت بعد آئیگا۔اس لیے یہود کو اس پیشگوئی سے کچھ بھی فائدہ نہ ہوا۔اور اسی غلطی سے لاکھوں یہود جہنم میں جا پڑے حالانکہ قرآن شریف نے اسی پیشگوئی کی طرف اس آیت میں اشارہ کیا ہے۔"اِنَّآ اَرۡسَلۡنَآ اِلَيۡكُمۡ رَسُوۡلًا شَاهِدًا عَلَيۡكُمۡ كَمَآ اَرۡسَلۡنَآ اِلٰى فِرۡعَوۡنَ رَسُوۡلًا۔"(مزمل۔۱۶)اور یہود کہتے ہیں کہ مثیل موسیٰ یسوع نبی تھا جو موسیٰ کے فوت ہونے کے بعد اس کا جانشین ہوا۔اور عیسائی کہتے ہیں کہ مثیل موسیٰ عیسیٰ ہے کیونکہ وہ بھی موسیٰ کی طرح منجی ہو کر آیا ہے۔اب بتلاؤ کہ توریت کی ایسی پیشگوئی کا جس نے کوئی صاف فیصلہ نہ کیا، کیا فائدہ ہوا؟ جس نبی علیہ السلام کی نسبت پیشگوئی تھی نہ یہود اس کو شناخت کر سکے نہ عیسائی اور دونوں گروہ سعادت سے محروم رہے۔''(روحانی خزائن جلد۲۱ صفحہ ۲۴۸۔۲۴۹ بحوالہ براہین احمدیہ حصہ پنجم ۱۹۰۵ء)

(ثالثاً) تیسری وجہ یہ کہ ملہم کے گزرنے کے بعد جب پیشگوئی کے مصداق کا وقت آتا ہے تو اللہ تعالیٰ اُس پیشگوئی کی حقیقت کو اُس پر کلیتاً مکشوف کر دیتا ہے۔مثلاً۔آنحضرت ﷺ دنیا کے سب سے بڑے اور عظیم ملہم تھے۔لیکن اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کی اُمت کی آزمائش کی خاطر پیشگوئی مسیح ابن مریم کی حقیقت کے متعلق بعض باتوں کا آپ کو بھی علم نہ دیا۔اور پھر جب اِس پیشگوئی کا مصداق اور آپ ﷺ کا غلام حضرت مرزا غلام احمدؑ کا وقت آیا تو اللہ تعالیٰ نے اِس پیشگوئی کی حقیقت آپؑ پر کلیتاً مکشوف فرما دی۔جیسا کہ آپؑ نے اِس کا اجمالاً ذکر بھی فرمایا ہے۔آپؑ فرماتے ہیں:۔

''غلطی کا اِحتمال صرف ایسی پیشگوئیوں میں ہوتا ہے جن کو اللہ تعالیٰ خود اپنی کسی مصلحت کی وجہ سے مبہم اور مجمل رکھنا چاہتا ہے اور مسائل دینیہ سے اُن کا کچھ علاقہ نہیں ہوتا۔یہ ایک نہایت دقیق راز ہے جس کے یاد رکھنے سے معرفت صحیحہ مرتبہ نبوت کی حاصل ہوتی ہے اور اِسی بنا پر ہم کہہ سکتے ہیں کہ اگر آنحضرت ﷺ پر ابن مریم۔۔۔۔کی حقیقت کاملہ بوجہ نہ موجود ہونے کسی نمونہ کے موبمو منکشف نہ ہوئی ہو اور۔۔۔جہاں تک غیب محض کی تفہیم بذریعہ اِنسانی قویٰ کے ممکن ہے اجمالی طور پر سمجھایا گیا ہو تو کچھ تعجب کی بات نہیں اور ایسے امور میں اگر وقت ظہور کچھ جزئیات غیر معلومہ ظاہر ہو جائیں تو شان نبوت پر کچھ جائے حرف نہیں۔''(روحانی خزائن جلد۳ صفحہ ۴۷۳ بحوالہ ازالہ اوہام (۱۸۹۱ء)

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب!اب سوال ہے کہ اگر پہلے پیشگوئی مسیح موعود کے متعلق ایسا معاملہ ہو گزرا ہے تو کیا ایسا ہی واقعہ پیشگوئی زکی غلام مسیح الزماں (مصلح موعود) کے متعلق نہیں ہو سکتا تھا۔؟ جواباً عرض ہے کہ ضرور ہو سکتا تھا بلکہ ہو گیا ہے۔اور یہ بھی کہ سید الانبیاء ﷺ کے مقابلہ میں آپکے غلام یعنی حضرت مہدی و مسیح موعود کی حیثیت تو ہے ہی ثانوی۔اس لیے عین ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جماعت احمدیہ کی آزمائش کی خاطر ''زکی غلام مسیح الزماں'' سے متعلقہ اِلہامی پیشگوئی کی کامل حقیقت حضرت بانئے سلسلہ احمدیہؑ پر نہ کھولی ہو۔؟ جیسا کہ آپؑ کے مندرجہ بالا اقتباس کی روشنی میں ایسا ہونا ممکن ہے۔

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب!اِس کے بعد آگے آپ لکھتے ہیں:۔

"These pointers serve as decisive determinants."

''یہ اِشارے فیصلہ کن عناصر کا کردار ادا کرتے ہیں۔''

الجواب:۔مصنف نے فیصلہ کن عناصر(determinants) کے طور پر آگے حضورؑ کے جن چار اِقتباسات کا ذکر کیا ہے اِن میں تو کسی فیصلہ کن عنصر کا کوئی سراغ نہیں ملتا۔خاکسار یہاں اِن چاروں اقتباسات کا ایک ایک کر کے ذکر کرنے کیساتھ ساتھ سیاق و سباق کیساتھ اِن اقتباسات کی حقیقت کو طشت از بام کرتا ہے تا کہ قارئین خود ہی اِن اقتباسات کی حقیقت اور حیثیت متعین کر لیں۔مصنف لکھتا ہے کہ حضورؑ لکھتے ہیں:۔

(a)"I had announced a prophecy regarding the birth of my eldest son,Mahmood.That prophecy was published on green leaflets(some of them are still available) and were circulated among thousands of people.That son was born within the limits highlighted in the prophecy.He is now nine years old."(Siraj -e-Munir,Roohani Khazain Vol.12 p.36)

(الف)''پانچویں پیشگوئی میں نے اپنے لڑکے محمود کی پیدائش (پیدائش کی نسبت نہ کہ اُسکے مولود موعود یا مصلح موعود ہونے کے متعلق۔ناقل) کی نسبت کی تھی کہ وہ اب پیدا ہوگا اور اس کا نام محمود رکھا جائے گا۔اور اس پیشگوئی کی اشاعت کے لیے سبز ورق کے اشتہار شائع کیے گئے تھے جو اب تک موجود ہیں اور ہزاروں آدمیوں میں تقسیم ہوئے تھے۔چنانچہ وہ لڑکا پیشگوئی کی معیاد میں پیدا ہوا اور اب نویں سال میں ہے۔(روحانی خزائن جلد۱۲ صفحہ ۳۶ بحوالہ سراجِ منیر (۱۸۹۷ء)

الجواب:۔سیاق و سباق کے لحاظ سے اس حوالے سے پہلے حضورؑ نے سید احمد خان کے متعلق ایک پیشگوئی تحریر فرمائی ہے جبکہ اس حوالے کے بعد شریف احمد کی پیدائش کے متعلق اپنی ایک سابقہ پیشگوئی کا ذکر فرمایا ہے۔خاکسار نے اپنے مضمون نمبر ۳۰ میں اِن اقتباسات کا مفصل ذکر کیا ہوا ہے۔جیسا کہ میں اسی مضمون میں پہلے بھی ذکر کر چکا ہوں کہ حضورؑ نے

اپنے سب لڑکوں کی پیدائش سے پہلے اُنکی پیدائش کے متعلق پیشگوئیاں کیں تھیں اور آپؑ نے اپنی کتب میں اپنے لڑکوں کے تولد کی اِن پیشگوئیاں کا اکثر ذکر فرمایا ہے۔حضورؑ نے اِن پیشگوئیوں میں صرف لڑکوں کے تولد کی پیشگوئیوں کا ذکر فرمایا ہے نہ کہ اِن کے مولود موعود یا مولود مسعود یا مصلح موعود ہونے کا۔اس حوالے میں بھی حضورؑ نے اپنے ایک لڑکے محمود کی پیدائش کی پیشگوئی کا ذکر فرمایا ہے نہ کہ اُسکے مولود موعود یا مولود مسعود یا مصلح موعود ہونے کا۔قاری خود دیکھ لے۔پھر ہم حضورؑ کے ایسے اقتباسات کو "decisive determinant." کیسے کہہ سکتے ہیں۔؟ جیسا کہ خاکسار پہلے بتا چکا ہے کہ حضورؑ نے اپنے اشتہار یا کتب میں صرف اپنے دو(۲) لڑکوں (بشیر احمد اور مبارک احمد) کا بطور مولود مسعود یعنی مصلح موعود ہونے کا ذکر فرمایا تھا لیکن آپؑ کے ایسا فرمانے کے بعد یہ دونوں لڑکے چھوٹی عمر میں ہی فوت ہوگئے۔اور اِسی طرح بطور نافلہ اپنے ایک پوتے (مرزا نصیر احمد ابن بشیر الدین محمود احمد) کا ذکر فرمایا تھا اور وہ پوتا بھی ایسا فرمانے کے بعد فوت ہوگیا ؎ کافی ہے سوچنے کو اگر اہل کوئی ہے

(b)"My son, by Allah's Grace,is alive and his name is Mahmood.I received in a kashf (vision) glad tidings about his birth and saw his name,Mahmood,written on the wall of a mosque.Thereafter I published that prophecy on December 1st 1888."(Taryaqul Quloob,Roohani Khazain Vol.15.p.214)

(ب)''میرا پہلا لڑکا جو زندہ موجود ہے جس کا نام محمود ہے۔ابھی وہ پیدا نہیں ہوا تھا جو مجھے کشفی طور پر اُسکے پیدا ہونے کی خبر (پیدا ہونے کی خبر نہ کہ مولود موعود یا مصلح موعود ہونے کی خبر۔ناقل) دی گئی اور میں نے مسجد کی دیوار پر اس کا نام لکھا ہوا یہ پایا کہ محمود۔تب میں نے اس پیشگوئی کے شائع کرنے کیلئے سبز رنگ کے ورقوں پر ایک اشتہار چھاپا۔جس کی تاریخ اشاعت یکم دسمبر ۱۸۸۸ء ہے۔''(روحانی خزائن جلد ۱۵ صفحہ ۲۱۴ بحوالہ تریاق القلوب ۱۹۰۰ء)

الجواب:۔اِس اقتباس میں بھی ایک لڑکے محمود کے پیدا ہونے کی پیشگوئی کا ذکر ہے نہ کہ اُسکے زکی غلام،مولود موعود،مولود مسعود یا مصلح موعود ہونے کا۔حضورؑ نے اپنی کتاب تریاق القلوب میں اس اقتباس کے آگے پیچھے بھی اپنے دیگر لڑکوں (بشیر احمد،شریف احمد اور مبارک احمد) کی پیدائش کی پیشگوئیوں کا ذکر فرمایا ہے تو پھر ہم مندرجہ بالا اقتباس کو کس طرح "decisive determinant." سمجھ لیں۔؟

(c)"Allah the Almighty conveyed to me the good news concerning the birth of a son.This prophecy was given a wide publicity.Thereafter the promised son was born,who was named Mahmood Ahmad,in accordance with that vision.He is the eldest son."(Nazoolul Masih, Roohani Khazain Vol,18.p.570)

(ج)''مجھے اللہ تعالیٰ نے ایک لڑکے کے پیدا ہونے کی (پیدا ہونے کی بشارت نہ کہ مولود یا مصلح موعود ہونے کی۔ناقل) بشارت دی چنانچہ قبل ولادت بذریعہ اشتہار کے وہ پیشگوئی شائع ہوئی پھر بعد اِسکے وہ لڑکا پیدا ہوا جس کا نام بھی رؤیا کے مطابق محمود احمد رکھا گیا اور یہ پہلا لڑکا ہے جو سب سے بڑا ہے۔''(روحانی خزائن جلد ۱۸ صفحہ ۵۷۰ بحوالہ نزول المسیح ۱۹۰۲ء)

الجواب:۔اِس اقتباس میں پھر ایک لڑکے کے پیدا ہونے کی پیشگوئی اور اُسکے پورے ہونے کا ذکر ہے نہ کہ اُسکے زکی غلام،مولود موعود،مولود مسعود یا مصلح موعود ہونے کا۔مصنف نے لڑکے کا ترجمہ جھوٹ اور کذب بیانی سے کام لیتے ہوئے خود ہی موعود لڑکا کر لیا ہے جبکہ حضورؑ کی تحریر میں لفظ موعود نہیں ہے۔قارئین کرام حضورؑ کا یہ اقتباس مندرجہ بالا سطور میں ملاحظہ فرمالیں اور بیشک اِسکی پڑتال بھی کر لیں۔ایسی ہی کذب بیانیوں اور دجالی حربوں سے آج تک مرزا بشیر الدین محمود احمد کو مصلح موعو ثابت کیا گیا ہے۔اب اِس اقتباس میں بھی صرف ایک لڑکے کے پیدا ہونے کی پیشگوئی کا ذکر ہے نہ کہ اُسکے موعود ہونے کا۔تو پھر ہم اِس اقتباس کو بھی کس طرح "decisive determinant." سمجھ سکتے ہیں۔؟

(d)"He was born in January 1889 according to the prophecy mentioned in sabz Ishtihar (Green Leaflets).He was named Mahmood Ahmad.He is alive and is 17 years old."(Haqiqatul Wahyee,Roohani Khazain,Vol,22.p.374)

(د)''چنانچہ میرے سبز اشتہار کے ساتویں صفحہ میں اس دوسرے لڑکے کے پیدا ہونے کے بارے میں یہ بشارت (پیدائش کی بشارت نہ کہ مصلح موعود کی۔ناقل) ہے۔دوسرا بشیر دیا جائے گا جس کا دوسرا نام محمود ہے وہ اگرچہ اب تک جو یکم ستمبر ۱۸۸۸ء ہے پیدا نہیں ہوا مگر خدا تعالیٰ کے وعدہ کے موافق اپنی میعاد کے اندر ضرور پیدا ہوگا۔زمین آسمان ٹل سکتے ہیں پر اُسکے وعدوں کا ٹلنا ممکن نہیں۔یہ ہے عبارت اشتہار سبز کے صفحہ سات کی جس کے مطابق جنوری ۱۸۸۹ء میں لڑکا (صرف لڑکا نہ کہ مصلح موعود۔ناقل) پیدا ہوا۔جس کا نام محمود رکھا

گیااوراب تک بفضلہٖ تعالیٰ زندہ موجود ہےاورستر ھویں سال میں ہے۔'' (روحانی خزائن جلد۲۲صفحات ۳۷۴بحوالہ حقیقۃ الوحی ۔ ۱۹۰۷ء)

الجواب:۔ اِس اقتباس میں بھی باقی اقتباسوں کی طرح صرف ایک لڑکے کی پیدائش کا ذکر ہے نہ کہ کسی موعودلڑکے، زکی غلام یا مصلح موعود کی پیدائش کی پیشگوئی کا ذکر۔ تو پھر ہم اِس اقتباس کو بھی کس طرح "decisive determinant." کہہ سکتے ہیں۔؟

یہ چاروں اِقتباسات درج کرنے کے بعد جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! آگے لکھتے ہیں:۔

"The writtings of the Promised Messiah confirm that Sahibzada Mirza Mahmood Ahmad is the Promised son."

''حضرت مسیح موعودؑ کی یہ تحریریں صاحبزادہ مرزا محمود احمد کے موعودلڑکے ہونے کی تصدیق کرتی ہیں۔''

الجواب:۔ قارئین کرام نے حضورؑ کی اِن تحریروں کو دیکھ لیا ہے کہ اِن میں حضورؑ نے کسی جگہ بھی مرزا بشیرالدین محمود احمد کا بطور موعودلڑکے، موعودزکی غلام، مولود موعود، مولود مسعود یا مصلح موعود کا ذکرنہیں کیا ہے۔ مصنف کی تسلی ہو یا نہ ہو مجھے اُمید ہے حضورؑ کی تحریروں کو پڑھ کر انشاء اللہ تعالیٰ قارئین کرام کی تسلی ضرور ہوگئی ہوگی۔ مصنف یا جماعت احمدیہ بذات خود کذب بیانی سے کام لیتے ہوئے حضورؑ کی اِن تحریروں کو بطور "decisive determinants." پیش کرتی ہیں جبکہ اِن میں سرے سے ہی کوئی ایسی خبر نہیں ہے۔ جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! آگے لکھتے ہیں۔

"What else is needed to indentify him.?"

''اُس (مصلح موعود) کے پہچاننے کیلئے اِس کے علاوہ اور کس شئے کی ضرورت ہے۔؟''

الجواب:۔ اِن چاروں اقتباسات میں صرف ایک لڑکے کی پیشگوئی کا ذکر ہے۔ اِس سے مرزا بشیرالدین محمود احمد مصلح موعود کیسے ثابت ہوگئے۔؟ بلکہ جب ہم زکی غلام کے متعلق مبشر اِلہامات جو کہ ۲۰۔ فروری ۱۸۸۶ء سے شروع ہو کر ۶۔ ۷۔ نومبر ۱۹۰۷ء تک نازل ہوتے رہے کو دیکھتے ہیں تو یہ مبشر اِلہامات "decisive determinants." یعنی فیصلہ کن اور حد بندی کرنیوالے عناصر کی حیثیت سے حضورؑ کی نرینہ اولاد کو اِلہامی پیشگوئی مصلح موعود کے دائرہ بشارت سے ہی باہر نکال دیتے ہیں۔ اِن مبشر اِلہامات کے ہوتے ہوئے آپ مرزا بشیرالدین محمود احمد کے متعلق فرمارہے ہیں کہ ''اُس (مصلح موعود) کے پہچاننے کیلئے اِس کے علاوہ اور کس شئے کی ضرورت ہے۔؟'' سبحان اللہ۔ اگر میں یا کوئی اور یہ کہے کہ زکی غلام سے متعلق مبشر اِلہامات جو ۶۔ ۷۔ نومبر ۱۹۰۷ء تک نازل ہوتے رہے اِن اِلہامات کے ہوتے ہوئے خلیفہ ثانی کے دعویٰ مصلح موعود کے جھوٹ کو پہچاننے کیلئے اور کس شئے کی ضرورت ہے تو یہ بات کامل طور پر سچ ہوگی۔ قارئین کرام بھی مشاہدہ کررہے ہونگے کہ جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب پر نہ صرف حیرت بلکہ کمال حیرت ہے کیونکہ وہ ایک ایسے وجود کو مصلح موعود بنانے اور ثابت کرنے کی کوشش کررہے ہیں جسے حضورؑ کی زندگی میں ہی اللہ تعالیٰ نے زکی غلام (مصلح موعود) ہونے کے اعزاز سے محروم کردیا تھا اور یہ حقیقت بذاتِ خود مرزا بشیرالدین محمود احمد بھی جانتا تھا اور خاکسار رسالہ تشحیذ لاذہان سے اُس کے اِس اِدراک کا ثبوت سابقہ صفحات میں نقل کرچکا ہے۔

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! آگے لکھتے ہیں۔

"Many companions of the Promised Messiah,including Hadhrat Khalifatul Masih1(ra), considered sahibzada Mahmood Ahmad as the fullfillment of that prophecy but Hadhrat Khalifatul Masih II remained quiet about the prophecy untill January 1944."

''مسیح موعودؑ کے بہت سارے اصحاب بشمول حضرت خلیفۃ المسیح اولؓ صاحبزادہ محمود احمد کو پیشگوئی کا مصداق سمجھتے تھے لیکن حضرت خلیفۃ المسیح ثانیؓ جنوری ۱۹۴۴ء تک پیشگوئی کے متعلق خاموش رہے۔''

الجواب:۔ دراصل جب بانئے جماعت حضرت مہدی و مسیح موعودؑ اِس زکی غلام یعنی مصلح موعود کو اپنی جسمانی اولاد میں ڈھونڈتے اور اُسے اپنا لڑکا سمجھتے رہے (یہ الگ ایک حقیقت ہے کہ وہ نہ تو حضورؑ کا کوئی جسمانی لڑکا تھا اور نہ ہی آپؑ کے گھر میں پیدا ہوا۔) تو پھر اصحاب احمدؑ کا بشمول حضرت خلیفۃ المسیح اولؓ کے حضورؑ کے کسی لڑکے پر پیشگوئی کے مصداق ہونے کا گمان کرلینا کوئی اچنبھے کی بات نہیں ہے۔ اور زکی غلام کے متعلق اُس کلام اِلٰہی کے مقابلہ میں جو حضورؑ کی نرینہ اولاد کو پیشگوئی مصلح موعود کے دائرہ بشارت سے نکال دیتے ہیں یہ کوئی وزنی دلیل نہیں ہے۔

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! آگے لکھتے ہیں۔

"He is the only son of the Promised Messiah(as) who claimed to be the Musleh Mau'ood."

''وہ (مرزا بشیر الدین محمود احمد) مسیح موعودؑ کا واحد لڑکا ہے جس نے مصلح موعود ہونے کا دعویٰ کیا تھا۔''

الجواب:۔ حضرت مہدی و مسیح موعودؑ کے صرف کسی ایک لڑکے نے اگر دعویٰ مصلح موعود کیا ہو تو یہ اُسکے دعویٰ کی سچائی کی دلیل کیسے ہو سکتی ہے۔؟ جب اللہ تعالیٰ نے حضورؑ کے جسمانی لڑکوں کو پیشگوئی مصلح موعود سے ہی باہر کر دیا ہے تو پھر دعویٰ خواہ کوئی ایک لڑکا کرے یا سارے کر لیں اِس سے کیا فرق پڑتا ہے۔؟ کیونکہ زکی غلام مسیح الزماں سے متعلق مبشر کلام الٰہی کی روشنی میں حضورؑ کے کسی بھی لڑکے کا دعویٰ مصلح موعود سچا نہیں ہو سکتا۔ خاص کر جہاں تک مرزا بشیر الدین محمود احمد کے دعویٰ مصلح موعود کا تعلق ہے تو وہ جون۔ جولائی ۱۹۰۷ء میں اپنے رسالہ تشحیذ الاذہان میں یہ اعلان کر چکے ہیں کہ مثیل مبارک احمد یعنی زکی غلام (مصلح موعود) نے آئندہ کسی زمانے میں پیدا ہونا ہے تو پھر اُنکا اپنا دعویٰ مصلح موعود سچا کیسے ہو سکتا ہے۔؟

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! آگے لکھتے ہیں۔

"The true and genuine Musleh Mau'ood being God's chosen one would certainly be supported by Him as a proof of Divine protection and help."

''اللہ تعالیٰ کے چنے ہوئے سچے اور حقیقی مصلح موعود کو یقیناً ثبوت کے طور پر اُسکی حفاظت اور مدد حاصل ہوگی۔''

الجواب:۔ آنحضرت ﷺ نے ایک حدیث میں فرمایا ہے کہ مجھ سے پہلے ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیا اور رسول دنیا میں بھیجے گئے تھے۔ بشمول آنحضرت ﷺ اِن سب کا اِنکار اور سب کی تکذیب ہوئی تھی۔ اِن میں سے بعض کو شہید کیا گیا بعض صلیب دیئے گئے بعض کو جلا وطن ہونا پڑا اور بعضوں کو طرح طرح کے اور دکھ دیئے گئے۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ کو فرمانا پڑا۔ "یٰحَسۡرَۃً عَلَی الۡعِبَادِ مَا یَاۡتِیۡهِمۡ مِّنۡ رَّسُوۡلٍ اِلَّا کَانُوۡا بِهٖ یَسۡتَهۡزِءُوۡنَ۔" (سورۃ یٰسین۔۳۱) ہائے افسوس بندوں پر کہ جب کبھی بھی اُنکے پاس کوئی رسول آتا ہے وہ اس کو حقارت کی نگاہ سے دیکھنے لگ جاتے ہیں (اور تمسخر کرنے لگتے ہیں)۔

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! میرا آپ سے سوال ہے کہ کیا متذکرہ بالا سب رسول اور نبی سچے (true) اور حقیقی (genuine) نہیں تھے۔؟ اور کیا اِن کو اللہ تعالیٰ کی مدد اور حفاظت حاصل نہیں تھی۔؟ آپ ضرور فرمائیں گے کہ یقیناً وہ سب سچے بھی تھے اور حقیقی بھی اور اُنہیں اللہ تعالیٰ کی مدد بھی حاصل تھی۔ تو پھر اِن برگزیدہ انبیا کے سچے اور الٰہی مدد یافتہ ہونے کے باوجود اِن سب کو کفار کے ہاتھوں دکھ اور اذیتیں کیوں سہنی پڑیں۔؟ دنیا کے سب سے بڑے مصلح موعود تو آنحضرت ﷺ تھے۔ دعویٰ سے پہلے آپ کو آپ کے بدترین دشمن بھی صادق اور امین کہتے تھے۔ آپ ﷺ مکہ میں دس بارہ سال کفار کے ہاتھوں دکھ اور تکالیف جھیلتے رہے۔ حتیٰ کہ مسلسل دس (۱۰) برس کی محنت شاقہ کے نتیجہ میں صرف ۱۲۵ سے ۱۵۰ افراد (مرد و زن بچے اور بوڑھے) آپ ﷺ پر ایمان لائے تھے۔ آنحضرت ﷺ کے مقابلے میں مرزا بشیر الدین محمود احمد جن پر حضرت مہدی و مسیح موعودؑ کی زندگی میں ہی پہلا بدکاری کا الزام لگ گیا تھا اور پھر اُسکے نوجوان مرید (لڑکے اور لڑکیاں) ساری زندگی اُس پر ہر سال یہ الزامات لگاتے رہے میں وہ کونسی خوبی اور عظمت تھی جس کے دعویٰ مصلح موعود کا اِنکار کرنے کی کسی کو جرأت نہ ہوئی۔؟ جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! آنحضرت ﷺ (جنھوں نے فتح مکہ کے موقعہ پر اپنے بدترین دشمنوں کو بھی معاف فرما دیا تھا) کے مقابلے میں مرزا بشیر الدین محمود احمد ایسے بدکردار انسان میں کیا خوبی اور کیا عظمت ہو سکتی ہے۔؟ کچھ بھی نہیں۔ اصل واقعہ یہ ہے کہ اِس عجیب مصلح موعود نے اپنے دعویٰ سے پہلے ہی ساری جماعت کو ٹریپ (trap) کر لیا تھا اور یہی اِس کا مکر اور عیاری تھی۔ وہ جانتا تھا کہ خلیفہ بننے کے بعد میں مصلح موعود ہونے کا دعویٰ کروں یا نبی اور رسول ہونے کا کسی کو میرے دعویٰ کے اِنکار کی جرأت نہیں ہوگی۔

(۲) جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! اگر آنحضرت ﷺ کے بعد یا پہلے مکہ میں عمر بن ہشام (ابوجہل) نبی ہونے کا دعویٰ کر دیتا تو آپکی طرح اہل مکہ اُسے حضور حضور کہہ کر اُسکے آگے پیچھے پھرتے اور اُسکے ہاتھ چومتے۔ اگر آپ جیسا ظاہر پرست اِس وقت مکہ میں ہوتا تو ضرور کہتا کہ سبحان اللہ عمر بن ہشام (ابوالحکم یعنی حکمت کا باپ) نعوذ باللہ کیسا سچا اور عظیم نبی ہے۔ اُسے کیسی اللہ تعالیٰ کی حفاظت اور مدد حاصل ہے۔ اور محمد (ﷺ) (نعوذ باللہ) کیسا نقلی یا جھوٹا مدعی نبوت (Imposter or pseudo claimant) ہے جو اُسے کوئی منہ بھی نہیں لگاتا۔ آپ جیسا عقلمند شاید یہ تحقیق کرنے کی زحمت ہی گوارا نہ کرتا کہ پہلے دیکھ تو لیں کہ عمر بن ہشام کے دعویٰ کی قبولیت کا کیا راز ہے۔؟ کیا یہ قبولیت رحمانی ہے یا کہ کسی شیطنت کی وجہ سے حاصل ہوئی ہے۔ جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! یاد رکھنا ایسی قبولیت دراصل مکاری اور چالاکیوں سے حاصل کی ہوئی سیاسی طاقت کے بل بوتے پر ہوا کرتی ہے جس سے بعض لوگ اپنی مذہبی دکان یا اپنے کسی مذہبی دعویٰ کو سچا بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ اور آپ جیسے بیوقوفوں اور بصیرت سے عاری لوگوں کی نظر میں وہ اللہ تعالیٰ کی مدد اور حفاظت یافتہ ہوتے ہیں۔

(۳) جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! آپکو علم ہونا چاہے کہ جس زکی غلام کی حضرت مہدی و مسیح موعودؑ کو بشارت ملی تھی وہ موسوی زکی غلام یعنی حضرت مسیح ابن مریم کا مثیل ہے۔ آپ بیشک ۲۰۔فروری ۱۸۸۶ء کی اِلہامی پیشگوئی اور سورۃ مریم کو ایک ساتھ پڑھ کر دیکھ لیں۔ آپ کو معلوم ہو جائیگا کہ حضرت مرزا غلام احمدؑ کا زکی غلام بھی اُسی طرح مسیح ابن مریم ہے جس طرح موسوی مریم کا زکی غلام، مسیح ابن مریم تھا۔ اب موسوی مریم کا زکی غلام یعنی حضرت مسیح ابن مریم تو صلیبوں پر چڑھتا پھرے اور اُسکی بے بسی، بے کسی اور بے چارگی کا تو یہ حال ہو کہ وہ پوچھنے پر فرمائے۔ ''یسوع نے اُس سے کہا کہ لومڑیوں کے بھٹ ہوتے ہیں اور ہوا کے پرندوں کے گھونسلے مگر ابن آدم کیلئے سر دھرنے کی بھی جگہ نہیں۔'' (متی باب:۹۔۵۸) اور محمدی مریم یعنی حضرت مرزا غلام احمد کے زکی غلام (مصلح موعود) جسے اللہ تعالیٰ نے موسوی مسیح ابن مریم کا مثیل بنایا ہے کو کانٹا بھی نہ چبھے یہ کیسے ہو سکتا ہے۔؟ یہ نہ صرف مماثلت کے خلاف ہے بلکہ عقل کے بھی خلاف ہے۔ جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! جس مدد (support) اور حفاظت (protection) کو آپ اللہ تعالیٰ کی مدد اور حفاظت کہہ رہے ہیں۔ یہ سب شیطانی ہتھکنڈوں سے حاصل کی ہوئی طاقت یا خلافت تھی اور ہے جس کے ذریعہ خلیفہ ثانی نے پہلے اپنا جھوٹا دعویٰ مصلح موعود افراد جماعت سے منوایا اور پھر اُسکے جانشینوں (ثالث، رابع اور خامس جو کہ اُسی کے لڑکے اور اُسی کے خاندان سے ہیں) نے بذریعہ ایک جبری نظام اِسے قائم رکھا ہوا ہے۔ اگر آپ ایسا پڑھا لکھا اَن پڑھ پیشگوئی مصلح موعود کے سلسلے میں خلیفہ ثانی اور اُسکے جانشینوں کی اِس مکاری کو اللہ تعالیٰ کی مدد اور تائید سمجھتا ہے تو پھر اِس کُلّیہ (Law) اور قاعدہ کے مطابق فرعونِ مصر، یروشلیم کے یہودی، مشرکین مکہ اور یزید پلید سب حضرت موسیٰ حضرت عیسیٰ حضرت محمد ﷺ اور حضرت امام حسینؓ کے مقابلہ میں نعوذ باللہ اللہ تعالیٰ کی مدد اور تائید یافتہ قرار دیئے جائیں گے۔ لیکن جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! آپ بھی اور کوئی دوسرا متقی اور معقول اِنسان بھی اِس کلیہ کو درست نہیں سمجھے گا تو پھر خلیفہ ثانی کے مکاری کیساتھ خلافت احمدیہ پر کیے ہوئے قبضے اور ایک جبری نظام کیساتھ (افرادِ جماعت کو آزادی ضمیر اور اِسکے اظہار سے محروم کر کے) ایک جھوٹے دعویٰ مصلح موعود کو افرادِ جماعت سے منوائے جانے کو آپ اللہ تعالیٰ کی مدد اور تائید کیسے قرار دے سکتے ہیں۔؟ دراصل مکاری اور چالاکیوں کیساتھ حاصل کی ہوئی فتح اور غلبے کو نہ ہم فتح کہہ سکتے ہیں اور نہ ہی غلبہ۔ اللہ تعالیٰ نے فتح اور غلبہ کی بنیاد دلیل کو قرار دیا ہے۔ جیسے وہ فرماتا ہے۔ ''لِّيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْ بَيِّنَةٍ وَّ يَحْيٰى مَنْ حَيَّ عَنْ بَيِّنَةٍ وَ اِنَّ للّٰهَ لَسَمِيْعٌ عَلِيْمٌ۔'' (الانفال۔۴۳) تا کہ وہ جو دلیل کے ذریعہ سے ہلاک ہو چکا ہے ہلاک ہو جائے اور جو دلیل کے ذریعہ سے زندہ ہو چکا ہے زندہ ہو جائے۔ اور اللہ یقیناً بہت سننے والا، بہت جاننے والا ہے۔ جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! عجیب بات ہے کہ جو مدعی قرآن مجید اور زکی غلام کے متعلق اِلہامات کی رو سے پیشگوئی مصلح موعود کے دائرہ بشارت ہی میں نہیں آتا۔ اُس مدعی کے ایک جبری نظام کیساتھ اپنے جھوٹے دعویٰ مصلح موعود کو افرادِ جماعت سے منوائے جانے کو آپ اِلٰہی مدد اور تائید کہہ رہے ہیں۔؟ جو چاہے آپکا حسن کرشمہ ساز کرے

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! آگے آپ لکھتے ہیں۔

"Hundereds of thousands of followers loved him dearly and believed in him as the fulfillment of the prophecy of Musleh Mau'ood, before and after his claim................This determinant, which cannot be ignored,proves that the claimant was true in his declaration."

''اُس (مرزا بشیر الدین محمود احمد) کے دعویٰ سے پہلے اور بعد میں اُسکے لاکھوں پیروکار اُس سے دل و جان سے محبت کرتے اور اُسے پیشگوئی مصلح موعود کا مصداق سمجھتے تھے ۔۔۔۔۔۔اِس (determinant) کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا اور اِس سے ثابت ہو جاتا ہے کہ مدعی اپنے اعلان میں سچا تھا۔''

الجواب:۔ جناب آپکے اِن الفاظ سے سچائی خود بخود ظاہر ہو گئی ہے اور اُس کے معیار کا بھی پتہ چل گیا ہے۔ کسی زمانے میں جنرل ضیاء الحق نے بھی ایسا ہی مکر کرتے ہوئے ایک ریفرنڈم (referendum) کروایا تھا کہ پاکستان کے عوام ملک میں اسلامی نظام چاہتے ہیں یا غیر اسلامی۔ اگر اسلامی نظام چاہتے ہیں تو ضیاء الحق کو کامیاب کروائیں وغیرہ۔ اب ملک کا صدر بننے کیلئے اِستصواب رائے کا یہ عجیب معیار تھا۔ ایسے ہی اگر افرادِ جماعت نے مرزا بشیر الدین محمود احمد کو حضرت مہدی و مسیح موعودؑ کا بیٹا سمجھتے ہوئے اُسکے دعویٰ سے پہلے ہی اُسے مصلح موعود تسلیم کر لیا تھا تو اُسکے مصلح موعود ہونے یا بنائے جانے کا بھی یہ عجیب معیار تھا۔ دیکھیں عیسائی حضرت مسیح ابن مریمؑ سے بے پناہ محبت کرتے ہیں اور اِسی محبت میں اندھے ہو کر اُنہوں نے ایک گوشت پوست کے اِنسان کو نعوذ باللہ خدا کا بیٹا بنا لیا ہے۔ اب سوال ہے کہ لوگوں کی اکثریت یا پوری عیسائی اُمت کا ایک خاکی اِنسان سے بے پناہ محبت کرنے کی وجہ سے کیا وہ سچ مچ خدا کا بیٹا بن گیا ہے۔؟ ہر گز نہیں۔ اِسی طرح اُمت مسلمہ میں صدیوں سے یہ عقیدہ رائج ہے کہ موسوی مریم کے بیٹے کو اللہ تعالیٰ نے صلیب سے بچا کر آسمان پر اُٹھا لیا تھا اور اُس نے آنحضرت ﷺ کی پیشگوئی کے مطابق آسمان سے نازل ہو کر دنیا میں اسلام کو غالب کرنا ہے۔ صدیوں سے اُمت کا یہ اجماعی اور متفقہ عقیدہ ہے۔ خلیفہ ثانی کے دعویٰ مصلح موعود کی سچائی کیلئے اُسکے لاکھوں مریدوں کا اُسے مصلح موعود ماننے کا آپ نے یہ جو معیار پیش کیا ہے اِس معیار کے مطابق تو کروڑوں نہیں بلکہ عربوں مسلمانوں اور عیسائیوں کے حیات مسیح اور اُسکے زندہ آسمان سے نازل ہونے کے اجماعی اور متفقہ عقیدے کو بھی ہمیں سچا مان لینا چاہیے۔؟ اگر کسی عقیدے کی سچائی کیلئے

یہی معیار(اکثریتی اتفاق اور اجماع) اپنانا ہے تو پھر مسلمانوں اور عیسائیوں کے حیات مسیح کے اجماعی اور متفقہ عقیدے کے نہ صرف آپکو قائل بلکہ ہمنوا ہو کر حضرت مرزا صاحب کا دامن چھوڑ دینا چاہیے۔ بعد ازاں اگر آپ خلیفہ ثانی کی سچائی کیلئے بھی یہی معیار اختیار کرنا چاہیں تو صد بسم اللہ۔ عجیب بات ہے کہ حیات مسیح کے معاملہ میں آپ لوگ اِس معیار کو ردّ کرتے ہیں اور خلیفہ ثانی کے جھوٹے دعویٰ مصلح موعود کو سچا بنانے کیلئے اِسی جھوٹے معیار کو اپناتے ہیں۔ کیا یہ منافقت نہیں ہے۔؟ کیا یہ دوہرا معیار نہیں ہے۔؟ امر واقع یہ ہے کہ حیات مسیح کی سچائی یا نعوذ باللہ مسیح کے ابن اللہ ہونے کی سچائی یا پھر خلیفہ ثانی کے مصلح موعود ہونے کی سچائی کیلئے یہ (اکثریت کا اتفاق اور اجماع) کوئی معیار نہیں ہیں اور نہ ہی اِیسے معیاروں کیساتھ کوئی عقیدہ یا کوئی دعویٰ (اگر کسی نے کوئی دعویٰ کیا ہے) سچا ہو سکتا ہے۔ جہاں تک حضرت مسیح ابن مریم کے ابن اللہ ہونے کا معاملہ ہے اُنہوں نے تو ایسا کوئی دعویٰ ہی نہیں کیا تھا۔ یہ سب پولوس کا شیطانی ایجنڈہ تھا۔ اِسی طرح افرادِ جماعت نے بھی اندھی عقیدت میں اور بغیر سوچے سمجھے پہلے حضورؑ کے ایک بیٹے کو خلیفہ بنایا اور پھر اُسے مصلح موعود بنا کر بیٹھ گئے۔ اللہ تعالیٰ نے بانئے جماعت کو پہلے ہی اِس غلط کام کی خبر دے دی تھی۔ وہ فرماتا ہے:۔

''لوگ آئے اور دعویٰ کر بیٹھے۔ شیرِ خدا نے اُنکو پکڑا۔ شیرِ خدا نے فتح پائی'' (روحانی خزائن جلد ۱۷ صفحہ ۴۲۹ بحوالہ اربعین نمبر ۳ ۔ ۱۹۰۰ء/ تذکرہ۔ صفحہ ۳۲۴)

یاد رکھیں کہ اللہ تعالیٰ نے حیات مسیح یا وفات مسیح کا قرآن مجید میں ایک معیار مقرر فرمایا ہے۔ یہ معیار کیا ہے۔؟ یہ معیار قرآن مجید کی وہ تیس (۳۰) آیات ہیں جو حضرت مسیح ابن مریم کی وفات پر دال ہیں۔ اِسی طرح اللہ تعالیٰ نے اپنے مبشر کلام میں زکی غلام یعنی مصلح موعود کا بھی ایک معیار مقرر فرمایا ہوا ہے۔ یہ معیار کیا ہے۔؟ یہ معیار زکی غلام کے متعلق مبشر اِلہامات ہیں۔ اِس معیار کے مطابق حضرت بانئے جماعت کا کوئی بھی جسمانی لڑکا زکی غلام (مصلح موعود) نہیں ہو سکتا۔ لہٰذا اِس معیار کے مطابق حضورؑ کے کسی لڑکے کا دعویٰ مصلح موعود قابل غور نہیں ہو سکتا۔ کیا آپ یا کوئی اور اِس حقیقت کو جھٹلا سکتا ہے۔؟ ہرگز نہیں۔

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! آگے آپ لکھتے ہیں۔

"Yar Muhammad Hoshiarpuri, Muhammad Siddique Biharai, Sheikh Ghulam Muhammad constitute the list of pseudo-claimants."

''یار محمد ہوشیار پوری، محمد صدیق بہاری، شیخ غلام محمد جعلی مدعیان (مصلح موعود) کی فہرست میں شامل ہیں۔''

الجواب:۔ سچے مدعی مصلح موعود کے متعلق دو باتیں یاد رکھیں (۱) وہ ۲۰۔ ۷۔ نومبر ۱۹۰۷ء کے بعد پیدا ہوگا اور (۲) اگر اللہ تعالیٰ اُسے جلدی بھی ظاہر کرے گا تب بھی آنحضرت ﷺ کے فرمان کے مطابق اُسے پندرھویں صدی ہجری کے سر پر ظاہر کرے گا۔ آپ نے جن مدعیان مصلح موعود کا ذکر کیا ہے۔ یہ کب پیدا ہوئے۔؟ اِنہوں نے کب دعاوی کیے اور اِن کے دعاوی کے دلائل کیا تھے۔؟ خاکسار کو کچھ علم نہیں ہے۔ یہ یقینی بات ہے کہ یہ سب مدعیان مصلح موعود مرزا بشیر الدین محمود احمد کی طرح چودھویں صدی ہجری میں ہی پیدا ہوئے اور اِسی صدی ہجری میں دعویٰ کر کے گزر گئے ہوں گے۔ چودھویں صدی ہجری کے مجدد اعظم اور مسیح موعود، مہدی معہود اور اُمتی نبی حضرت مرزا غلام احمدؑ تھے اور آپکے موعود زکی غلام (مصلح موعود) کیلئے ممکن نہیں ہے کہ اُس کا نزول آپکی صدی ہجری ہی میں ہو۔ بلکہ نواب صدیق حسن خان صاحب نے تو اپنی کتاب ''حجج الکرامہ'' میں سچے مجدد کیلئے لکھا ہے کہ وہ اپنی متعلقہ صدی ہجری کا چہارم حصّہ ضرور پاتا ہے۔ جیسا کہ حضورؑ فرماتے ہیں:۔

''یہ عجیب بات ہے کہ چودھویں صدی کے سر پر جس قدر بجز میرے لوگوں نے مجدّد ہونے کے دعوے کیے تھے۔ جیسا کہ نواب صدیق حسن خان بھوپال اور مولوی عبدالحی لکھنوی وہ سب صدی کے اوائل دِنوں میں ہی ہلاک ہوگئے اور خدا تعالیٰ کے فضل سے اب تک میں نے صدی کا چہارم حصّہ اپنی زندگی میں دیکھ لیا ہے اور نواب صدیق حسن خان صاحب اپنی کتاب حجج الکرامہ میں لکھتے ہیں کہ سچا مجدّد وہی ہوتا ہے کہ جو صدی کا چہارم حصّہ پالے۔ اب اے مخالفو! کسی بات میں تو اِنصاف کرو آخر خدا سے معاملہ ہے۔'' (روحانی خزائن جلد ۲۲ صفحہ ۲۰۶ حاشیہ بحوالہ حقیقۃ الوحی۔ ۱۹۰۷ء)

اگر چہ بانئے جماعت حضرت مہدی و مسیح موعودؑ نے اپنے مندرجہ بالا اقتباس میں مخالفین کو جھٹلانے کیلئے اُنہیں کی ایک کتاب ''حجج الکرامہ'' سے ''سچے مجدّد و صدی کیلئے صدی ہجری کے چہارم حصّہ سے متعلقہ معیار'' کا حوالہ دے کر اُنہیں ملزم کیا ہے۔ لیکن میرے خیال میں کسی صدی ہجری کے سچے مجدّد کیلئے متعلقہ صدی ہجری کا چہارم حصّہ پانا کوئی قطعی معیار نہیں ہے۔ ہاں کسی صدی ہجری کے سچے مجدّد کیلئے اُس کا بقائمی ہوش و حواس متعلقہ صدی ہجری میں داخل ہونا بہر حال ضروری ہے۔ اِس معیار سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ درجِ بالا مدعیان مصلح موعود بشمول مرزا بشیر الدین محمود احمد سب کے دعاوی غلط فہمی پر مبنی تھے۔ اِن میں اگر کوئی فرق تھا تو صرف یہی کہ خلیفہ ثانی صاحب نے جماعت کے سربراہ ہوتے ہوئے ایک جبری نظام کیساتھ اپنے جھوٹے دعویٰ مصلح موعود کو نہ صرف افرادِ جماعت سے منوایا بلکہ ہر سال یوم مصلح موعود منا کر اپنے دعویٰ کو اِنکی عادت اور ایمان میں بھی داخل کر دیا جبکہ دیگر مدعیان کو کوئی ایسا موقعہ نہ ملا اور وہ گم نامی میں ہی گزر گئے۔ برخلاف اِن سب کے خاکسار نے نہ صرف پندرھویں صدی ہجری کے سر پر اللہ تعالیٰ سے اپنے موعود

مصلح ہونے کی خبر پائی بلکہ حضرت مہدی و مسیح موعودؑ کی طرح اب تک اِس صدی ہجری کا چہارم حصّہ بھی پا چکا ہوں

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! آگے آپ لکھتے ہیں۔

"I have been told about one living claimant, Mr Abdul Ghaffar Janbah, a Pakistani living in Germany who claimed to be the 'Zaki Ghulam' (purified son) another attribute of the Musleh Mau'ood mentioned in the pronouncement of February 1886. May Allah grant Mr Janbah correct understanding of the prophecy of Musleh Mau'ood(ra)."

''مجھے ایک زندہ مدعی پاکستانی عبدالغفار جنبہ جو جرمنی میں رہتے ہیں کے متعلق بتایا گیا ہے۔اُس نے ''زکی غلام'' (پاک بیٹا) ہونے کا دعویٰ کیا ہے جس کا فروری ۱۸۸۶ء کے اشتہار میں مصلح موعود کی ایک صفت کے طور پر ذکر کیا گیا ہے۔دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مسٹر جنبہ کو پیشگوئی مصلح موعود کی صحیح سمجھ عطا فرمائے۔''

الجواب:۔ جواباً عرض ہے اور خاکسار پہلے بھی بارہا بتا چکا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ۲۰۔فروری ۱۸۸۶ء کی اِلہامی پیشگوئی میں حضرت بانئے جماعت کو ایک ''وجیہہ اور پاک لڑکا'' اور ایک ''زکی غلام'' کی بشارات عطا فرمائیں تھیں۔ اِلہامی پیشگوئی میں اِلہامی الفاظ میں کسی ''مصلح موعود'' کی بشارت نہیں ہے۔ہاں البتہ ''زکی غلام'' کو حضورؑ نے اپنے الفاظ میں مصلح موعود کا ٹائٹل دیا تھا۔لہٰذا آپ کا یہ فرمانا کہ ''زکی غلام'' مصلح موعود کی ایک صفت ہے قطعی طور پر غلط ہے کیونکہ مصلح موعود کوئی اِلہامی اصطلاح نہیں ہے۔زکی غلام سے مراد پاک اور نیک غلام کے ہیں۔لطف الرحمٰن محمود صاحب! سورۃ مریم کا مطالعہ کرنا۔اِس میں اللہ تعالیٰ نے موسوی مریم کو ایک زکی غلام کی بشارت بخشی تھی۔اُمتِ محمدیہ میں حضرت مرزا غلام احمدؑ واحد وہ شخصیت ہیں جنہوں نے اللہ تعالیٰ کی جناب سے محمدی مریم ہونے کا اعزاز پایا تھا اور موسوی اور محمدی سلسلہ میں مشابہت کیلئے ضروری تھا کہ آپؑ کو بھی موسوی مریم کی طرح کسی زکی غلام کی بشارت ملتی اور پھر زیر بحث اِلہامی پیشگوئی میں یہ بشارت اُنہیں ملی بھی ہے۔موسوی مریم کا زکی غلام تو یقیناً اُس کا جسمانی بیٹا تھا اور اُس کا نام نامی حضرت مسیح عیسیٰ ابن مریم تھا۔لیکن محمدی مریم کو جو زکی غلام کی بشارت ملی تھی اِس کا معاملہ کیا ہے۔؟ کیا یہ زکی غلام بھی آپ کا جسمانی بیٹا تھا۔؟ زکی غلام سے متعلق اِلہامات میں اللہ تعالیٰ نے بڑی وضاحت کیساتھ فرما دیا ہے کہ محمدی مریم کا یہ زکی غلام اُس کا جسمانی بیٹا نہیں ہوگا بلکہ اُس کا محض غلام یعنی اُس کا روحانی فرزند ہوگا۔ جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! اللہ تعالیٰ کے اِس فیصلے کے بعد زکی غلام کو آپ یا کوئی اور دھکے سے حضورؑ کا جسمانی بیٹا کیسے بنا سکتا ہے۔؟ یا کوئی حضورؑ کا جسمانی بیٹا دھکے سے زکی غلام کیسے بن سکتا ہے۔؟ مصلح موعود کی اصطلاح کے متعلق مزید عرض ہے کہ موعود زکی غلام کے متعلق یہ غیر اِلہامی اصطلاح (مصلح موعود) حضورؑ نے سب سے پہلے اپنے ۴۔دسمبر ۱۸۸۸ء کے مکتوب میں استعمال فرمائی تھی۔بعد ازاں اشتہار ''تکمیل تبلیغ'' میں آپؑ اپنے زکی غلام کے متعلق فرماتے ہیں:۔ مجھے ایک خواب میں اس مصلح موعود کی نسبت زبان پر یہ شعر جاری ہوا تھا۔

اے فخرِ رسل قرب تو معلومم شد ۔ دیر آمدۂ ز راہِ دور آمدۂ

(مجموعہ اِشتہارات جلد ا صفحہ ۱۹۱/۱۹۲ حاشیہ)

(اے رسولوں کے فخر تیرا خدا کے نزدیک مقامِ قرب مجھے معلوم ہو گیا ہے۔تو دیر سے آیا ہے (اور) دور کے راستہ سے آیا ہے۔)

اِس اِلہامی شعر میں اللہ تعالیٰ نے زکی غلام (مصلح موعود) کی جو دو (۲) صفات ((ا) تو دیر سے آیا ہے۔اور (۲) دور کے راستہ سے آیا ہے) بتائی ہیں اِن سے بھی خلیفہ ثانی کے جھوٹے دعویٰ مصلح موعود کا پول کھل جاتا ہے۔اللہ تعالیٰ زکی غلام کے متعلق فرماتا ہے کہ وہ (ا) دیر آمدۂ (دیر سے آیا ہے)۔''دیر سے'' فرما کر اللہ تعالیٰ نے اُسکے متعلق دو باتوں کی وضاحت فرما دی ہے (اولاً) وہ حضرت بانئے جماعت کا کوئی جسمانی بیٹا نہیں ہوگا (ثانیاً) اگر وہ جلدی بھی ظاہر ہوا تو بھی اُسکے ظاہر ہونے میں ایک صدی کی دیری ضرور ہوگی اور وہ آنحضرت ﷺ کے فرمان کے مطابق آئندہ پندرھویں صدی ہجری کے سر پر ظاہر ہوگا لیکن حضرت بانئے جماعت کی صدی یعنی چودھویں صدی ہجری میں وہ بالکل ظاہر نہیں ہوگا۔ پھر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ وہ دور کے راستہ سے آئے گا۔(۲) ز راہِ دور آمدۂ (دور کے راستہ سے آیا ہے)۔''دور کے راستہ سے'' فرما کر اللہ تعالیٰ نے یہ وضاحت فرما دی ہے کہ وہ حضرت مہدی و مسیح موعود کے خاندان سے نہیں بلکہ کسی اور خاندان سے ظاہر ہوگا۔جس طرح حضرت مہدی و مسیح موعودؑ آنحضرت ﷺ کی آل یعنی حضرت فاطمہؓ کی نسل میں سے نہیں بلکہ سادات سے باہر ایک ''دور کے راستہ سے'' یعنی ایک ایسے مغلیہ خاندان سے ظاہر ہوئے تھے جس کے متعلق عالم اسلام میں کوئی سوچ بھی نہیں سکتا تھا۔اِسی طرح زکی غلام (مصلح موعود) بھی مغلیہ خاندان سے باہر ایک ''دور کے راستہ سے'' یعنی ایک ایسے خاندان سے ظاہر ہوگا جس کے متعلق جماعت احمدیہ میں کوئی سوچ بھی نہیں سکے گا۔

باقی آپ نے جو میرے لیے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مجھے پیشگوئی مصلح موعود کی فہم و فراست بخشے۔اِس دعا کیلئے آپکا شکریہ۔اِس سلسلہ میں عرض ہے کہ اِلہامی پیشگوئی زکی غلام مسیح

الزماں (مصلح موعود) کے متعلق میری فہم وفراست کا اندازہ آپ کو بھی اور دیگر قارئین کو بھی اِس جوابی مضمون میں بخوبی ہو گیا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل اور رحم کیساتھ اس عاجز کو اِسی طرح پیشگوئی مصلح موعود کی فہم وفراست بخشی ہے جس طرح ایک صدی قبل ہمارے آقا حضرت مہدی ومسیح موعود کو پیشگوئی مسیح موعود کی فہم وفراست بخشی تھی۔ اور جس طرح پیشگوئی مسیح موعود کے معاملہ میں حضرت بانئ جماعت کی فہم وفراست کے مقابلے میں سارا عالم اسلام بے بس اور غلطی خوردہ ثابت ہو گیا تھا۔ اِس طرح آج پیشگوئی مصلح موعود کے ضمن میں بھی میری فہم وفراست کے آگے ساری جماعت بشمول آپکے بے بس اور عاجز ہیں۔ یہ ہوتی ہے سچے لوگوں کی نشانی۔ خاکسار آپ کو دعوت دیتا ہے کہ آپ بھی اس ہدایت اور فہم وفراست سے حصّہ پا کر اپنی آخرت کو سنواریں۔ لیکن اگر آپ سمجھتے ہیں کہ پیشگوئی مصلح موعود کے سلسلہ میں میری فہم وفراست میں کوئی کمی اور کوئی غلطی ہے تو پھر میری اِس سلسلہ میں راہنمائی کیجئے۔ اِس کیلئے خاکسار آپ سب کو علی الاعلان عرصہ پانچ سال سے بلا رہا ہے اور آپ سب کی طرف سے خاموشی ہے۔ ایسا کیوں۔؟

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! آگے آپ لکھتے ہیں۔

Addressing the Promised Messiah, God Almighty has added the following words to the term Zaki Ghulam: "He would be from your seed and progeny."

''اللہ تعالیٰ نے مسیح موعود کو مخاطب کرتے ہوئے زکی غلام کے متعلق ذیل کے الفاظ فرمائے ہیں۔ ''وہ تیرے تخم سے اور تیری ذریت میں سے ہوگا''

الجواب:۔ جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! اِلہامی عبارتوں کو اپنی مرضی سے غیر متعلقہ وجودوں پر چسپاں کر کے اتنا بڑا جھوٹ نہ بولیں۔ یہ سب دجالی کام ہیں جو آپ یہودیوں کی طرح کر رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ''زکی غلام'' کے متعلق نہ ۲۰۔ فروری ۱۸۸۶ء کی اِلہامی پیشگوئی میں اور نہ ہی آپکی وفات تک کسی اور اِلہام میں قطعاً یہ نہیں فرمایا ہے کہ ''وہ تیرے تخم سے اور تیری ذریت میں سے ہوگا''۔ اِس جوابی مضمون کے شروع میں اِلہامی پیشگوئی درج ہے آپ بھی اور دیگر قارئین کرام بھی پڑتال کر لیں۔ اگر کسی احمدی کے پاس حضورؑ کا کوئی ایسا اِلہام ہو جس میں اللہ تعالیٰ نے حضورؑ کو زکی غلام کے متعلق یہ فرمایا ہو کہ ''وہ زکی غلام تیرے ہی تخم سے تیری ہی ذریت ونسل ہوگا''۔ وہ اِلہام میرے سامنے لائے۔ یاد رکھیں اللہ تعالیٰ نے زکی غلام کے متعلق حضورؑ سے کوئی ایسا وعدہ نہیں فرمایا تھا اور اگر اللہ تعالیٰ کا کوئی ایسا وعدہ ہوتا تو یہ زکی غلام ضرور حضورؑ کے گھر میں پیدا ہوتا۔ ہاں ''وجیہہ اور پاک لڑکا'' کے متعلق اللہ تعالیٰ نے ضرور اپنے مہدی ومسیح موعود سے فرمایا تھا کہ ''وہ لڑکا تیرے ہی تخم سے تیری ہی ذریت ونسل ہوگا'' اور پھر بعد میں اللہ تعالیٰ نے مثیل بشیر احمد اول کے طور پر یہ لڑکا (بشیر ثانی) آپ کو دیا بھی تھا۔ یہ بشیر ثانی یا مرزا بشیر الدین محمود احمد زکی غلام نہیں تھا اور اِس طرح وہ مصلح موعود بھی نہیں تھا۔ خاکسار نے اپنی کتاب ''غلام مسیح الزماں'' کے حصہ اول کے دوسرے باب میں اِسکی خوب وضاحت کی ہوئی ہے۔

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! آگے آپ لکھتے ہیں۔

"The Promised Messiah (as) has given the Arabic version of the same prophecy in his book Aina Kamalat-e-Islam: "His fame and blessings would reach to the ends of the earth. Nations would be blessed by this courageous and glorious Imam."(Aina Kamalat-e-Islam, Roohani Khazain Vol.5,p.578)

''مسیح موعودؑ نے اپنی کتاب ''آئینہ کمالات اِسلام'' میں اس پیشگوئی کا عربی ترجمہ اِس طرح لکھا ہے۔ ''اُس کی شہرت اور برکت دنیا کے کناروں تک پہنچے گی۔ اُس بہادر اور پُرشکوہ اِمام سے قومیں برکت پائیں گی۔'' (آئینہ کمالات اِسلام، روحانی خزائن جلد ۵ صفحہ ۵۷۸)

الجواب:۔ یہ بات بالکل سچ ہے اور حضرت مہدی ومسیح موعودؑ نے بجا طور پر فرمایا ہے کہ زکی غلام کی شہرت اور برکت دنیا کے کناروں تک پہنچے گی اور اُس بہادر اور پُرشکوہ اِمام سے قومیں برکت پائیں گی۔ جب وہ ظاہر ہوگا تو یہ واقعات ضرور رونما ہوں گے۔ جہاں تک مرزا بشیر الدین محمود احمد کی شہرت کا تعلق ہے تو جماعت احمدیہ کے اندر تو لوگ اُسے بحیثیت خلیفہ ثانی یا مصلح موعود جانتے ہیں کیونکہ اُس نے اور اُسکے جانشینوں نے اپنے اپنے دورِ حکومت میں ہر سال یوم مصلح موعود منا منا کر یہی کام کیا ہے۔ لیکن جماعت احمدیہ سے باہر اُسے ربوہ کے اردگرد بھی کوئی نہیں جانتا چہ جائیکہ اُس نے دنیا کے کناروں تک شہرت پائی ہو۔ جہاں تک اُسکی برکت کا سوال ہے تو اُسکی اولاد اور مغلیہ خاندان نے ضرور اُس سے برکت پائی ہے۔ ساری زندگی وہ اپنی اولاد اور اپنے خاندان کو نوازتے رہے ہیں اور اِس برکت اور اِس اقرا پروری کا مشاہدہ ہر احمدی کر سکتا ہے۔ حضورؑ کی روحانی اولاد نے اُس سے برکت کی بجائے صرف ذلت ورسوائی اور اخراج ومقاطع کی سزائیں پائی ہیں۔ باقی قوموں کے برکت پانے کا معاملہ تو بہت دور کی بات ہے۔

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! آگے آپ لکھتے ہیں۔

Mr.Janbah has written a book in urdu titled Musleh Mau'ood.He laments that no nation has benefited

from the blessings of Khalifatul Massih II(ra) because Ahmadies do not have a state of their own (Musleh Mau'ood,p.12).This critical stance does not auger well with Mr.Janbah who himself is living as a refugee or an asylum seeker or perhaps as a naturalized citizen in Germany.He has a golden opportunity to extend his 'blessings' at least to Germany and the German nation in support of his claim as Zaki Ghulam."

''مسٹر جنبہ نے ایک کتاب اردو میں لکھی ہے جس کا عنوان مصلح موعود ہے۔ وہ اپنی کتاب کے صفحہ نمبر ۱۲ پر بڑے افسوس کیساتھ لکھتے ہیں کہ خلیفہ ثانیؓ سے کسی قوم نے برکت نہیں پائی ہے۔ اگر کسی قوم نے برکت پائی ہوتی تو آج احمدیوں کا اپنا کوئی ملک ہوتا۔ یہ تنقید مسٹر جنبہ کیلئے کوئی نیک فال نہیں ہے کیونکہ وہ خود جرمنی میں ایک مہاجر یا ایک پناہ گزیں یا شاید بطور ایک شہری کے رہ رہے ہیں۔ اُن کیلئے سنہری موقعہ ہے کہ وہ اپنے دعویٰ زکی غلام کی تائید کیلئے کم از کم جرمن قوم تک اپنی برکت پھیلائیں۔''

الجواب:۔ جواباً عرض کرتا ہوں کہ اگر قوموں کے خلیفہ ثانی سے برکت پانے کے سلسلہ میں خاکسار نے اپنی کتاب میں کوئی غلط بیانی کی تھی تو بڑی سیدھی سی بات ہے جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب اِس سلسلہ میں میری تصحیح فرماتے ہوئے اپنے مضمون میں اُن قوموں کا نام لکھ دیتے جنہوں نے خلیفہ ثانی صاحب سے برکت پائی ہے۔ چونکہ اُنہوں نے اپنے مضمون میں کسی ایسی قوم کا نام نہیں لکھا لہٰذا اُنہوں نے اِس طرح اپنے فعل سے میرے بیان کی تائید اور تصدیق فرمادی ہے۔ باقی آپ نے جو میرے متعلق جرمنی میں بطور ایک مہاجر یا پناہ گزیں ہونے کی طعنہ زنی کی ہے۔ اِس سلسلے میں جواباً عرض ہے کہ چونکہ آپ مدعی مصلح موعود نہیں ہیں لہٰذا آپ کیلئے زیادہ بہتر تھا کہ آپ اپنے مضمون کو علمی حد تک رکھتے۔ اگر خلیفہ ثانی کی مصلح موعودی ثابت ہوسکتی ہے تو اِسے ثابت کرتے اور کسی کی ذاتی زندگی پر تبصرے کرنے سے گریز کرتے۔ خاکسار نے اپنے مضامین میں مدعی مصلح موعود خلیفہ ثانی کی ذاتی زندگی پر اگر قلم اُٹھایا ہے تو اِسکی وجہ آپکے جماعتی مولویوں کا اپنے جھوٹے مصلح موعود کے دفاع میں آنخضرت کی شان میں گستاخی کرنا بنا ہے۔ خلیفہ ثانی مصلح موعود ہونے کے دعویدار تھے اور میرے اِلٰہی انکشاف کے مطابق اُن کا دعویٰ مصلح موعود قطعی طور پر ایک جھوٹا دعویٰ تھا۔ لہٰذا بحیثیت ایک سچے دعویدار ہونے کے مجھ پر فرض ہے کہ میں احمدیوں پر ظاہر کروں کہ خلیفہ ثانی اپنی ذاتی زندگی کے لحاظ سے بھی کوئی ایسا معیاری شخص نہیں تھا جسے زکی غلام کہا جاسکے۔ بہرحال پتہ نہیں آپ کو کیا سوجھی جو آپ نے میری ہجرت اور پناہ گزینی کا قصّہ چھیڑ لیا ہے۔؟

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! ہجرت یا پناہ گزینی کے سلسلہ میں عرض ہے کہ ہجرت اختیار کرنا یا دوسری قوموں یا ملکوں میں پناہ لینا کوئی بُری بات نہیں ہے۔ تاریخ گواہ ہے اور قرآن مجید بھی گواہی دیتا ہے کہ اکثر برگزیدہ انبیا کو کافروں کے ظلم کی وجہ سے اپنے گھر اور ملک چھوڑنے پڑے تھے۔ اِس دنیا کے سب سے عظیم اور سب سے معزز مہاجر تو ہمارے آقا حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ تھے۔ آپ ﷺ نے اپنا پیارا گھر اور پیارا شہر مکہ چھوڑ کر یثرب (مدینہ) کی طرف ہجرت کی تھی۔ جہاں تک میری ہجرت کا سوال ہے تو اِس ضمن میں خاکسار پہلے بھی اپنے کسی مضمون میں اِس کا اِظہار کر چکا ہے کہ میں قطعاً پاکستان سے باہر نہیں جانا چاہتا تھا۔ پاکستان میں میرے جیسے بھی حالات تھے میں اِس پر راضی بَرضا تھا۔ لیکن اللہ تعالیٰ جانتا تھا کہ جس مشن پر میں نے اِسے کھڑا کیا ہے ایسا شخص پاکستان یا بطور خاص ربوہ میں نہیں رہ سکتا۔ جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب اللہ تعالیٰ مجھے مجبور کر کے جرمنی لایا ہے اور میں اُسکی مرضی کے آگے سرِ تسلیم خم کر کے جرمنی آیا ہوں۔ میں آپ لوگوں کی طرح دیارِ غیر میں دنیا کمانے کیلئے نہیں آیا اور اِس حقیقت کو جرمنی میں کیل کے میرے ہم وطن بخوبی جانتے ہیں۔ آپکی اطلاع کیلئے عرض ہے کہ خاکسار بمعہ اہل وعیال ۱۹۹۸ء سے وفاقی جمہوریہ جرمنی (Bundes republic Germany) کا شہری ہے۔

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! آپ نے مجھے تو مہاجر ہونے کا طعنہ دیا ہے لیکن آپ نے دنیا کمانے کیلئے کیا کچھ نہیں کیا۔ اپنا وقف توڑا۔ امریکہ میں settle ہونے کیلئے اپنے بھائی کی منتیں اور ترلے کرتے رہے۔ خلیفہ ثانی کی شہرت زمین کے کناروں تک پہنچنے کی جو آپ نے گپ ماری ہے اِس سلسلہ میں آپ نے مشنریوں کے رول (role) کو بہت سراہا ہے۔ امریکہ جانے کی ہوس (greed) میں آپ نے اِن مشنریوں اور مربیوں کو سانپ کہنے سے بھی گریز نہ کیا۔ جہاں تک آپ نے میرے متعلق کہا ہے کہ میں کم از کم جرمن قوم کو برکت سے نوازوں تو اِس ضمن میں عرض ہے کہ میرے دعوے کو تو ابھی جمعہ جمعہ آٹھ دن ہوئے ہیں۔ میں ابھی زندہ موجود ہوں اور جھوٹ کے خلاف برسرِ پیکار ہوں۔ ابھی صبر کریں اور دیکھیں۔ یاد رکھیں کہ میرے اور آپکے خود ساختہ مصلح موعود کے حالات میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ وہ ایک مہدی و مسیح موعود اور اُمتی نبی کے گھر میں پیدا ہوئے اور اُسکے سب سے بڑے بیٹے تھے۔ حضرت مہدی و مسیح موعودؑ کی زندگی میں آپ جماعت کی آنکھوں کا تارا تھے۔ بعد ازاں حضرت خلیفۃ المسیح اولؓ کے دور میں بھی جماعت کا نظم و نسق چلانے والے عملاً آپ ہی تھے ۱۹۱۴ء میں افرادِ جماعت نے آپ کو مصلح موعود خیال کرتے ہوئے خلافت کی گدی پر بٹھا دیا اور اِس طرح آپ جماعت کے سیاہ و سفید کے مالک بن گئے۔ اگر کروڑوں نہیں تو لاکھوں کی جماعت جان و مال اور عزت کی قربانی دینے کیلئے آپکے حکم پر ہمہ وقت تیار رہتی تھی۔ جماعتی خزانہ کے آپ مالک تھے۔ جماعت کے

سینکڑوں اور ہزاروں معلم اور مربی آپکے حکم کی تعمیل کیلئے ہر لمحہ تیار اور ایک نظام کیساتھ دراصل آپ نے جماعت احمدیہ کو عملاً ایک فوج میں بدل دیا تھا۔ آپ ۱۹۱۴ء سے لے کر ۱۹۶۴ء تک بلکہ اپنی وفات تک یعنی نصف صدی سے بھی زائد وقت تک ۲۰۔فروری ۱۸۸۶ء کی اِلہامی پیشگوئی کو اپنے وجود میں پوری کرنے کیلئے ہر قسم کی جماعتی سطح پر تدابیر کرتے رہے ۔۱۹۴۴ء سے کر اب (۲۰۰۹ء) تک پینسٹھ (۶۵) کے قریب یوم مصلح موعود منا چکے ہیں اور ہر یوم مصلح موعود پر خلیفہ ثانی کے زمین کے کناروں تک شہرت پانے اور قوموں کا اُس سے برکت پانے کا ڈھنڈورا بھی پیٹتے رہے ہیں۔ اِس قسم کے مصلح موعود کے مریدوں سے اگر خاکسار نے یہ سوال پوچھ لیا ہے کہ اگر خلیفہ ثانی صاحب سے کسی قوم نے برکت پائی ہوتی تو آج آپ کا بھی کوئی ملک ہوتا تو اِس میں ناراض ہونیوالی کونسی بات ہے۔؟ یہ ایک جائز سوال ہے۔؟

کسی بھی خلیفہ راشد کی منصبی ذمہ داری

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! خاکسار پر دسمبر ۱۹۸۳ء کے بعد اِنکشاف ہو چکا تھا کہ خلیفہ ثانی زکی غلام (مصلح موعود) نہیں تھے۔ بعدازاں میں نے اِلٰہی انکشافات کی روشنی میں اپنی کتاب (غلام مسیح الزماں) کا دوسرا حصہ ''اِلہامی پیشگوئی کی حقیقت''(Virtue is God) لکھا اور پھر اِلٰہی رضا کے مطابق خاکسار ستمبر ۱۹۸۶ء میں جرمنی چلا آیا۔ جرمنی میں بھی میرا مشغلہ کتب بینی ہی رہا اور میں نے اپنی کتاب کا پہلا حصہ ''اِلہامی پیشگوئی کا تجزیہ'' یہیں مکمل کیا۔ اِس دوران دس سال میں یعنی دسمبر ۱۹۸۳ء سے لے کر مارچ ۱۹۹۳ء تک میں نے اپنے روحانی واقعہ کا ذکر سوائے اپنی اہلیہ اور فہم وفراست رکھنے والے چند ذمہ دار دوستوں کے کسی سے نہیں کیا تھا۔ حتیٰ کہ میری والدہ اور میرے بہن بھائیوں کو بھی اِس معاملہ کی خبر نہیں تھی۔ ویسے بھی ایسے معاملات عام لوگوں کو نہیں بتائے جاسکتے کیونکہ اِس سے فتنہ وفساد پیدا ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ دنیا میں اللہ تعالیٰ کے بندوں کی بعثت کی غرض فتنہ وفساد برپا کرنا نہیں بلکہ فتنہ اور فسادوں کو ختم کرنا ہوتی ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ جن جماعتوں یا قوموں میں اللہ تعالیٰ کے بندے مبعوث ہو کر آتے ہیں وہ ضرور اُنکے خلاف فتنہ وفساد برپا کرتی ہیں۔ اِن اَیام میں اکثر احمدیوں کی طرح اگرچہ خاکسار بھی نظام جماعت کی حقیقت سے بخوبی آگاہ تھا لیکن پھر بھی میں نے اِس جھوٹے نظام جماعت کے قواعدو ضوابط کے اندر رہتے ہوئے اَوائل اپریل ۱۹۹۳ء میں اپنی کتاب غلام مسیح الزماں (دو کتابچوں کی صورت میں) ایک خط کیساتھ بغرضِ راہنمائی خلیفہ رابع کی خدمت میں بھیجی۔ اِس خدا کے بنائے ہوئے خلیفے اور مردِ خدا (اگر وہ خدا کا بنایا ہوا خلیفہ اور مردِ خدا تھا۔؟؟؟) کو پتہ ہونا چاہیے تھا کہ اللہ تعالیٰ اور اُسکے رسول مقبول ﷺ کی تعلیم کیا ہے۔؟ یاد رہے کہ قرآنی تعلیم کے مطابق دین اسلام میں کسی قسم کے جبر کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ ہر انسان کو دلیل کیساتھ اپنا نقطۂ نظر پیش کرنے کا پورا حق ہے۔ مزید برآں ہمارے آقا ومولیٰ مخبر صادق اِنسانی تاریخ کے سب سے بڑے مفکر آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے کہ ''اختلاف امتی رحمة'' کہ میری امت میں اختلاف باعث رحمت ہوگا۔ جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! خلیفہ رابع صاحب کو نہ صرف اِس قرآنی تعلیم کا پتہ تھا بلکہ بہت اچھی طرح پتہ تھا۔ آپ اپنے ایک خطبہ جمعہ میں فرماتے ہیں:۔

☆ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک جہاد آزادی ضمیر کے لیے کیا تھا اور وہ جہاد تمام بنی نوع انسان کی خاطر کیا گیا ہے، صرف اسلام کی خاطر نہیں کیا گیا۔ ہمیشہ سے جب سے اِنسان اِنسانیت کو پاؤں تلے روندنے والوں سے مقابلہ کرتا چلا آرہا ہے۔ جب سے آزادی ضمیر کی خاطر کسی نوع کی جنگ بھی جاری ہے، سب سے زیادہ اِس مضمون میں عظیم الشان اور کامل جہاد حضرت اقدس محمد مصطفیٰ رسول اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا۔ آپ کے مطالبات اس مضمون میں یہ تھے کہ سب سے پہلے آپ نے سوسائٹی کو اس طرف متوجہ کیا کہ ہر شخص اپنی سوچوں اور اپنے ایمان میں آزاد ہے۔ کوئی حق نہیں ہے کسی کا کہ کسی کی سوچ پر اور اُسکے ایمان پر، اُس کے نظریات پر کسی قسم کی قدغن لگائے اور جبراً اُن کو تبدیل کرنے کی کوشش کرے۔ یہ جو اعلان ہے یہ اسلام کے لیے نہیں ہے بڑی جہالت ہے اگر اِسے یہ سمجھا جائے کہ صرف اسلام کی خاطر ہے۔ یہ تو آزادی ضمیر کا جہاد ہے، شرف انسانی کو قائم کرنے والا جہاد ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ انسان حق نہیں رکھتا کہ کسی اور انسان کے نظریات کو اور اُس کے خیالات کو، اُس کی سوچوں کو تبدیل کرے زبردستی یا اُس پر جبر کے تالے لگا دے اور اُس کو اِن سوچوں کے اظہار کا حق نہ ہو۔ تو یہ دوسرا جہاد کا پہلو یہ تھا۔ آپ نے یہ فرمایا اور قرآن کریم اس مضمون کو کثرت سے بیان کرتا ہے کہ صرف یہ نہیں کہ انسان کو خود اپنی سوچوں میں آزادی نصیب ہے بلکہ اس کو یہ بھی حق حاصل ہے کہ جو وہ سوچتا ہے، جو وہ دیکھتا ہے، جو وہ سمجھتا ہے اُسے دوسروں سے بیان کرے اور اس کا نام بلاغ ہے پہنچانا۔ جب وہ بیان کردے تو پھر لَسۡتَ عَلَيۡهِمۡ بِمُصَيۡطِرٍ کا مضمون شروع ہو جاتا ہے۔ بیان کرنا مبین طریق پر، کھول کھول کر یہ تو فرض ہے ہر انسان کا، اس کا حق ہے لیکن جبر کو اس میں دخل نہیں ہوگا۔ کسی قسم کے جبر کی اجازت نہیں ہوگی۔ چوتھا پہلو اس جہاد کا یہ تھا کہ اگر کوئی شخص اِسکے نتیجے میں بات مان لے اور اپنے خیالات تبدیل کر دے تو ہرگز کسی دوسرے کا حق یہ نہیں ہے کہ وہ زبردستی اس کو اس تبدیلی خیال سے روکے اور کہے کہ ہرگز ہم تمہیں اپنا خیال تبدیل نہیں کرنے دیں گے اور اُسکے نتیجے میں خیال تبدیل کروانے والے کو سزائیں دیں اور اُسکو بھی مارے اور اُسکی مخالفت بھی جسمانی طور پر کرے، ہر قسم کی تعزیری کاروائی اُسکے خلاف کرے۔ کہ چونکہ تم ہماری سوسائٹی کے خیال تبدیل کر رہے ہو اِس لیے ہم حق رکھتے ہیں کہ تمہارے گھر لوٹیں اور تمہارے گھر جلائیں، تمہارے اموال لوٹیں تمہیں ذبح کریں تمہیں ہر قسم کی اذیتیں پہنچائیں، قانونی روکیں ڈالیں

قید میں تمہیں دھکیلیں کیونکہ تمہیں کوئی حق نہیں کہ سوسائٹی کے خیال تبدیل کرو۔

تو پہلا حصہ مضمون کا ایسے خیالات سے تعلق رکھتا ہے جو طبعاً ہر انسان کے دل میں پیدا ہوتے ہیں یا وہ لیکر پیدا ہوا ہے۔ اپنے ماں باپ سے ورثے میں پائے ہیں اس میں تبدیلی کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ کسی قسم کے وہ خیالات ہوں، سچ ہوں، جھوٹ ہوں، نورانی ہوں یا ظلماتی ہوں اس سے بحث ہی کوئی نہیں۔ اعلان آپ کا یہ تھا اور یہ قرآن کریم نے بار بار بڑی تحدّی سے اعلان فرمایا کہ ہر انسان آزاد ہے اپنی سوچوں میں۔ اُس کی سوچوں پر کوئی پہرے نہیں لگائے جاسکتے۔ دوسرا اعلان یہ کہ اپنی سوچوں کے بیان کرنے میں آزاد ہے۔ تیسرا اعلان یہ کہ اس بیان کو سن کر اگر کوئی اپنی سوچیں تبدیل کرے تو اس پر دخل دینے کا بھی کسی کو حق نہیں۔ چوتھا یہ کہ اس بات کو جرم نہیں سمجھا جائے گا کہ کوئی اپنے خیالات بیان کر کے کسی دوسرے کے خیالات تبدیل کر رہا ہے اور اُسکے نتیجے میں اُسے کوئی سزا نہیں دی جائے گی۔ یہ عظیم الشان آزادی ضمیر کا جہاد ہے جو آج بھی تمام انسان کو متوجہ کر رہا ہے اپنی طرف۔ آج جتنی جدوجہد ہے انسانی زندگی میں اس میں جتنی خرابیاں نظر آ رہی ہیں، ان خرابیوں کا آپ تجزیہ کریں تو ہر جگہ آپ کو ان بنیادی ہدایات سے روشنی نظر آئے گی۔ تب وہ خرابی پیدا ہوگی۔ کوئی شخص ان حقوق میں دخل اندازی کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ کوئی حکومت ان حقوق میں دخل اندازی کرنے کی کوشش کرتی ہے۔ اُسکے نتیجے میں فساد پیدا ہوتا ہے، دکھ پیدا ہوتا ہے، ظلم پیدا ہوتا ہے۔ نظریاتی جدوجہد خون خرابے کی جدوجہد میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ اور پھر جھوٹے اور مصنوعی اعلان کرنے والے یہ اعلان کرتے ہیں کہ نہیں نہیں ہم تو آزادی ضمیر کی خاطر لڑائی کر رہے ہیں اور دوسرے مقابل پر یہ اعلان کرتے ہیں کہ نہیں نہیں ہم تو آزادی ضمیر کی خاطر جہاد کر رہے ہیں تم زبردستی بدلا رہے ہو۔ کوئی پہلے فریق پر الزام لگاتا ہے، وہی الزام پہلا فریق دوسرے پر لگاتا ہے۔ تو بنیادی طور پر جہاں بھی نظریات میں کسی قسم کے جبر کی اجازت دی جائے اور نظریات تبدیل ہونے کا جو منظر ہے یہ برداشت نہ ہو سکے کسی سے۔ اپنے بچوں کو دیکھ رہا ہو کہ کسی کی بات سن کر اُس سے متأثر ہو رہے ہیں اور اپنے خیالات بدل رہے ہیں۔ اُسکے سینے میں ایک آگ لگ جائے، وہ کہے کہ میں یہ نہیں ہونے دونگا۔ ہر ایسے شخص کے مقابل پر حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کا جہاد کھڑا ہو جائے گا آزادی ضمیر کے نام پر جو آپ نے جہاد کیا۔ اور ہر مسلمان کا فرض ہے کہ اُسکی تائید کرے جس نے واقعتاً دلائل کے نتیجے میں اپنا مذہب تبدیل کیا ہے، اپنے خیالات تبدیل کئے ہیں اور ہر ایسی جبر کی کوشش کا مقابلہ کرے جو ان بنیادی انسانی حقوق میں مداخلت کرے۔'' (خلیفہ رابع۔ خطبہ جمعہ۔ ۵ دسمبر ۱۹۸۶ء)

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! جو انسان قرآن مجید اور آنحضرت ﷺ کے حوالے سے آزادی ضمیر کے متعلق ایسا خطبہ دے اُس کے متعلق تو یہ گمان بھی نہیں کیا جاسکتا کہ وہ قرآنی تعلیم سے بےخبر ہوگا۔ میں نے اپنے دونوں کتابچوں اور اپنے خط میں اپنے موعود زکی غلام مسیح الزماں ہونے کا کھلا (open) دعویٰ نہیں کیا تھا تاہم اشارتاً ان میں یہ دعویٰ موجود تھا۔ دین اسلام میں اللہ تعالیٰ اپنے وعدہ کے موافق (سورۃ النساء: ۷۰) اپنے پسندیدہ وجودوں پر اپنی رحمت اور اپنا فضل ہمیشہ نازل فرماتا رہا ہے اور آگے بھی اِنشاء اللہ تعالیٰ تا قیامت یہ سلسلہ جاری رہے گا۔ خلیفہ رابع صاحب اَن پڑھ اور بے علم نہیں تھے۔ اُن پر فرض تھا اور اُنکے منصب کی یہ ذمہ داری تھی کہ وہ میرے کتابچے اور میرا خط پڑھنے کے بعد مجھ سے پوچھتے کہ عزیزم کیا آپکا موعود زکی غلام ہونے کا دعویٰ ہے۔؟ میں اُنہیں بتاتا کہ جی ہاں اللہ تعالیٰ نے مجھے موعود زکی غلام بنایا ہے اور اِس میں میرے لیے کوئی شک کی گنجائش نہیں ہے۔ خلیفہ رابع صاحب میں اِنتہا درجے کا تکبر تھا۔ اُس نے میرا خط اور میرے کتابچے وصول کرنے کے بعد ردِعمل میں جس طرزِ عمل کا مظاہرہ کیا ایسا مظاہرہ کسی خدا کے بنائے ہوئے خلیفے کا نہیں ہوسکتا۔ اِس کِبر ونخوت کا مفصل ذکر میں نے اپنے مضمون ''سبز اِشتہار کی روشنی میں پیشگوئی مصلح موعود کا تجزیہ'' میں ''عطاء اللہ صاحب کلیم سے ملاقات'' کے عنوان کے تحت کیا ہے۔ قارئین وہاں سے پڑھ سکتے ہیں۔ میرے کتابچے اور میرا خط وصول کرنے کے بعد خلیفہ رابع صاحب کی یہ منصبی ذمہ داری تھی اور تقویٰ کا بھی یہی تقاضا تھا کہ وہ سب سے پہلے میرا خط اور میرے کتابچے (۱) انٹرنیشنل احمدیہ مجلس شوریٰ کے ممبران (۲) خلیفہ کے انتخاب کیلئے بنائی گئی مجلس انتخاب کے ممبران (۳) علمائے جماعت کے آگے رکھتے اور اُنہیں نصیحت فرماتے کہ اِسے غور سے پڑھو اور پھر بعد ازاں جماعت احمدیہ انٹرنیشنل کا ایک خصوصی اجلاس بلاتے اور اِس اجلاس میں ان سب کیساتھ مجھے بھی مدعو کرتے۔ اِس قسم کا خصوصی انٹرنیشل اجلاس منعقد کرنا خلیفہ صاحب کیلئے کوئی بڑا مسئلہ نہیں تھا کیونکہ ویسے بھی تو ہم سارا سال جماعتی اجلاسوں میں ہی مصروف رہتے ہیں۔ یہ اجلاس بیشک بند کمرے (in camera) میں ہوتا اور سب ممبران کو نصیحت کر دی جاتی کہ نفس اور مفادات سے بالا ہو کر تقویٰ کیساتھ مدعی کے دعویٰ پر غور کیا جائے کیونکہ یہ جماعت احمدیہ کے اتحاد اور مستقبل کا سوال ہے۔ اجلاس میں مجھے بھی اور دیگر ممبران کو بھی میرے دعویٰ زکی غلام مسیح الزماں پر کھل کر بحث کرنے کا موقعہ دیا جاتا۔ میرے دعویٰ کے بارے میں ممبران مجھ سے سوال کرتے اور مجھے اِن سوالوں کے جوابات دینے کیلئے موقعہ دیا جاتا۔ خاکسار بھی سب ممبران سے خلیفہ ثانی کے دعویٰ مصلح موعود کے بارے میں سوال کرتا اور وہ مجھے اِس کا جواب (اگر کوئی ہوتا) دیتے۔ سچ اور جھوٹ کا فیصلہ ہونے تک یہ اجلاس جاری رہتا۔ بیشک اِس کام کیلئے اگر ایک ہفتہ اجلاس جاری رکھنا پڑتا تب بھی کوئی حرج کی بات نہیں تھی۔

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! اگر خلیفہ رابع کو پکا یقین تھا کہ میرے والد سچے زکی غلام یعنی مصلح موعود تھے تو پھر اُنہوں نے ایسا اجلاس کیوں نہ بلایا۔؟ اُنکی نظر میں اگر میں غلطی پر

تھا تو ڈرنا مجھے چاہیے تھا نہ کہ خلیفہ صاحب کو۔ میرے محترم۔ ایسے اجلاس وہ لوگ منعقد کروایا کرتے ہیں جو متقی ہوتے ہیں اور جنکی نیت میں کوئی کھوٹ نہیں ہوتا۔ لیکن یہ خصوصی انٹرنیشنل اجلاس تو خلیفہ رابع کیلئے قیامت تھا۔ وہ لوگ جو سچے خدا تعالیٰ کو فارغ کر کے خود خدا بن بیٹھے ہوں۔ وہ لوگ جنہوں نے طاقت کے نشے میں پیشگوئی زکی غلام (مصلح موعود) پر قبضہ کر کے ایک سنگین جرم کا ارتکاب کرلیا ہو اور پھر اُنہیں اپنے جرم کا پتہ بھی ہو وہ ایسے اجلاس منعقد نہیں کروایا کرتے۔؟ قرآن کریم ہمیں بتاتا ہے کہ کچھ لوگ جو دنیا میں خدا بنے بیٹھے تھے اُنہوں نے اللہ تعالیٰ کے سچے رسول کو مجنون اور پاگل تو ضرور کہا لیکن اِسکے باوجود اُنہوں نے مدعی کا اتنا لحاظ ضرور کیا کہ اُس سے بحث ومباحثہ ضرور کروایا۔ اللہ تعالیٰ سورۃ طٰہٰ میں فرماتا ہے:۔

”وَلَقَدْ أَرَيْنَاهُ آيَاتِنَا كُلَّهَا فَكَذَّبَ وَأَبَى (۵۷)قَالَ أَجِئْتَنَا لِتُخْرِجَنَا مِنْ أَرْضِنَا بِسِحْرِكَ يَا مُوسَى (۵۸)فَلَنَأْتِيَنَّكَ بِسِحْرٍ مِّثْلِهِ فَاجْعَلْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ مَوْعِداً لَّا نُخْلِفُهُ نَحْنُ وَلَا أَنتَ مَكَاناً سُوًى (۵۹)قَالَ مَوْعِدُكُمْ يَوْمُ الزِّينَةِ وَأَن يُحْشَرَ النَّاسُ ضُحًى (۶۰)فَتَوَلَّى فِرْعَوْنُ فَجَمَعَ كَيْدَهُ ثُمَّ أَتَى (۶۱)قَالَ لَهُم مُّوسَى وَيْلَكُمْ لَا تَفْتَرُوا عَلَى اللَّهِ كَذِباً فَيُسْحِتَكُم بِعَذَابٍ وَقَدْ خَابَ مَنِ افْتَرَى (۶۲) فَتَنَازَعُوا أَمْرَهُم بَيْنَهُمْ وَأَسَرُّوا النَّجْوَى (۶۳)قَالُوا إِنْ هَذَانِ لَسَاحِرَانِ يُرِيدَانِ أَن يُخْرِجَاكُم مِّنْ أَرْضِكُم بِسِحْرِهِمَا وَيَذْهَبَا بِطَرِيقَتِكُمُ الْمُثْلَى (۶۴)فَأَجْمِعُوا كَيْدَكُمْ ثُمَّ ائْتُوا صَفّاً وَقَدْ أَفْلَحَ الْيَوْمَ مَنِ اسْتَعْلَى (۶۵) قَالُوا يَا مُوسَى إِمَّا أَن تُلْقِيَ وَإِمَّا أَن نَّكُونَ أَوَّلَ مَنْ أَلْقَى(۶۶)قَالَ بَلْ أَلْقُوا فَإِذَا حِبَالُهُمْ وَعِصِيُّهُمْ يُخَيَّلُ إِلَيْهِ مِن سِحْرِهِمْ أَنَّهَا تَسْعَى(۶۷)فَأَوْجَسَ فِي نَفْسِهِ خِيفَةً مُّوسَى(۶۸)قُلْنَا لَا تَخَفْ إِنَّكَ أَنتَ الْأَعْلَى (۶۹)وَأَلْقِ مَا فِي يَمِينِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوا إِنَّمَا صَنَعُوا كَيْدُ سَاحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ أَتَى (۷۰)فَأُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّداً قَالُوا آمَنَّا بِرَبِّ هَارُونَ وَمُوسَ (۷۱)قَالَ آمَنتُمْ لَهُ قَبْلَ أَنْ آذَنَ لَكُمْ إِنَّهُ لَكَبِيرُكُمُ الَّذِي عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ فَلَأُقَطِّعَنَّ أَيْدِيَكُمْ وَأَرْجُلَكُم مِّنْ خِلَافٍ وَلَأُصَلِّبَنَّكُمْ فِي جُذُوعِ النَّخْلِ وَلَتَعْلَمُنَّ أَيُّنَا أَشَدُّ عَذَاباً وَأَبْقَى (۷۲)قَالُوا لَن نُّؤْثِرَكَ عَلَى مَا جَاءنَا مِنَ الْبَيِّنَاتِ وَالَّذِي فَطَرَنَا فَاقْضِ مَا أَنتَ قَاضٍ إِنَّمَا تَقْضِي هَذِهِ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا(۷۳)إِنَّا آمَنَّا بِرَبِّنَا لِيَغْفِرَ لَنَا خَطَايَانَا وَمَا أَكْرَهْتَنَا عَلَيْهِ مِنَ السِّحْرِ وَاللَّهُ خَيْرٌ وَأَبْقَى (۷۴)“۔(سورۃ طٰہٰ آیات۔۵۷تا۷۴)

اور ہم نے فرعون کو اپنی سب نشانیاں دکھائیں مگر وہ تکذیب اور انکار ہی کرتا رہا۔ کہنے لگا کہ موسیٰ تو ہمارے پاس اس لئے آیا ہے کہ اپنے جادو (کے زور) سے ہمیں ہمارے ملک سے نکال دے۔؟ تو ہم بھی تمہارے مقابل ایسا ہی جادو لائیں گے پس ہمارے درمیان اور اپنے درمیان ایک (وقت اور) مقام موعود مقرر کر، نہ اِس سے ہم پیچھے ہٹیں، نہ تو ہٹے وہ مکان ہمارے اور تمہارے درمیان برابر ہو۔ (اِس پر موسیٰ نے) کہا کہ آپ (کے مقابلے) کیلئے عید کا دن (مقرر کیا جاتا ہے) اور یہ کہ لوگ اس دن چاشت کے وقت اکٹھے ہو جائیں۔ اِس پر فرعون پیٹھ پھیر کر چلا گیا اور جو تدبیریں اُس سے ممکن ہوسکتی تھیں اِن کو مہیا کیا اور پھر (موسیٰ کی طرف) پلٹا۔ تب موسیٰ نے ان (جادوگروں) سے کہا کہ اے لوگو! تم پر ہلاکت ہو، اللہ پر جھوٹ نہ باندھو ایسا نہ ہو کہ وہ تم کو عذاب کے ذریعہ سے پیس ڈالے اور جو کوئی (خدا پر) افترا کرتا ہے وہ ناکام ہوجاتا ہے۔ یہ سن کر (فرعون اور اُسکے ساتھی) آپس میں جھگڑنے لگے اور خفیہ منصوبے کرنے لگے۔ کہنے لگے کہ یہ دونوں (موسیٰ اور ہارون) صرف جادوگر ہیں چاہتے ہیں کہ اپنے جادو (کے زور) سے تمہیں تمہارے ملک سے نکال دیں اور تمہارے اعلیٰ درجہ کے مذہب کو نابود کردیں۔ پس چاہیے کہ تم بھی اپنی تدبیریں سوچ لو۔ پھر سب کے سب ایک جماعت کی شکل میں آؤ جو آج جیتے گا وہ ضرور بامراد ہوگا۔ (جادوگر) بولے اے موسیٰ! یا تو (اپنی تدبیر) پھینک (یعنی ظاہر کر) یا ہم تجھ سے پہلے پھینکیں۔ موسیٰ نے کہا کہ نہیں تم ہی پھینکو (یعنی ظاہر کرو) پس (اُنہوں نے جو تدبیر کی) اِسکے نتیجہ میں اُنکی رسیاں اور سونٹے موسیٰ کو (اِنکے فریب کی وجہ سے) یوں نظر آئے گویا کہ وہ دوڑ رہے ہیں۔ (اس وقت) موسیٰ نے اپنے دل میں خوف معلوم کیا۔ (تب) ہم نے وحی کی (اے موسیٰ!) مت ڈر، کیونکہ تو ہی غالب آئے گا۔ اور جو کچھ تیرے دائیں ہاتھ میں ہے اِس کو زمین پر ڈال دے۔ جو کچھ اُنہوں نے کیا ہے اِس سب کو وہ نگل جائے گا (یعنی اِس کا بھانڈہ پھوڑ دے گا) اُنہوں نے جو کچھ کیا ہے وہ تو فریب کاروں کا ایک فریب ہے اور فریب کار جس طرف سے بھی آئے (خدا کے مقابلہ میں) کامیاب نہیں ہوسکتا۔ القصہ چالباز (اپنی کمزوری سمجھ گئے تو وہ اپنے ضمیر کی آواز سے) سجدہ میں گرائے گئے (اور) کہنے لگے کہ ہم ہارون اور موسیٰ کے رب پر ایمان لاتے ہیں۔ (فرعون) بولا کہ پیشتر اس کے کہ میں تمہیں اجازت دوں تم اس پر ایمان لے آئے ہو۔؟ بیشک وہ تمہارا بڑا (یعنی استاد) ہے جس نے تم کو جادو سکھایا ہے سو میں تمہارے ہاتھ اور پاؤں (اپنی) خلاف ورزی کی وجہ سے کاٹ دوں گا اور کھجور کے تنوں سے باندھ کر صلیب دے دوں گا اور (اس وقت) تم کو معلوم ہوجائے گا کہ ہم میں سے کس کا عذاب زیادہ سخت اور دیر تک رہنے والا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو دلائل ہمارے پاس آ گئے ہیں ان پر اور جس نے ہمیں پیدا کیا ہے اس پر ہم آپ کو ہرگز ترجیح نہیں دیں گے۔ پس جو تیرا زور چلتا ہے چلا لے تو صرف (ہماری) اِس دنیا کی زندگی کو ختم کرسکتا ہے۔ ہم اپنے رب پر ایمان لے آئے ہیں تاکہ وہ ہمارے گناہوں کو معاف کرے اور اِس دھوکہ بازی کو بھی معاف کردے جس کیلئے تو نے ہمیں مجبور کیا تھا اور اللہ بہتر اور باقی رہنے والا ہے۔

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! اِن آیات کریمہ میں آپ نے مشاہدہ کیا ہوگا کہ فرعون اور اُسکے جادوگروں نے حضرت موسیٰ کیساتھ بہرحال بحث ومباحثہ ضرور کیا تھا۔ اِس بحث

کے نتیجہ میں جادوگر یعنی فرعون کے پنڈت اور مولوی اصل بات کو سمجھ گئے اور وہ حضرت موسیٰ کے مقابلہ پر مغلوب ہوکر اُس پر ایمان لے آئے تھے۔ فرعون بد بخت تھا۔ جادوگروں کا ایمان لانا اِس خود ساختہ خدا کو ناگوار گزرا لیکن اللہ تعالیٰ نے بالآخر اُس متکبر کو سمندر میں غرق کر دیا۔ یہ تو کم وبیش ساڑھے تین ہزار سال پہلے کا واقعہ ہے۔ ایک صدی قبل بھی اِس قسم کا واقعہ ہوا تھا۔ جب موسیٰ ثانی (حضرت مرزا غلام احمدؑ) اپنے دعویٰ کیساتھ کھڑا ہوا تو وقت کے فرعون اور ہامان اور اُنکے حواریوں (سید نذیر حسین دہلوی، مولانا محمد حسین بٹالوی اور دیگر مولوی حضرات) نے آپؑ کا اتنا لحاظ ضرور کیا کہ آپکے دلائل کو سنا اور آپ کیساتھ بحث ومباحثہ کیا تھا۔ اگرچہ مدلل بحث کے نتیجہ میں میں وہ سب ہار گئے تھے لیکن بعد میں اکثریت اور اپنے اثر ورسوخ کی بنا پر موسیٰ ثانی اور اُسکے پیروکاروں پر نہ صرف کفر کا فتویٰ لگایا بلکہ اُنہیں دائرہ اِسلام سے بھی خارج کر دیا۔ بہر حال یہ اُنکی عالی ظرفی اور حوصلہ تھا کہ اُنہوں نے موسیٰ ثانی سے فرعون اول کی طرح بحث مباحثہ ضرور کیا۔

اب میں دورِ حاضر کا ایک واقعہ آپکے آگے رکھتا ہوں۔ مسٹر ذولفقار علی بھٹو ایک دنیادار اور سیاستدان تھا۔ ۱۹۷۴ء میں جماعت احمدیہ کے خلاف ہنگامے شروع ہوگئے (یہ جو ملک میں آگ لگی تھی اور اِس فتنہ وفساد کی وجہ بننے والا کون تھا۔؟ اس موضوع کو یہاں چھوڑتا ہوں)۔ علمائے اِسلام اور عوام کی طرف سے احمدیوں کو غیر مسلم قرار دینے کا مطالبہ شروع ہوگیا۔ مشرقی پاکستان کی علیحدگی کے بعد باقی ماندہ پاکستان میں مسٹر ذولفقار علی بھٹو ایک مقبول لیڈر بن کر اُبھرے۔ وہ ۱۹۷۴ء میں پاکستان کے سیاہ وسفید کے مالک تھے۔ اگر وہ چاہتے تو علماء اور عوام کا مطالبہ مان کر احمدیوں کو ایک حکم کے ذریعہ غیر مسلم قرار دے دیتے۔ لیکن اِس دنیادار اور سیاسی لیڈر نے بھی ایسا کام نہ کیا بلکہ جماعت احمدیہ کے دونوں دھڑوں کو پاکستان کی پارلیمنٹ میں بحث ومباحثہ کیلئے بلوایا۔ پارلیمنٹ میں یہ بحث ومباحثہ دو ہفتے تک جاری رہا۔ بالآخر پاکستان کی پارلیمنٹ نے اپنی سیاسی قوت کا مظاہرہ کرتے ہوئے احمدیوں کو غیر مسلم قرار دیدیا۔ یہ فیصلہ مکمل طور پر غلط اور ایک سیاسی فیصلہ تھا۔ میں اِسکی تفصیل میں نہیں جاتا کیونکہ اِس وقت یہ میرا موضوع نہیں ہے۔ جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! آپ نے دیکھا کہ ایک دنیادار اور سیاسی لیڈر نے بھی کسی مذہبی جماعت کو غیر مسلم قرار دینے کیلئے کوئی حکم جاری نہیں کیا تھا۔ اگر وہ چاہتا تو ایسا کرسکتا تھا۔ لیکن اُس نے ایسا نہیں کیا کیونکہ اُس نے خیال کیا کہ ایسا کرنا صریحاً ظلم اور زیادتی ہے۔ اُس نے احمدیوں اور غیر احمدیوں کا بحث ومباحثہ کروانا ضروری سمجھا۔ لیکن خلیفہ رابع صاحب تو بھٹو کے مقابلے میں حضرت مہدی ومسیح موعودؑ کی جانشینی اور خدا کے بنائے ہوئے خلیفہ ہونے کے دعویٰ دار تھے۔ اور پھر اُس کو بڑی اچھی طرح معلوم تھا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت بانئے جماعتؑ کو ۲۰۔ فروری ۱۸۸۶ء کی اِلہامی پیشگوئی میں ایک زکی غلام کا وعدہ بخشا ہوا ہے۔ ایک احمدی (خاکسار) اپریل ۱۹۹۳ء میں اُسے اپنا آقا سمجھ کر اور بڑے ادب کیساتھ اپنے موعود زکی غلام ہونے کے مدلل دعویٰ کیساتھ اُسکے آگے حاضر ہوا تھا۔ اگر وہ فرعون یا سید نذیر حسین دہلوی یا مسٹر ذولفقار بھٹو کی طرح جماعت احمدیہ کا ایک انٹرنیشنل خصوصی اجلاس بلوا کر بیشک بند کمرے میں ہی مدعی اور جماعت احمدیہ کے سرکردہ افراد کا آپس میں بحث ومباحثہ کروادیتا تو اس میں اُس کا کیا حرج تھا۔؟ مدلل بحث کے نتیجے میں دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہوجاتا۔ اگر وہ سمجھتے تھے کہ میرے والد خلیفہ ثانی زکی غلام (مصلح موعود) تھے تب فکر والی کیا بات تھی۔؟ موعود زکی غلام (مصلح موعود) تو یقیناً جماعت احمدیہ میں ایک ہی ہے۔ بحث ومباحثہ میں کس کا دعویٰ سچا ہے اور کون غلطی پر ہے اِس کا بخوبی فیصلہ ہوجاتا۔ اِس طرح جماعت احمدیہ میں اعلیٰ سطح پر موعود زکی غلام (مصلح موعود) کے متعلق تقویٰ اور حقیقت پر مبنی ایک متفقہ فیصلہ اپنا کر جماعت احمدیہ کو اِس اِبتلاء سے بچالیا جاتا جس میں وہ اب داخل ہوچکی ہے۔ ایک معقول اور کسی حد تک منصفانہ کاروائی ایک خود ساختہ خدا یعنی فرعون اور علمائے ہند کے لیڈر سید نذیر حسین دہلوی اور ایک دنیادار سیاسی لیڈر مسٹر ذولفقار علی بھٹو تو کر گزرے لیکن حضرت مہدی ومسیح موعودؑ کی جانشینی کا دعویٰ کرنیوالا اور اپنے زعم میں خدا کا بنایا ہوا ایک خلیفہ اِسکی جرأت نہ کرسکا۔ اِس سے کیا ثابت ہوتا ہے؟ اس سے دو باتیں ثابت ہوگئیں۔

(۱) حضرت مہدی ومسیح موعودؑ کی جانشینی کا دعویٰ کرنیوالا اور خدا کے بنائے ہوئے خلیفہ کا ڈرامہ رچانے والا اپنی اصلیت میں فرعون، سید نذیر حسین دہلوی اور ذولفقار علی بھٹو سے بھی بدتر نکلا۔ یہ الفاظ خاکسار خوشی کیساتھ نہیں بلکہ اپنے پر جبر کر کے لکھ رہا ہے کیونکہ یہی حقیقت ہے۔

(۲) فرعون اور سید نذیر حسین دہلوی اور ذولفقار علی بھٹو کی طرح خاکسار کے دعویٰ کے متعلق غور وفکر کرنے کیلئے انٹرنیشنل جماعت احمدیہ کا خصوصی اجلاس طلب نہ کر کے خلیفہ رابع جماعت احمدیہ کو یہ پیغام دے کر گئے ہیں کہ اُنکے والد (خلیفہ ثانی) کا دعویٰ مصلح موعود (زکی غلام مسیح الزماں) قطعی طور پر جھوٹا تھا اور جس دن بھی خلیفہ ثانی کا کوئی جانشین اور جماعتِ اشرافیہ مدعی زکی غلام (مصلح موعود) کیساتھ بحث ومباحثہ کریں گے اُس دن محمودیت اور محمودی نظام پر قیامت آجائے گی۔

عیسائیت اور محمودیت میں مشابہت

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! حضرت مہدی ومسیح موعودؑ اپنے ملفوظات میں عیسائیت کے متعلق فرماتے ہیں:۔ ''باقی رہا پولُوس کا اِجتہاد یا اُسکے اقوال۔ جن لوگوں نے پولوس کے چال چلن پر غور کی ہے اور جیسا کہ اُس کے بعض خطوط کے فقرات سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ وہ ہر مذہب والے کے رنگ میں ہوجاتا تھا۔ تمہیں خوب معلوم ہے اور اُس کے حالات

میں آزاد خیال لوگوں نے لکھا ہے کہ اچھے چال چلن کا آدمی نہ تھا۔ بعض تاریخوں سے پایا جاتا ہے کہ وہ ایک کاہن کی لڑکی پر عاشق تھا اور ابتدا میں اُس نے بڑے بڑے دُکھ عیسائیوں کو دیئے اور بعد میں جب کوئی راہ اُسے نہ ملی اور اپنے مقصد میں کامیابی کا کوئی ذریعہ اُسے نظر نہ آیا تو اُس نے ایک خواب بنا کر اپنے آپ کو حواریوں کا جمعدار بنا لیا۔ خود عیسائیوں کو اِس کا اعتراف ہے کہ وہ بڑا سنگدل اور خراب آدمی تھا اور یونانی بھی پڑھا ہوا تھا۔ میں نے جہاں تک غور کی ہے۔ مجھے یہی معلوم ہوا ہے کہ وہ ساری خرابی اِس لڑکی ہی کے معاملہ کی تھی اور عیسائی مذہب کیساتھ اپنی دشمنی کامل کرنے کیلئے اُس نے یہ طریق آخری سوچا کہ اپنا اِعتبار جمانے کیلئے ایک خواب سُنا دی اور عیسائی ہو گیا۔ اور پھر یُسوع کی تعلیم کو اپنے طرز پر ایک نئی تعلیم کے رنگ میں ڈال دیا۔ میں کہتا ہوں کہ عیسائی مذہب کی خرابی اور اِسکی بدعتوں کا اصل بانی یہی شخص ہے۔۔۔۔ یہی وجہ ہے کہ یہ یُسوعی مذہب نہیں بلکہ پولُوسی ایجاد ہے۔'' (ملفوظات جلد ۳ صفحہ ۱۳۸۔۱۴۱)

لطف الرحمٰن محمود صاحب! بالکل اِسی طرح یہ ایک روشن حقیقت ہے کہ موجودہ جماعتِ احمدیہ درحقیقت وہ جماعت نہیں جس کی بنیاد بانئے سلسلہ حضرت مہدی و مسیح موعودؑ نے رکھی تھی، بلکہ اِس کے بانی مبانی خلیفہ ثانی ہیں۔ وہ مریدوں کی اندھی عقیدت اور خلوص کا فائدہ اُٹھا کر پہلے خلیفہ بنے اور جب دیکھا کہ میرے مرید میرے دعویٰ سے بھی پہلے مجھے مصلح موعود بنا کر بیٹھے ہوئے ہیں تو پھر ۱۹۴۴ء میں ایک گول مول اور مبہم خواب کی بنیاد پر ایک جھوٹا دعویٰ کر کے وہ مصلح موعود بن بیٹھے۔ اِس جھوٹے دعویٰ کو قائم رکھنے اور دوام دینے کیلئے اُنہیں ایک جبری نظام کی ضرورت پیش آئی اور اِس طرح اُس نے افرادِ جماعت کو ایک جبری نظام میں جکڑ کر قابو کر لیا۔ پھر رفتہ رفتہ بانئے جماعت کی اصل تعلیم کو پس پشت ڈالتے ہوئے اور اِسے اپنی طرز پر ایک نئی تعلیم کا رنگ دے کر جماعت میں خرابی کا، بدعت کا، شرک کا، جبر کا اور غلامی کا دروازہ کھول دیا۔؟؟؟؟؟

عالمی شہرت اور قوموں کے برکت پانے کی حقیقت

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! اگر کوئی یورپین یہ کہے کہ ہم نے ژاں ژاک روسو (Jean-Jacques Rousseau/1712-1778) سے برکت پائی ہے تو وہ سچ کہے گا کیونکہ یہ روسو ہی تھا جس نے انقلاب فرانس کیلئے ذہنی فضا تیار کی تھی۔ روسو کی فکر نے یورپ کو متأثر کیا اور آج مغربی قومیں اُسکے فکری اصولوں کو بنیاد بنا کر ترقی کی منازل طے کر رہی ہیں۔ اِسی طرح ہم بجا طور پر یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ کارل مارکس (Karl Heinrich Marx/1818-1883) کی فکر سے بھی درجنوں یورپین اور غیر یورپین قوموں نے برکت پائی ہے (یاد رہے کہ یہاں خاکسار روسو یا مارکس کی فکری اصابت یا غیر اصابت سے بحث نہیں کر رہا) وغیرہ وغیرہ۔ عالمی شہرت یا قوموں کے برکت پانے کی خاکسار نے یہ دو مثالیں آپکے آگے رکھی ہیں۔ جناب من! افریقہ اور یورپ میں چند مربی بھیج کر یا چند مساجد بنوا کر یا چند سکول اور مدرسے قائم کر کے زمین کے کناروں تک شہرت نہیں پائی جا سکتی۔ امر واقعہ یہ ہے کہ آج تک تو بانئے جماعت حضرت مہدی و مسیح موعودؑ کو زمین کے کناروں تک شہرت نہیں ملی چہ جائیکہ آپؑ کے کسی خلیفہ یا خلیفہ ثانی کو مل گئی ہو۔ ہاں حضرت مہدی و مسیح موعودؑ اپنے موعود زکی غلام (مصلح موعود) کے نزول کے بعد ضرور زمین کے کناروں تک شہرت پائیں گے۔ لطف الرحمٰن محمود صاحب! زمین کے کناروں تک شہرتیں ملا کرتی ہیں علمی نظریات کی بنا پر۔ زمین کے کناروں تک شہرت پائی ہے سقراط، افلاطون اور ارسطو نے یا پھر اسحاق نیوٹن اور آئن سٹائن وغیرہ وغیرہ نے۔ دنیا اور دنیا کی درسگاہیں اِن کے زمین کے کناروں تک شہرت پانے کی گواہ ہیں اور آج تک قومیں اِنکی علم پروری کا فیض اور برکت پا رہی ہیں۔ آپکے امریکہ میں ہی ایک شخص مائیکل ایچ ہارٹ (Michael H. Hart) کی لکھی ہوئی ایک کتاب ۱۹۷۸ء میں منظر عام پر آئی تھی جس کا نام ہے!

(The 100: A Ranking of the Most Influential Persons in History)

یہ مصنف کوئی غیر احمدی یا لاہوری نہیں بلکہ ایک عیسائی ہے۔ اُس نے اِس کتاب میں ایک سو (۱۰۰) ایسے مشہور اِشخاص کا ذکر کیا ہے جنہوں نے انسانی تاریخ میں دنیا کو سب سے زیادہ متأثر کیا ہے۔ جنہوں نے زمین کے کناروں تک شہرت پائی اور جن سے قوموں نے برکت پائی ہے۔ یہ مقبول کتاب اب تک پانچ لاکھ کی تعداد میں فروخت ہو چکی ہے۔ اِس کا پندرہ زبانوں میں ترجمہ کیا گیا اور اِسے ایک ''شاہکار'' قرار دیا گیا ہے۔ مصنف نے اِس کتاب میں عالم اسلام کی صرف دو شخصیتوں کو ایک سو (۱۰۰) کی فہرست میں درج کیا ہے۔ پہلے نمبر پر رسول مقبول حضرت محمدﷺ ہیں اور پہلے ایڈیشن میں پچاسویں نمبر پر اور نظر ثانی ایڈیشن میں باونویں نمبر پر حضرت عمر فاروقؓ ہیں۔ نظر ثانی شدہ ایڈیشن میں بھی پہلی دس شخصیات کے مراتب کو جوں کا توں رکھا گیا ہے۔ اِس کتاب میں مرتبے (ranking) کی درجہ بندی (gradation) کے لحاظ سے پہلے جن دس (۱۰) شخصیات کا ذکر کیا گیا ہے اُنکے نام ترتیب وار درج ذیل ہیں۔ (http://en.wikipedia.org/wiki/The_100)

(۱) حضرت محمدﷺ ((570–632) (۲) سر اسحاق نیوٹن (1643–1727) (۳) حضرت مسیح ابن مریم (7–2 BC – AD 26–36) (۴) مہاتما بدھ (563
BC–483 BC) (۵) کنفیوشس (551 BC–479 BC) (۶) پولوس (5–67) (۷) T'sai Lun (50 AD – 121) (۸) یوہنس گوٹے برگ

(1398–1468)(۹) کرسٹوفر کولمبس (1451–1506)(۱۰) آئن سٹائن (1879–1955)۔

لطف الرحمٰن محمود صاحب! آپ نے ملاحظہ کیا کہ اِس فہرست میں اسحاق نیوٹن کا نام دوسرے نمبر پر ہے۔ نیوٹن نے نہ تو کوئی تفسیر کبیر لکھی تھی اور نہ ہی سینکڑوں کتابیں اور نہ ہی اُس نے لوگوں کو متأثر کرنے کیلئے دس دس گھنٹے کی طویل تقریریں کیں تھیں۔ اُس نے ۱۶۸۷ء میں ایک چھوٹی سی کتاب لکھی تھی جس کا نام تھا (Philosophiae Naturalis Principia Mathematica)۔ اِس چھوٹی سی کتاب میں اُس نے تین قوانین حرکت (Three laws of motion) اور ایک ''قانون کشش ثقل'' (Law of gravitation) سے متعلقہ اپنے نظریات کے بارے میں لکھا تھا۔ اور آپ کو یہ بھی علم ہوگا کہ قانون ''کشش ثقل'' کی دریافت کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے اپنے ایک انٹرویو میں وہ کہتا ہے کہ جب اُس نے ایک سیب کو گرتے ہوئے دیکھا تو مجھے ایسے لگا جیسے مجھ پر الہام ہوا ہے کہ میں اِس پر غور کروں کہ یہ سیب نیچے کی طرف کیوں گرا ہے اوپر کی طرف کیوں نہیں گیا۔ سیب کا گرنا بظاہر ایک سادہ اور معمولی سا فعل تھا لیکن اِسی معمولی فعل پر غور وفکر کے نتیجہ میں بالآخر اُس نے ایک بہت بڑا کشش ثقل کا قانون دریافت کرلیا۔ اِنہی علمی دریافتوں نے نیوٹن کو ہمیشہ کیلئے زمین کے کناروں تک شہرت بخش دی اور قومیں آج تک اُسکی علمی مائدہ سے برکت پارہی ہیں۔ میں نے یہاں بطور مثال ایک شخصیت کا ذکر کیا ہے کہ اُس نے کس طرح زمین کے کناروں تک شہرت پائی تھی۔ متذکرہ بالا کتاب (The 100) میں مذکورہ باقی شخصیتوں میں سے اکثریت کو بھی اللہ تعالیٰ نے ایسے ہی شہرت دی ہوگی۔ اِن میں سے کسی نے نہ نظام بنائے تھے اور نہ ہی اپنا قد اونچا کرنے کیلئے لوگوں کو اسیر کیا تھا۔ میرے محترم! آپ جانتے ہیں کہ عالم اسلام میں دیگر سینکڑوں نامور شخصیات ایسی بھی ہوگزری ہیں کہ جن کی تبحر علمی کا ایک زمانہ گواہ ہے۔ مرزا بشیر الدین محمود احمد جن کو ربوہ کے اردگرد کوئی نہیں جانتا وہ تو رہے درکنار عالم اسلام کی اِن نامی شخصیات کا اِس سو (۱۰۰) کی فہرست میں کوئی ذکر نہیں ہے۔ لہٰذا ہم خلیفہ ثانی کے متعلق یہ کیسے کہہ سکتے ہیں کہ اُس نے زمین کے کناروں تک شہرت اور قوموں نے اُس سے برکت پائی ہے۔؟ لطف الرحمٰن محمود صاحب! جس شخص کو جماعت کے باہر کوئی جانتا ہی نہیں تو پھر اُس شخص نے زمین کے کناروں تک شہرت اور قوموں نے اُس سے برکت کیسے پالی۔؟ کیا آپ اِس راز پر سے پردہ اُٹھا سکتے ہیں۔؟ لطف الرحمٰن محمود صاحب! عالم اسلام میں ہزاروں مفسرین ہوگزرے ہیں اور اِس وقت بھی سینکڑوں زندہ موجود ہونگے۔ آج سے آٹھ سو سال پہلے فخر الدین رازیؒ نے بتیس (۳۲) ضخیم جلدوں پر مشتمل ایک عظیم الشان اور مکمل ''تفسیر کبیر'' لکھی تھی۔ اِس کے مقابلے میں خلیفہ ثانی صاحب کی تفسیر کبیر نہ صرف نامکمل ہے بلکہ یہ جماعتی علماء کی اجتماعی کاوشوں کا نتیجہ ہے۔ خلیفہ ثانی کو مصلح موعود بنانے کیلئے اِس نامکمل (۵۹ سورتوں) تفسیر پر اُن کا نام لکھ دیا گیا ہے۔ تاہم یادرہے کہ کسی انسان کا قرآن مجید کی تفسیر لکھنا کوئی منفرد واقعہ نہیں کہلا سکتا بلکہ منفرد واقعہ ایسا ہوسکتا ہے کہ کوئی ''اعلیٰ اِنتہائی ہمہ گیر'' علمی نظریہ پیش کیا جائے جو مروجہ تمام مخالف علمی نظریات کو نہ صرف نگل جائے بلکہ اپنے اثبات کیلئے قرآن مجید کی تصدیقی مہر بھی ساتھ رکھتا ہو۔

(اولاً) جہاں تک خاکسار کا تعلق ہے تو میری حالت دو (۲) ہزار سال پہلے کی طرح حضرت مسیح ابن مریم ناصریؑ سے ملتی جلتی ہے۔ اُس معصوم اور صادق رسول کے پیچھے اُسکے گھر والے (یعنی یہودی) ہی پڑ گئے تھے۔ اُس نے اپنی قوم کے آگے اپنی سچائی کے حق میں براہین قاطع رکھے تھے لیکن یہودی اپنے نظام کے بل بوتے پر اُس کا اور اُسکے حواریوں کا اخراج اور مقاطعہ کرتے رہے۔ بدبخت یہودیوں نے اُس سچے اِنسان کو صلیب پر لٹکوا دیا۔ یہ یہودیوں کی سخت آزمائش تھی اور اِسی وجہ سے اللہ تعالیٰ کا اُن پر غضب بھڑکا۔ اللہ تعالیٰ اپنے برگزیدہ بندے کی مدد فرماتے ہوئے اُسے یہودیوں کے چنگل سے چھڑا کر کہیں دور لے گیا لیکن یہودی اُسکے غضب کے نتیجہ میں ہزاروں سال تک دربدر بھٹکتے پھرے۔ لطف الرحمٰن محمود صاحب! آج جماعت احمدیہ بھی وہی کچھ میرے ساتھ کررہی ہے جو یہودیوں نے حضرت مسیح ابن مریم کیساتھ کیا تھا۔ وہی اخراج وہی مقاطعہ وہی شیطانی نظام وغیرہ وغیرہ۔ میں نے جو دلائل جماعت احمدیہ کے آگے رکھے ہیں اِنکی روشنی میں حضورؓ کی نرینہ اولاد بشمول خلیفہ ثانی پیشگوئی مصلح موعود کے دائرہ بشارت سے باہر ہے اور اِس طرح ثابت ہوگیا کہ خلیفہ ثانی کا دعویٰ مصلح موعود قطعی طور پر ایک جھوٹا دعویٰ تھا۔ مجھے حیرانی اِس بات پر ہے کہ آپ اور نظام جماعت ایک ایسے انسان کو مصلح موعود بنا رہے اور پیشگوئی مصلح موعود کی علامات اُس میں پوری کرکے دکھا رہے ہیں جو زکی غلام سے متعلقہ اِلہامات کی روشنی میں اِس اِلہامی پیشگوئی کے دائرہ بشارت میں ہی نہیں آتا۔ کیا یہ عجیب اور حیران کن بات نہیں۔؟؟؟؟؟

(ثانیاً) نیکی کیا ہے۔؟ علم کیا ہے۔؟ اللہ تعالیٰ کیا ہے۔؟ یہ سوال اِبتدا سے مذہب اور دنیائے علم کے مشکل ترین سوالات ہیں۔ انسانوں میں سے ذہین ترین انسان ہزاروں سالوں سے اِن مشکل سوالات کا جواب ڈھونڈنے کی کوشش کررہے ہیں لیکن عقل کے ذریعہ ڈھونڈ نہ سکے۔ وجہ یہ کہ عقل کے ذریعہ اِن سوالوں کا جواب ڈھونڈ نا مشکل ہی نہیں ناممکن بھی ہے۔ قرآن مجید، آنحضرت ﷺ کے مبارک ارشادات اور حضرت مہدی و مسیح موعودؑ کے کلام سے پتہ چلتا ہے کہ کامل علم وعرفان بجز اِلہام اور وحی ممکن نہیں ہے۔ آپؑ اپنے رسالہ ''اسلامی اصول کی فلاسفی'' میں فرماتے ہیں۔

''اے عزیزو! اے پیارو!! کوئی اِنسان خدا کے اِرادوں میں اِس سے لڑائی نہیں کرسکتا۔ یقیناً سمجھ لو کہ کامل علم کا ذریعہ خدائے تعالیٰ کا اِلہام ہے جو خدائے تعالیٰ کے پاک نبیوں کو ملا

۔پھر بعد اِسکے اِس خدا نے جو دریائے فیض ہے یہ ہرگز نہ چاہا کہ آئندہ اِس اِلہام کو مُہر لگا دے اور اِس طرح پر دنیا کو تباہ کرے۔ بلکہ اِسکے اِلہام اور مکالمے اور مخاطبے کے ہمیشہ دروازے کھلے ہیں۔ ہاں اِن کو اُنکی راہوں سے ڈھونڈو۔ تب وہ آسانی سے تمہیں ملیں گے۔ وہ زندگی کا پانی آسمان سے آیا اور اپنے مناسب مقام پر ٹھہرا۔ اب تمہیں کیا کرنا چاہیے تا تم اِس پانی کو پی سکو۔ یہی کرنا چاہیے کہ اُفتاں وخیزاں اِس چشمہ تک پہنچو، پھر اپنا منہ اُس چشمہ کے آگے رکھ دو تا اِس زندگی کے پانی سے سیراب ہو جاؤ۔ اِنسان کی تمام سعادت اِسی میں ہے کہ جہاں روشنی کا پتہ لگے اُسی طرف دوڑے اور جہاں اِس گُم گشتہ دوست کا نشان پیدا ہو، اسی راہ کو اختیار کرے۔ دیکھتے ہو کہ ہمیشہ آسمان سے روشنی اُترتی اور زمین پر پڑتی ہے۔ اسی طرح ہدایت کا سچا نور آسمان سے ہی اُترتا ہے۔ انسان کی اپنی ہی باتیں اور اپنی ہی اٹکلیں سچا گیان اُس کو نہیں بخش سکتیں۔ کیا تم خدا کو بغیر خدا کی تجلّی کے پا سکتے ہو؟ کیا تم بغیر اِس آسمانی روشنی کے اندھیرے میں دیکھ سکتے ہو۔؟ اگر دیکھ سکتے ہو تو شاید اِس جگہ بھی دیکھ لو۔ مگر ہماری آنکھیں گو بینا ہوں تاہم آسمانی روشنی کی محتاج ہیں۔ اور ہمارے کان گو شنوا ہوں تاہم اس ہوا کے حاجت مند ہیں جو خدا کی طرف سے چلتی ہے۔ وہ خدا سچا خدا نہیں ہے جو خاموش ہے اور سارا مدار ہماری اٹکلوں پر ہے۔ بلکہ کامل اور زندہ خدا وہ ہے جو اپنے وجود کا آپ پتہ دیتا رہا ہے اور اب بھی اُس نے یہی چاہا ہے کہ آپ اپنے وجود کا پتہ دیوے۔'' (اسلامی اصول کی فلاسفی (۱۸۹۶ء) بحوالہ روحانی خزائن جلد ۱۰ صفحات ۴۴۳_۴۴۴)

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! اب سے اڑھائی ہزار سال پہلے سقراط بنی نوع انسان کو نیکی علم ہے (Virtue is Knowledge) بتا کر خاموش ہو گیا اور اُس نے آگے ''نیکی'' اور ''علم'' کے متعلق کچھ نہ بتایا کہ یہ نیکی کیا ہے۔؟ یہ علم کیا ہے۔؟ میرے خیال میں شاید سقراط کا کام یہی تھا اور نیکی یا علم کی ماہیت کے آشکار ہونے کا ابھی وقت نہیں آیا تھا۔ سقراط کے بعد اُس کے شاگرد افلاطون (Plato-428/427 BC–348/347 BC) اور افلاطون کے بعد اُسکے شاگرد ارسطو (Aristotle-384 BC–322 BC) نے اپنے اپنے فہم اور اپنے اپنے رنگ میں ''نیکی کی ماہیت'' کے متعلق نظریات قائم کیے لیکن یہ دونوں عظیم مفکر کسی ایک نتیجہ پر نہ پہنچ سکے۔ نیکی کی ماہیت کے متعلق دونوں کے نتائج ایک دوسرے سے مختلف تھے۔ صدیوں پر صدیاں گزرتی گئیں۔ ہر دور کے ذہین اور باصلاحیت انسان ''نیکی کی ماہیت'' کا یہ عقدہ حل کرنے کیلئے اپنے طور پر طبع آزمائی کرتے رہے لیکن وہ اِس میں کامیاب نہ ہو سکے۔ میرے خیال میں ہر ''سخن وقتے و ہر نکتہ مقامے دارد'' کے مطابق اِس راز کا اِنکشاف شاید حضرت مہدی و مسیح موعودؑ کے موعود زکی غلام پر اُسکی سچائی ظاہر کرنے کیلئے بطور ایک نشان کے ہونا تھا۔ ایک مایہ ناز اور فائق (preeminent) برطانوی مفکر ڈبلیو ٹی سٹیس (Walter Terence Stace) جو بیس (۲۰) سال پرنسٹن یونیورسٹی (Princeton University) میں فلاسفی کے پروفیسر رہے اور اِسی دوران وہ امریکن فیلوسوفیکل ایسوسی ایشن (American Philosophical Association) کے صدر بھی رہ چکے ہیں اِس سلسلہ بیان میں لکھتے ہیں:۔

"But as, for Socrates, the sole condition of virtue is knowledge, and as knowledge is just what can be imparted by teaching, it followed that virtue must be teachable. The only difficulty is to find the teacher, to find someone who knows the concept of virtue. What the concept of virtue is that is, thought Socrates, the precious piece of knowledge, which no philosopher has ever discovered and which, if it were only discovered, could at once be imparted by teaching, where upon men would at once become virtuous." (A critical history of Greek philosophy by W.T. Stace p.149)

(ترجمہ۔ لیکن جیسا کہ سقراط کیلئے نیکی کی تنہا شرط اِس کا علم ہونا ہے اور جیسا کہ علم قطعی ہے جس کو بذریعہ تعلیم سکھایا جا سکتا ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ نیکی بھی قابل تَعَلُّم ہونی چاہیے۔ مشکل صرف یہ ہے کہ کسی معلم کو ڈھونڈا جائے جو نیکی کے تصور کو جانتا ہو۔ نیکی کا وہ تصور جسے سقراط نے سوچا اور جو علم کا انمول جز ہے جس کو کسی مفکر نے آج تک دریافت نہیں کیا اور اگر کبھی وہ دریافت ہو گیا تو فوراً اُسے پڑھایا جائے گا اور اِس طرح انسان فوراً نیک ہو جائیں گے۔)

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! خاکسار نے اِسی ''نیکی'' کی ماہیت کو جاننے کیلئے جسے سقراط نے ''علم'' کہا تھا اللہ تعالیٰ سے اِلتجا کی تھی اور میں نے اپنی اِلتجا کو آنحضرت ﷺ اور حضرت مہدی و مسیح موعودؑ کی اِلہامی دعاؤں میں لپیٹ کر بارگاہِ ایزدی کے حضور پیش کیا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اِس عاجز کی اِلتجا کو قبول فرماتے ہوئے سقراطی علمی نظریہ ''نیکی علم ہے'' کی حقیقت مجھ پر کھول دی۔ پھر اِسی دن شام کو اللہ تعالیٰ نے اپنا کامل علم اور اپنا کامل عرفان مجھ پر علمی رنگ میں ایک نظریہ (Virtue is God) کی شکل میں اِلہام فرمایا۔ یہ صرف ایک عام نظریہ نہیں ہے بلکہ ایک ''اعلیٰ اِنتہائی ہمہ گیر نظریہ'' (supreme ultimate universal theory) ہے اور اگر اِسے اُم النظریات (mother of theories) کہا جائے تو بھی درست ہے۔ میرے اِن الفاظ پر غور کرنا کہ میں کیا کہہ رہا ہوں۔؟ میں خلیفہ ثانی کی طرح افرادِ جماعت کے آگے باون یا اٹھاون خصوصیات کا

نا ٹک نہیں رچا رہا بلکہ اپنی سچائی کے حق میں خالصتاً ایک علمی دلیل پیش کر رہا ہوں۔آپ ایک انگریزی ملک میں رہ رہے ہیں اور یہ علمی نظریہ بھی انگریزی زبان میں لکھا گیا ہے۔ آپ اُٹھیں اور اِس علمی نظریہ کو جھٹلا کر اپنے نام نہاد خلیفے سے انعام پائیں۔یہ اِلٰہی نظریہ(Divine theory) ۲۰۔فروری ۱۸۸۶ء کی اِلہامی پیشگوئی مصلح موعود کی مرکزی علامات سے منضبط ہے اور یہی اِلٰہی نظریہ زکی غلام (مصلح موعود) کی سچائی کا علمی ثبوت ہے۔اگر میری سچائی کے اتنے بڑے علمی ثبوت پر بھی افرادِ جماعت نے آنکھیں بند کر لیں تو پھر انتظار کریں اور دیکھیں کہ اللہ تعالیٰ آگے کیا ظاہر فرماتا ہے۔؟

اسلام میں دینی جھگڑے کے فیصلے کا طریق

ہر مذہب میں وقت گزرنے کیساتھ ساتھ اختلافات بھی پیدا ہو جاتے ہیں اور یہ اختلاف کوئی بری بات نہیں کیونکہ آنحضورﷺ نے فرمایا ہے کہ میری اُمت میں اختلاف باعث رحمت ہوگا۔حضرت مہدی و مسیح موعودؑ کی بعثت سے پہلے بھی اُمت میں بہت سارے اختلافات تھے لیکن آپ کی بعثت کے بعد اُمت میں اور سنگین اختلافات پیدا ہو گئے۔مثلاً۔ حیاتِ مسیح۔ختم نبوت اور وحی اِلٰہی کا انقطاع۔وغیرہ۔آپؑ نے اُمت کو یہ تلقین فرمائی کہ کسی بھی دینی تنازعہ کا فیصلہ ہمیں اللہ تعالیٰ اور اُسکے رسول مقبولﷺ کے حکم کی روشنی میں کرنا چاہیے۔یعنی آپؑ نے کسی دینی جھگڑے کے فیصلہ کرنے کیلئے اللہ تعالیٰ اور رسول مقبولﷺ کے ارشاد اور حکم کو ہی معیار بتایا ہے۔بعض لوگ مسلمان تو کہلاتے ہیں لیکن کسی دینی جھگڑے کے فیصلے کیلئے اللہ تعالیٰ اور رسول مقبولﷺ کے حکم کو پس پشت ڈالتے ہوئے اپنے خود ساختہ معیار بنا کر بیٹھ جاتے ہیں۔مثلاً ایک صدی قبل حضرت مہدی و مسیح موعودؑ قرآن کی روشنی میں دینی جھگڑوں کا فیصلہ کرنا چاہتے تھے لیکن اُمت نے قرآن کو چھوڑ کر اُمت کے اجماع کو معیار بنا لیا۔اِس طرح آج خاکسار بھی جماعت کو پیشگوئی مصلح موعود کے سلسلے میں قرآن مجید کی طرف بلاتا ہے لیکن جماعت قرآن کو چھوڑ کر جماعتی خلیفوں، جماعتی اجماع اور جماعتی نظام کو معیار بنا کر بیٹھی ہے۔مزید یہ کہ جب مسلمانوں سے جھگڑا ہو تو جماعت احمدیہ اُنہیں قرآن مجید کی طرف بلاتی ہے اور جب جماعت کے اندر اختلاف پیدا ہو تو پھر قابض گروپ کے نزدیک قرآن مجید اور آنحضرتﷺ کی کوئی حیثیت نہیں بلکہ اُنکی ذاتی پسند اور ناپسند معیار ہوگا۔کیا یہ منافقت اور دوہرا معیار نہیں ہے۔؟ دانشمندی یہی ہے کہ ہمیں ہر حال میں ہر دینی جھگڑے کا فیصلہ کرنے کیلئے قرآن مجید سے ہی راہنمائی لینی چاہیے۔یہی تقویٰ کا تقاضا ہے اور اِسی میں ہماری فلاح اور اللہ تعالیٰ کی رضا پوشیدہ ہے۔اِرشادِ باری تعالیٰ ہے:۔

”فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِیْ شَیْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَی اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا۔“(النساء:۶۰) اے مسلمانو! اگر کسی بات میں تم میں باہم نزاع واقعہ ہو تو اِس اَمر کو فیصلہ کیلئے اللہ اور رسول کے حوالہ کرو اگر تم اللہ اور آخری دن پر ایمان لاتے ہو تو یہی کرو کہ یہی بہتر اور اَحسن تاویل ہے۔

لطف الرحمٰن محمود صاحب! اللہ تعالیٰ نے آیت موصوفہ بالا میں مسلمانوں کو نصیحت فرمائی ہے کہ اگر تم میں کوئی دینی اختلاف پیدا ہو جائے تو اِسکے فیصلہ کیلئے تم اللہ اور اُسکے رسول کی طرف رجوع کرو۔اب مخالفین تو ہم کو غیر مُسلم قرار دے رہے ہیں لیکن ہم صمیم قلب سے یقین رکھتے ہیں کہ ہم بفضل اللہ تعالیٰ سچے اور حقیقی مسلمان ہیں اور اُس عظیم الشان قرآن کے پیروکار ہیں جو حضرت محمد مصطفیٰﷺ کے صافی قلب پر نازل ہوا تھا۔ایک صدی قبل حضرت مہدی و مسیح موعودؑ نے حیاتِ مسیح ابن مریم کے جھگڑے کا فیصلہ کرنے کیلئے متذکرہ بالا آیت کا حوالہ دے کر مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ اور اُسکے رسولﷺ کے فیصلے کی طرف بلایا تھا۔آج خاکسار بھی اِسی اِرشادِ ربانی کے مطابق پیشگوئی مصلح موعود کے اختلاف کو رفع کرنے کیلئے آپ کو اور جماعت احمدیہ کو اللہ تعالیٰ اور اُسکے رسولﷺ کے فیصلے کی طرف بلاتا ہے۔خاکسار تو الحمدللہ مسلمان ہے اور آیت موصوفہ بالا کی روشنی میں ہر اختلاف کا فیصلہ کرنے کیلئے ہر وقت ہر شخص سے بات کرنے کیلئے تیار ہے۔۲۰۔فروری ۱۸۸۶ء کی اِلہامی پیشگوئی (مصلح موعود) کے مصداق ہونے کے مدعی کے سلسلہ میں دو باتیں دیکھنا ضروری ہیں۔

(اولاً) کیا مدعی متعلقہ اِلہامی پیشگوئی کے دائرہ بشارت میں آتا ہے۔؟

(ثانیاً) اگر کوئی مدعی متعلقہ پیشگوئی کے دائرہ بشارت میں آتا ہے تو پھر اُسکے دعویٰ پر غور کیا جائے کہ آیا اُس کا دعویٰ سچا ہے یا کہ جھوٹا۔؟

اگر کوئی ایسا مدعی ہو کہ وہ کسی اِلہامی پیشگوئی کے دائرہ بشارت ہی میں نہ آتا ہو تو پھر اُس کا دعویٰ قطعی طور پر جھوٹا ہوگا۔ایسے مدعی کے دعویٰ پر غور و فکر کرنا حماقت اور وقت کا ضیاع ہے۔ لیکن خاکسار خلیفہ ثانی کے متعلق عرض کرتا ہے کہ اگر اُن کا دعویٰ مصلح موعود قرآن مجید اور زکی غلام سے متعلقہ مبشر اِلہامات کی روشنی میں پیشگوئی مصلح موعود کے دائرہ بشارت میں ثابت ہو جائے تو میں اور میرے دیگر اصحاب آپ سے یا جماعت احمدیہ سے خلیفہ ثانی کے دعویٰ مصلح موعود کے سچا ہونے کا ثبوت نہیں مانگیں گے۔لطف الرحمٰن محمود صاحب! اگر آپ مسلمان ہیں اور قرآن مجید کی حقانیت پر صدقِ دِل سے ایمان رکھتے ہیں تو آپ قرآن مجید کی روشنی میں پیشگوئی مصلح موعود کے تنازعے کا فیصلہ کرنے کیلئے کیا میرے یا میرے کسی ساتھی سے بات کرنے کیلئے تیار ہیں۔؟ اگر تو آپ اِس کیلئے تیار ہیں تو اِنشاءاللہ تعالیٰ پیشگوئی مصلح موعود کا تنازعہ بڑی خوش اسلوبی سے حل ہو جائے گا۔لیکن اگر آپ تیار نہ

ہوئے تو پھر کیا میں اور میرے ساتھی یہ سمجھنے میں حق بجانب نہیں ہونگے کہ آپ اور دیگر محمودی حضرات صرف زبان سے قرآن مجید اور آنحضرتﷺ کا نام صرف مسلمانوں کو دھوکہ دینے کیلئے لیتے ہو جبکہ عملاً آپ کا ایمان نہ قرآن مجید پر ہے اور نہ آنحضرتﷺ پر اور نہ ہی حضرت مہدی و مسیح موعودؑ۔

اِنتہائی اہم اور فیصلہ کن (determinant) عنصر

جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! خاکسار نے آپکے مضمون کا مفصل جواب دے کر آپکے مضمون اور آپکے پیش کردہ determinants یعنی فیصلہ کن اور حد بندی کرنیوالے عناصر کی حقیقت خوب کھول دی ہے۔ خاکسار آپکے کیلئے بھی اور دیگر قارئین کی اطلاع کیلئے بھی عرض کرتا ہے کہ خلیفہ ثانی یا کسی بھی مدعی زکی غلام مسیح الزماں (مصلح موعود) کے دعویٰ کی فیصلہ کن اور حد بندی کرنے والا یا تو قرآن مجید ہے اور یا پھر وہ اِلہامات ہیں جن میں زکی غلام کی بشارات دی گئی تھیں۔ بطور خاص وہ الہامات جو صاحبزادہ مبارک احمد کی وفات کے بعد نازل ہوئے ہیں اور جن میں زکی غلام کو اُس کا مثیل قرار دیا ہے۔ جناب لطف الرحمٰن محمود صاحب! میرا آپ سے اور تمام علمائے جماعت اور افرادِ جماعت سے یہ سوال ہے کہ اگر یہ اِلہامات زکی غلام (مصلح موعود) کی سچائی کے اصلی اور حقیقی determinants نہیں ہیں تو اور کیا ہیں۔؟ ۲۰۔فروری ۱۸۸۶ء کی اِلہامی پیشگوئی کے نزول کے بعد اِن الہامات کے نازل کرنے میں اللہ تعالیٰ کی اور غرض وغایت کیا تھی۔؟ خاکسار آپ سے بھی اور دیگر قارئین سے بھی عرض کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اِن اِلہامات میں حضورؑ اور اُس کی جماعت کو یہ پیغام دیا تھا کہ زکی غلام مثیل مبارک ہوتے ہوئے آخری مبشر اِلہام یعنی ۶۔۷۔نومبر ۱۹۰۷ء کے بعد پیدا ہوگا۔ لطف الرحمٰن محمود صاحب! اللہ تعالیٰ جانتا تھا کہ میرے پیارے مہدی و مسیح موعود کے زکی غلام کو اپنا لڑکا سمجھنے کی اِجتہادی غلطی کی بنا پر اُس کے لڑکے بشیر الدین محمود احمد نے کیا گل کھلانے ہیں۔؟ بشیر الدین محمود احمد کے پیدا کردہ فساد اور جھوٹ کا قلع قمع کرنے کے واسطے اللہ تعالیٰ نے یہ اِلہامات نازل فرمائے تھے۔ آخر میں لطف الرحمٰن محمود صاحب! خاکسار آپ سے درخواست کرتا ہے کہ ایک جھوٹے مصلح موعود کو سچا ثابت کرنے کی کوششیں کر کے آپ نظام جماعت کے اعلیٰ عہدیداروں اور اِنکے نام نہاد خلفاء کی خوشنودی حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ یاد رکھیں کہ خلیفہ ثانی کا مصلح موعود ہونے کا جھوٹا دعویٰ کرنا اور پھر اِس جھوٹے دعویٰ کو یوم مصلح موعود منا منا کر افرادِ جماعت کے دل ودماغ اور اُنکی عادت میں داخل کرنا حضرت مہدی و مسیح موعود کی قائم کردہ جماعت کے خلاف ایک بڑی گھناؤنی سازش ہے۔ اِس جھوٹے دعویٰ کو افرادِ جماعت سے منوانے اور قائم رکھنے کیلئے ایک نظام کیساتھ اُن پر جبر کرنا ایک مزید ظلم تھا۔ آج جماعت احمدیہ کی جو کسمپرسی کی حالت ہے اِسکے ذمہ دار ہمارے خدا کے بنائے ہوئے یہ عجیب خلیفے ہیں جنہوں نے اپنی سیاسی مہم جوئیوں کی بدولت ہمیں اِس مقام پر لا کھڑا کیا ہے کہ اب ہمیں کوئی پوچھنے والا نہیں۔ ہمارے خلیفوں کی اولادیں ایجنٹوں (agents) کے چکر میں جیلوں میں بیٹھی ہوئی ہیں۔ کیا یہ ہماری اسلام کی خدمت ہے یا کہ دنیوی حرص وہوا کی انتہا ہے۔؟ ہمارے قول وفعل میں اتنا تضاد ہے اور ہماری دنیا داری کا یہ حال ہے کہ اب دنیا ہمیں روحانی یا مذہبی جماعت ماننے کیلئے تیار ہی نہیں اور ہم پر کوئی اعتبار نہیں کرتا۔ ہماری بے بسی کا یہ حال ہے کہ ہمارے اپنے ملک کی زمین ہم پر تنگ ہوگئی اور دنیا کی کوئی قوم ہمیں منہ لگانے کیلئے تیار نہیں لیکن اِسکے باوجود ہمارا کمال یہ ہے کہ ایک ایسے وجود کو جسے ہمارے جماعتی حلقہ (circle) سے باہر کوئی نہیں جانتا ہم قوموں کو اُس سے برکت دِلوا کر اور زمین کے کناروں تک اُسے شہرت دِلوا کر بیٹھے ہوئے ہیں۔ زکی غلام مسیح الزماں کے ظاہر ہونے سے پہلے افرادِ جماعت معذور تھے کیونکہ اُنہیں حقیقت حال کا پتہ نہیں تھا۔ اب جب حضرت مہدی و مسیح موعودؑ کے موعود زکی غلام نے آپؑ ہی کی طرح اللہ تعالیٰ سے علم پا کر افرادِ جماعت پر پیشگوئی مصلح موعود کی حقیقت ظاہر فرما دی ہے تو اب افرادِ جماعت کو سچائی قبول کرنے میں کوئی عذر نہیں ہونا چاہیے۔ پیشگوئی مصلح موعود کی یہی حقیقت ہے۔ لہٰذا لطف الرحمٰن صاحب! آپ اِس حقیقت کو قبول فرما کر بندوں کی بجائے اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کریں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اِس کی ہمت حوصلہ اور سمجھ عطا فرمائے آمین۔ خاکسار آپ کے جواب کا منتظر رہے گا ۔

باغ میں ملت کے ہے کوئی گلِ رعنا کھلا ۔ آئی ہے باد صبا گلزار سے مستانہ وار

آرہی ہے اب تو خوشبو میرے یوسف کی مجھے ۔ گو کہو دیوانہ میں کرتا ہوں اِسکا انتظار

وَاٰخِرُ دَعْوٰنَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

خاکسار

عبدالغفار جنبہ

مورخہ ۲۲۔جون ۲۰۰۹ء

☆☆☆☆☆